★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 4 محرم الحرام 1445ھ 11 جولائی 2024ء 28 ہاڑ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 273



فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

مریم نواز کا مزدوروں کو ایک ہزار 224 فلیٹس بلا معاوضہ دینے کا اعلان

وزیراعلیٰ پنجاب نے لیبر کے لئے 6 ارب روپے کی واجب الادا ڈیتھ اور میرج گرانٹ بھی ادا کرنے کا حکم دے دیا، گارمنٹ سٹی میں خواتین ورکرز کے لئے دو ہاٹل بنانے کی بھی منظوری

حکومت نے رواں بجٹ میں کم از کم اجرت 37 ہزار روپے مقرر کی ہے، سٹیک ہولڈرز کو فوری طور پر اعتماد میں لے کر کم از کم اجرت نافذ کی جائے، ہر ورکر کو پوری اجرت نہ ملنا تکلیف دہ امر ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ٹیکسلا اور سندر لیبر کالونیوں میں مزدوروں کو ایک ہزار 224 فلیٹس بلا قیمت دینے کا اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم فیصلے کیے گئے، اجلاس میں لیبر ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا جبکہ حکام نے وزیراعلیٰ کو محکمے کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی بریفنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لیپ ٹاپ سکیم، پہلے مرحلے میں 40 ہزار لیپ ٹاپ دیئے جائینگے

پنجاب حکومت لیپ ٹاپ کی تقسیم پر 10 ارب روپے خرچ کرے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی لیپ ٹاپ سکیم کے تحت طلبا و طالبات کو پہلے مرحلے میں 40 ہزار لیپ ٹاپ دیئے جائیں گے۔ پنجاب حکومت لیپ ٹاپ کی تقسیم پر 10 ارب روپے خرچ کرے گی۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن نے لیپ ٹاپ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

وزیراعلیٰ مریم نواز (آج) طلباء وطالبات کو بائیکس کی چابیاں دیں گی

20 ہزار پیٹرول بائیکس جبکہ 8 ہزار سے زائد ای بائیکس طلبا و طالبات کو دی جائیں گی

لاہور (این این آئی) محکمہ ٹرانسپورٹ نے طلبا و طالبات کو ای بائیکس اور پیٹرول بائیکس آسان اقساط پر دینے کی ورکنگ مکمل کر لی، طلبا و طالبات کو آج (جمعرات) کے روز ای بائیکس اور پیٹرول بائیکس کی چابیاں دی جائیں گی۔ نجی ٹی وی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

ٹی ٹی پی) کے ٹھکانوں پر فضائی حملہ کرنا پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے، پنٹاگون

اس کا تعلق پاکستان کے خودمختار فیصلوں سے ہے کہ وہ اپنی سرحدوں کی حفاظت کیسے کرتے ہیں، پریس سیکرٹری

واشنگٹن (این این آئی) امریکی دفاعی ادارے پینٹاگون نے کہا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے ٹھکانوں پر فضائی حملہ کرنا پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے۔ پریس بریفنگ کے دوران پاکستان کی جانب سے کالعدم ٹی ٹی پی پر حملے جاری رکھنے کے حوالے سے سوال کا جواب دیتے ہوئے پریس سیکریٹری پینٹاگون میجر جنرل پیٹ رائیڈر نے کہا کہ میں پاکستان کے اندرونی فیصلوں میں نہیں پڑوں گا، جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ جب دہشت گردی کی بات آتی ہے تو پورے خطے میں تشویش پائی جاتی ہے لیکن اس کا تعلق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

کڑوے فیصلے کرنے پڑیں گے، آئی ایم ایف کا ہدف باتوں سے پورا نہیں ہوگا، وزارتوں کو اپنی کارکردگی بہتر بنانا ہوگی، شہباز شریف

دہشتگردی کے خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے، وزیراعظم

پاک فوج کے جوانوں نے جرات و بہادری کی مثال قائم کرتے ہوئے وطن عزیز کو دہشتگردی کے عفریت سے پاک کرنے کیلئے جام شہادت نوش کیا، مجھ سمیت پوری قوم ان شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، شہباز شریف

معاشی اہداف کی بہتری کیلئے خود احتسابی کی ضرورت ہے ملک بھر میں اداروں اور صوبوں کو آپس میں رابطہ میں رہنا چاہیے میرا تاجکستان اور قازقستان کا دورہ بہت کامیاب رہا، روس کے صدر پیوٹن سے ملاقات بہت مفید رہی، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے سپاہی اسد اللہ، سپاہی محمد صفیان اور این سی بی زین علی کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا، انہوں نے شہداء کی مغفرت اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے جرات و بہادری کی مثال قائم کرتے ہوئے وطن عزیز کو دہشتگردی کے عفریت سے پاک کرنے کیلئے جام شہادت نوش کیا، مجھ سمیت پوری قوم ان شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ملک کو دہشتگردی کے عفریت سے پاک کرنے کیلئے پوری قوم متحد ہو کر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشتگردی کے ملک سے خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کڑوے فیصلے کرنے پڑیں گے، آئی ایم ایف کا ہدف باتوں سے پورا نہیں ہوگا، وزارتوں کو اپنی کارکردگی بہتر بنانا ہوگی۔ اسلام آباد میں وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام کی مناسبت سے سکیورٹی کے سخت انتظامات ہونے چاہئیں، محرم الحرام میں صوبوں کو جو مدد درکار ہوگی فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی اہداف کی بہتری کیلئے خود احتسابی کی ضرورت ہے ملک بھر میں اداروں اور صوبوں کو آپس میں رابطہ میں رہنا چاہیے۔ وزیراعظم نے کابینہ کو بتایا کہ میرا تاجکستان اور قازقستان کا دورہ بہت کامیاب رہا، روس کے صدر پیوٹن سے ملاقات بہت مفید رہی اور تجارت سمیت دیگر شعبوں پر بات ہوئی، دورہ چین میں کاروباری و دیگر معاملات پر گفتگو ہوئی، مسائل کو حل کر کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

بجلی کے ترسیلی نظام کو بہتر بنانا اور چوری پر قابو پانا ہے، وزیراعظم

ملک بھر میں تیل سے چلنے والے 10 لاکھ ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کریں گے

ملک بھر کے ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی سے خطیر رقم کی بچت ممکن ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمیں بجلی کی ترسیلی لائنز کو بہتر بنانا اور بجلی چوری پر قابو پانا ہے، ملک بھر میں تیل سے چلنے والے 10 لاکھ ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کریں گے، ملک بھر کے ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی سے خطیر رقم کی بچت ممکن ہوگی۔ کابینہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

جسٹس طارق محمود جہانگیری کے ہائیکورٹ آفس کو مشکوک کال اور پیغامات موصول

مشکوک کال کرنے والے نے خود کو بطور ڈی جی ایف آئی اے متعارف کرایا

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس طارق محمود جہانگیری کے ہائیکورٹ آفس کو مشکوک کال اور پیغامات موصول ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ عدالتی ذرائع کے مطابق مشکوک کال کرنے والے نے خود کو بطور ڈی جی ایف آئی اے متعارف کرایا، تاہم تحقیقات کے بعد پتہ چلا ڈی جی ایف آئی اے نے کوئی کال نہیں کی۔ مشکوک کال کرنے والا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پشاور، سیکیورٹی فورسز کا دہشت گردوں کیخلاف آپریشن، 3 دہشت گرد ہلاک، 4 اہلکار شہید

صبح سے جاری آپریشن مکمل ہونے کے بعد علاقہ میں سرچ آپریشن جاری ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں دہشت گردوں کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے آپریشن میں کالعدم تحریک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے قومی اسمبلی کے سیشن کے دوران پارلیمنٹیرینز ملاقات کر رہے ہیں

نیلم ویلی شاہراہ دیولیاں کے مقام پر جیپ حادثے کا شکار، 13 افراد جان بحق، پانچ زخمی

مسافر جیپ وادی نیلم میں لوات بالا سے مظفر آباد جا رہی تھی کہ شاہراہ نیلم پر دریائے نیلم میں جا گری، جاں بحق ہونے والوں میں 6 مرد، 4 خواتین اور 3 بچے شامل، دس جاں بحق افراد کی لسٹ جاری کر دی گئی

صدر پاکستان و وزیراعظم پاکستان، سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ، وزیراعلی پنجاب، وزیر داخلہ، صدر ریاست اور وزیراعظم آزاد کشمیر کا جیپ کے حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

مظفر آباد (این این آئی) نیلم ویلی شاہراہ دیولیاں کے مقام پر وادی نیلم کے علاقے لوات بالا سے مظفر آباد جانے والی مسافر جیپ نمبر این ڈبلیو ایف پی-9667 گہری کھائی میں جا گری جس کے نتیجے میں 13 افراد جاں بحق اور پانچ زخمی ہو گئے۔ صدر پاکستان و وزیراعظم پاکستان، سپیکر قومی اسمبلی، چیئرمین سینیٹ، وزیراعلی پنجاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف قومی اسمبلی میں خطاب کر رہے ہیں

پاکستان بچانا ہے تو شفاف الیکشن کی طرف جانا ہوگا، عمران خان

موجودہ حکومت نے پاکستان کی امید ختم کر دی ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے کہا ہے کہ ملک میں اسٹیبلشمنٹ کی حکومت ہے، شہباز شریف کو صرف فیتے کاٹنے کے لیے رکھا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

پیزا کے ساتھ منشیات کی سپلائی کرنے والا گروہ پکڑا گیا ہے، شرجیل میمن

منشیات کے حوالے سے معاشرہ خطرناک صورتحال سے دوچار ہے

کراچی (این این آئی) پیزا ڈیلیوری کے ذریعے منشیات سپلائی کرنے کا انکشاف سامنے آیا، سندھ کے وزیر شرجیل میمن نے بتایا کہ منشیات کی سپلائی کرنے والا گروہ کو پکڑ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

وزیراعلی سندھ کا کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس



چاہتا ہوں کہ حب کینال کی بحالی پر کام تیز ہونا چاہیئے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ کے زیر صدارت شہر کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سی ای او واٹر بورڈ نے وزیراعلی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

اینکر پرسن عائشہ جہانزیب پر تشدد کے الزام میں شوہر گرفتار

جوڈیشل مجسٹریٹ نے ملزم حارث کا دو دن کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا

لاہور (این این آئی) اینکر پرسن عائشہ جہانزیب پر تشدد کے الزام میں شوہر کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے کینٹ کچہری لاہور میں عائشہ جہانزیب کے شوہر کو عدالت کے باقی

صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

کابینہ نے افغان مہاجرین کے پی او آر کارڈز مدت میں ایک سال تک توسیع کر دی

پشاور میں فیڈرل لاج نمبر II کی عمارت کو دفتری استعمال کے لیے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو منتقل کرنے کی منظوری

مختلف شہروں میں اپیلیٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو کے بینچوں سے 7 اکاؤنٹنٹ ممبران کو واپس ایف بی آر بھیجنے کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے ملک میں قانونی طور پر رہائش پذیر 1.45 ملین افغان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، سینئر وزیر مریم اورنگزیب ملٹی سیکٹورل پالیسی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی چینی شہریوں کی سیکیورٹی سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

متوسط طبقے کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دیا جائے، نواز شریف

مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار کی ملاقات، ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسحاق ڈار کو ہدایت کی کہ مہنگائی پر قابو پا کر عوام کو ریلیف دیا جائے، اسحاق ڈار نے اپنے حالیہ غیر ملکی دوروں میں ہونے والی پیش رفت پر بریفنگ دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے ڈپٹی وزیراعظم اسحاق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

اسلام آباد، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کی سٹینڈرڈ اینڈ پورز گلوبل ریٹنگ ایجنسی کے وفد سے گفتگو کر رہے ہیں

حساس ادارے کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا اختیار لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

درخواست میں وزیراعظم، وفاقی حکومت اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا

لاہور (این این آئی) حکومت جانب سے حساس ادارے کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا اختیار لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور کے شہری فہد شبیر نے ایڈووکیٹ ندیم سرور کی وساطت سے درخواست دائر کر دی، درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کا اجلاس، سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری کے ترمیمی بل پر غور

ان ترامیم سے پہلے ان اداروں کے میٹرکس دیکھنا ضروری تھے، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کے اجلاس میں سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری کے ترمیمی بل پر غور کیا گیا۔ سید نوید قمر کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کے اجلاس میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر قانون اعظم نذیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

15 پاکستانیوں سمیت نومنتخب برطانوی پارلیمنٹ نے حلف اٹھالیا

فیصل خان، عمران حسین، راجہ یاسین اور ناز شاہ بھی حلف اٹھانے والوں میں شامل

لندن (این این آئی) نومنتخب برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر اور دارالعوام کے 650 نئے ارکان نے حلف اٹھالیا۔ حلف اٹھانے والے نومنتخب ارکان میں 15 پاکستانی نژاد برطانوی بھی شامل ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نومنتخب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

لاہور ہائیکورٹ کا صنم جاوید کو گوجرانوالہ مقدمہ میں ڈسچارج کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما صنم جاوید کو گوجرانوالہ کے مقدمے سے ڈسچارج کر دیا۔ جسٹس اسجد جاوید گھرال کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے صنم جاوید کی گوجرانوالہ مقدمے میں جسمانی ریمانڈ کے خلاف اپیل پر سماعت کی، صنم جاوید کی جانب سے میاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

سابق گورنر سندھ عشرت العباد سیاست میں ایک بار پھر متحرک ہونے کیلئے تیار

بہت سے دوست سیاستدانوں سے ملاقاتیں ہو چکی ہیں، جلد اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، خطاب

منڈی بہاؤالدین (این این آئی) سابق گورنر سندھ عشرت العباد نے ملک کی حالیہ صورتحال دیکھتے ہوئے سیاست میں ایک بار پھر متحرک ہونے کیلئے تیار ہیں۔ منڈی بہاء الدین میں تقریب سے وڈیولنک پر خطاب کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

وزیر داخلہ کا اسلام آباد کے اتوار بازار میں آتشزدگی کے واقعہ کا نوٹس، تحقیقات کا حکم دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کے اتوار بازار میں آتشزدگی کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے آتشزدگی کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیدیا۔ ترجمان وزارت داخلہ کی جانب سے جاری بیان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

وزیر داخلہ محسن نقوی کا چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا سے رابطہ

فیلڈ میں رہنے اور جلد نکاسی آب کے لئے ہدایات دیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں طوفانی بارش کے باعث چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کو نشیبی علاقوں سے جلد نکاسی اب کو یقینی بنانے کیلئے ہدایات دیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے چیئرمین سی ڈی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

گندم برآمد کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، وزیراعظم

اپوزیشن اراکین کا ایوان میں شور شرابہ، سنی اتحاد کونسل کے اراکین کی وزیراعظم کے خلاف نعرے بازی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ گندم کی ایکسپورٹ کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم شہباز شریف نے بھی شرکت کی، ان کی ایوان میں آمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

اوور بلنگ کے معاملے پر رپورٹ وزیراعظم آفس کو ارسال، حکام وزارت توانائی ذمہ دار قرار

اسلام آباد (این این آئی) 200 یونٹس سے زائد پر اوور بلنگ کے معاملے سے متعلق انکوائری رپورٹ وزیراعظم آفس کو ارسال کر دی گئی جس میں وزارت توانائی کے حکام کو ذمہ دار قرار دیا گیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

الیکشن کمیشن نے 29 ستمبر کو اسلام آباد بلدیاتی الیکشن کرانے کی یقین دہانی کرادی

مخصوص نشستوں سے متعلق معاملات کلیئر نہیں، اگلے دو ہفتوں میں نوٹیفکیشن جاری کر دیا جائے گا، ہائیکورٹ میں موقف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، الیکشن کمیشن کی جانب سے 29 ستمبر کو اسلام آباد بلدیاتی الیکشن کرانے کی یقین دہانی کرا دی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں اسلام آباد میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

الیکشن دھاندلی کیس، درخواست ناقابل سماعت قرار دی جائے، طارق فضل کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے حلقے این اے 47 میں مبینہ دھاندلی کیخلاف الیکشن ٹریبونل میں اپیل پر سماعت کے دوران لیگی امیدوار طارق فضل چوہدری نے درخواست ناقابل سماعت قرار دینے کی استدعا کر دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے الیکشن ٹریبونل میں این اے 47 میں مبینہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

اسلام آباد، ایچ نائن کے ستے بازار میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا

ریسکیو آپریشن کے دوران فائر بریگیڈ کی 31 گاڑیوں کے علاوہ سی ڈی اے اور 1122 کے اہلکاروں نے حصہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے ایچ نائن کے ستے بازار میں لگنے والی ہولناک آگ پر قابو پالیا گیا، ریسکیو آپریشن کے دوران فائر بریگیڈ کی 31 گاڑیوں کے علاوہ سی ڈی اے اور 1122 کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔ تفصیلات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

سینیٹ کمیٹی نے ارشد شریف قتل کیس سے متعلق تحقیقاتی رپورٹ طلب کر لی

ایکس پر پابندی نگران حکومت کے دور میں لگائی گئی، وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات نے سینئر صحافی ارشد شریف کے قتل کیس سے متعلق تحقیقات کی رپورٹ طلب کر لی۔ سینیٹر علی ظفر کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کا اجلاس ہوا،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

سپیکر و ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کا تین جوانوں کی شہادت پر اظہار تعزیت

وطن کے دفاع کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں سیکورٹی فورسز کے تین جوانوں کی قیمتی جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

اپوزیشن نے اسمبلی کے باہر ٹینٹ لگا کر چیمبر قائم کرنے کی درخواست جمع کرادی

ٹینٹ چیمبر کیلئے بجلی کا کنکشن، فرنیچر لانے کی اجازت دی جائے، درخواست سنی اتحاد کونسل کے اراکین نے جمع کرائی

ہفتہ کے روز پنجاب اسمبلی کے باہر دوبارہ عوامی اسمبلی لگائیں گے، مہنگائی، بجلی کی قیمتوں کے خلاف احتجاج کیا جائے گا، احمد خان بھچر

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن نے چیمبر لاک ہونے کی وجہ سے اسمبلی کے باہر ٹینٹ لگا کر چیمبر قائم کرنے کی درخواست جمع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

لاہور، پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر احمد خان بھچر موجودہ سیاسی صورتحال کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

12 جولائی دھرنا ہوگا، عوامی مطالبات کی منظوری تک نہیں اٹھیں گے، حافظ نعیم الرحمن

ظالمانہ ٹیرف، سلیب سسٹم اور آئی پی پیز معاہدے ختم کیے جائیں، عوام کو سولر سسٹم نہیں ڈائریکٹ ریلیف دیا جائے

نالائق حکمرانوں کی ہوا اور سزا عوام بھگتیں، ایسا نہیں چلے گا، آئی ایم ایف سے کیے گئے خفیہ معاہدے قوم کے سامنے لائے جائیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ظالمانہ ٹیرف، سلیب سسٹم اور آئی پی پیز معاہدے ختم کیے جائیں، عوام کو سولر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن لیسکو آفس کے باہر احتجاج کیمپ کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

بچوں کے تحفظ کیلئے ورچوئل پولیس سٹیشن کے قیام کی تجویز

رکن پنجاب اسمبلی سارہ احمد کی جانب سے قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (این این آئی) چیئر پرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کی طرز پر بچوں کے تحفظ کیلئے ورچوئل پولیس سٹیشن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

رکن اسمبلی حافظ فرحت عباس کی مقدمات کی تفصیلات کیلئے دائر درخواست نمٹا دی گئی

ہائیکورٹ کی انکوائری میں شامل ہونے کی ہدایت، درخواست گزار کو ہراساں نہ کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے رکن پنجاب اسمبلی حافظ فرحت عباس کی اپنے خلاف اینٹی کرپشن کے مقدمات کی تفصیلات کے لئے دائر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

سپریم کورٹ، میڈیکل کالجز کی فیس سے متعلق درخواست ناقابل سماعت قرار

ریگولیٹر کے پاس جائیں، سپریم کورٹ کا میڈیکل کالجز کی فیس دیکھنے سے متعلق کیا کام؟ جسٹس منصور علی شاہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے میڈیکل کالجز کی فیس سے متعلق درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی۔ جسٹس منصور علی شاہ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

شہر میں سٹریٹ کرائم کی وارداتیں کنٹرول کرنا پولیس کے بس سے باہر ہوگیا

چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 443 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں سٹریٹ کرائم کی وارداتیں کنٹرول کرنا پولیس کے بس سے باہر ہوگیا، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 443 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 11 گھروں سے لاکھوں مالیت کا سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 22فراد سے لاکھوں روپے، موبائل فونز اور 3 شہریوں سے موٹرسائیکلیں اور نقدی چھین کر لے گئے جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 48 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ شہر کے مختلف علاقوں سے 58 موٹرسائیکلیں، 3 کاریں چوری، 5 دیگر وہیکل چوری ہو گئیں اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 293 وارداتیں رپورٹ ہوئیں اس کے علاوہ لاہور پولیس کی جانب سے ناجائز اسلحہ کے 30 منشیات کے 23 مقدمات درج کیے گئے۔

پارکنگ قوانین کی خلاف ورزی پر فیصل ٹاؤن اور علامہ اقبال ٹاؤن میں 22 املاک سربمہر

گجر پورہ میں 3 غیر قانونی تعمیرات مسمار، کروڑوں روپے مالیت کی اراضی واگزار کروالی

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر شہر میں پارکنگ قوانین کی خلاف ورزی پر کارروائیاں جاری ہیں۔ ٹیپا انفورسمنٹ ونگ نے گزشتہ روز فیصل ٹاؤن اور علامہ اقبال ٹاؤن میں کارروائی کر کے 22 املاک کو سربمہر کر دیا۔ فیصل ٹاؤن میں بلیوارڈ پر 12 املاک جبکہ علامہ اقبال ٹاؤن میں 10 املاک کو سربمہر کیا گیا۔ ان املاک میں نجی بینکس، ریستوران، ٹریڈر کمپنیاں، نجی دفاتر، گراسری شاپس، فارمیسی، فرنیچر شاپس، سیلون، کلینک اور دیگر املاک شامل ہیں۔ چیف انجینئر ٹیپا اقرار حسین کی نگرانی میں آپریشن ڈائریکٹر انفورسمنٹ ٹیپا تو جواد کامران نے کیا۔ غیر قانونی تعمیرات/ قبضہ مافیا کے خلاف جاری آپریشن میں ایل ڈی اے ٹیموں نے گجر پورہ میں آپریشن کر کے 3 املاک کو مسمار کر دیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے پلاٹ نمبر 2 سی ٹو، پلاٹ نمبر 127 سی ون اور پلاٹ نمبر 572 سی ون پر قائم املاک کو مسمار کر دیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے آپریشن کر کے کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی واگزار کروالی۔ آپریشن کی نگرانی ڈائریکٹر ہاؤسنگ کیپٹن فراز نے کی۔ آپریشن میں انفورسمنٹ ونگ اور پولیس نے حصہ لیا۔

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سالانہ ترقیاتی پروگرام کا جائزہ لینے کیلئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سالانہ ترقیاتی پروگرام، محکموں کو منصوبوں کے پی سی ون 31 جولائی تک بھجوانے کی ہدایت

محکمے ٹائم لائنز پر عمل کریں، ترقیاتی سکیموں میں فنڈز کے بروقت اور شفاف استعمال کو یقینی بنائیں، چیف سیکرٹری

14 اگست سے دستک پروگرام تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں شروع کر دیا جائے گا، دسمبر تک سروسز کی تعداد 150 ہو جائیگی، بریفنگ

لاہور (خبر نگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے محکموں کو ہدایت کی ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 کے منصوبوں کے پی سی ون 31 جولائی تک بھجوا دیے جائیں۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کی جس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام اور دستک پروگرام کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، تمام محکموں کے سیکرٹریز نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ تمام محکمے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے سلسلے میں ٹائم لائنز پر عمل کریں اور ترقیاتی سکیموں میں فنڈز کے بروقت اور شفاف استعمال کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مالیاتی نظم اور گورننس کو بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں، محکموں میں ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم کے نفاذ کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روایتی فائل سسٹم ختم ہونے سے اربوں روپے کی بچت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دستک پروگرام کا بنیادی مقصد آئی ٹی کے ذریعے لوگوں کو گھر کی دہلیز پر سروسز کی فراہمی ہے۔ چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے محکموں کو سالانہ ترقیاتی پروگرام پر عملدرآمد بارے ضروری ہدایات جاری کیں۔ چیئرمین پی آئی ٹی بی نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ دستک پروگرام کا دائرہ کار بتدریج بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست سے دستک پروگرام تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں شروع کر دیا جائے گا اور ابتدائی طور پر 65 سروسز فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دسمبر تک فراہم کی جانیوالی سروسز کی تعداد 150 ہو جائیگی۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین
1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

اسلام نظریاتی کونسل نے سوشل میڈیا کا منفی استعمال غیر شرعی قرار دیدیا

نکاح، طلاق اور عدت کے مسائل بارے فضول بحث و مباحثہ نہ کیا جائے: ڈاکٹر راغب نعیمی

لاہور (پ ر) نکاح، طلاق اور عدت کے مسائل قرآن و سنت سے ماخوذ شرعی حدود و قیود ہیں۔ ان امور کے بارے میں بے جا گفتگو اور تضحیک کسی صورت میں مناسب نہیں۔ سوشل میڈیا کا منفی استعمال غیر اخلاقی، غیر شرعی اور قانونی جرم ہے۔ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی، چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ قرآن و سنت نے نکاح طلاق اور عدت کے مسائل اور احکامات کو نہایت موثر انداز میں بیان کیا ہے۔ شریعت نے ان کی حدود و قیود کو واضح کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اس وقت جس طرح ان مسائل پر رائے زنی کی جا رہی ہے نہایت غیر مناسب اور غیر اخلاقی ہے۔ اگر کسی مرد و عورت کو نکاح طلاق اور عدت کے حوالہ سے مسئلہ ہو تو اسے علماء اور طبی ماہرین کی آراء کی روشنی میں دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ شرعی مسائل ہیں اور ان کے بارے بے جا بے سروپا اور فضول بحث و مباحثہ نہ کیا جائے۔ سوشل میڈیا کے استعمال میں تعصب، تضحیک، تنقید، نفرت انگیزی اور تشدد پسندانہ طرز سے احتیاط کی جائے جو کہ ملک کی سلامتی کے لئے یقیناً نقصان دہ ہے۔

ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ عمران کشور کی ایس پی نارتھ اور ڈی ایس پی NIU کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ عمران کشور کی ایس پی نارتھ فرقان بلال اور ڈی ایس پی NIU رانا اکرم کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس، ایس پی نارتھ فرقان بلال کی سربراہی میں منشیات سیل نارتھ کی ڈرگ سپلائرز کے خلاف پنجاب کی تاریخ کی سب سے بڑی کارروائی، منشیات سیل نارتھ کے انٹیلی جنس بیسڈ اور خفیہ آپریشن پر کینٹ، ڈیفنس، برکی، بیدیاں روڈ اور بحریہ ٹاؤن لاہور میں کام کرنے والا بدنام زمانہ عماد بٹ عرف سپیڈی گینگ گرفتار کر لیا گیا، منشیات سیل نے پیچیدہ منصوبہ بندی اور موثر حکمت عملی کے ذریعے بدنام زمانہ قمر مظفر (اٹالین نیشنیلیٹی ہولڈر)، محمد عرفان عرف بلا (سپینش نیشنیلیٹی ہولڈر) اور عماد بٹ عرف سپیڈی (UK نیشنیلیٹی ہولڈر) پر مشتمل گینگ کے نیٹ ورک کو بریک کیا، گرفتار ملزمان میں قمر مظفر (سرغنہ)، محمد عرفان عرف بلا، عماد بٹ عرف سپیڈی، رضوان حسین، ملک وقاص، فہیم رزاق عرف فیمی اور شامل، ملزمان دیگر غیر ممالک جس میں اٹلی، سپین، ہالینڈ اور بیلجیم سے مختلف قسم کی منشیات سمگل کرواتے تھے، ملزمان سے کروڑوں روپے مالیت کی مختلف قسم کی منشیات کی بڑی کھیپ پکڑی گئی، گرفتار ملزمان سے 04 کلو 500 گرام کوکین، 10 کلو 800 گرام ڈانسنگ پلز اور 07 کلوگرام ہیروئن برآمد، ملزمان لاہور کے مختلف ایلیٹ کلاس علاقوں، کالجز، یونیورسٹیوں اور دیگر تعلیم اداروں میں منشیات سپلائی کرتے تھے، سپلائی چین کا پتہ لگانے کے لیے ایک جامع تحقیقات جاری ہیں، آرگنائزڈ کرائم یونٹ لاہور منشیات کی سمگلنگ سے نمٹنے اور کمیونٹی کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، منشیات فروشی کا ٹھکانہ جیل ہے منشیات فروشی کے خاتمہ کیلئے عوام کا ساتھ ضروری ہے تاکہ اس لعنت سے چھٹکارا حاصل کیا جائے، ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی، IT ایکسپرٹس، پبلک ریلیشن اور تجربہ کار افسران کی مدد سے مختصر وقت میں گرفتار کیا گیا، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف آرگنائزڈ کرائم یونٹ لاہور کی کارروائیاں جاری رہیں گی، ملزمان کو پراسیکیوشن پارٹنرشپ کی مدد سے سخت سزا دلوائی جائے گی شہریوں کی جان و مال کا تحفظ آرگنائزڈ کرائم یونٹ لاہور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ عمران کشور کی ایس پی نارتھ فرقان بلال اور DSP/NIU رانا اکرم کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نجی ٹی وی کی اینکر پرسن عائشہ جہانزیب پر شوہر کا تشدد مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور نجی ٹی وی کی اینکر پرسن عائشہ جہانزیب پر شوہر نے ظلم کے پہاڑ ڈھا دیے تھپڑ اور گھونسوں کی بارش کر کے بری طرح زخمی کر دیا عائشہ نے اپنے شوہر کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج کرا دیا جس پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم حارث کو گرفتار کر لیا جوڈیشل مجسٹریٹ نے ملزم حارث کا دو دن کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، مسجد و دربار حضرت شاہ چراغؒ کے امور کا جائزہ لیتے ہوئے

سیکرٹری اوقاف کا مسجد و دربار حضرت شاہ چراغ کا تفصیلی معائنہ

فرقہ واریت کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، مسجد مرکز ملت اور علم و عرفان کی جلوہ گاہ ہے

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا مسجد و دربار حضرت شاہ چراغؒ کا تفصیلی معائنہ، تعمیر و مرمت کے لیے جامع لائحہ عمل تشکیل دے دیا، انہوں نے کہا کہ زائرین کے لیے سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ فرقہ واریت کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مسجد مرکز ملت اور علم و عرفان کی جلوہ گاہ ہے، عبادات، تزکیہ و طہارت اور تعمیر سیرت میں مسجد کا کردار، از حد بنیادی اور کلیدی ہے۔ مساجد سے تعلق کی مضبوطی تشکیل کردار کے حوالے سے اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مساجد و مزارات کے ماحول کو پاکیزہ اور بنیادی ضرورت سے آراستہ رکھنا اسٹیٹ اور سوسائٹی کی ذمہ داری ہے، جس کو ہمیشہ ہی فوقیت میسر رہی۔ زائرین اور نمازیوں کی ضرورت کو ہمہ وقت پیش نظر رکھنا اور ان کی تکمیل کا اہتمام محکمہ کی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے اوقاف ایڈمنسٹریشن ہمیشہ مستعد ہے، مسلم معاشروں کے اندر، مسجد، سوسائٹی کا نیوکلس ہے۔ اس موقع پر، انہوں نے ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف آصف اعجاز، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف ساجد ظفر بوسن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت، ایڈمنسٹریٹر اوقاف لاہور (ویسٹ) شاہد حمید ورک اور منیجر اوقاف سرکل نمبر 1 لاہور حسن رضوان و دیگر کے ہمراہ صفائی، سکیورٹی، بجلی، پنکھے اور شامیانے وغیرہ کی بہم رسانی اور نمازیوں کے لیے دیگر سہولیات کی فراہمی کے امور کا بھی جائزہ لیا۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ مساجد کی اہمیت ہر دور میں مسلمہ اور معتبر رہی ہے۔

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران کا امام بارگاہ گلستان زہرہ کا دورہ

ڈیوٹی پر موجود جوانوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) محمد فیصل کامران نے امام بارگاہ کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا ڈی آئی جی آپریشنز نے لاجسٹک انتظامات کا بھی معائنہ کیا محمد فیصل کامران کی ڈیوٹی پر موجود جوانوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت واک تھرو گیٹ، میٹل ڈیٹیکٹرز و دیگر سرچنگ ڈیوائسز ورکنگ حالت میں رکھیں، محمد فیصل کامران امام بارگاہ میں داخلے سے قبل ہر فرد کی تلاشی یقینی بنائی جائے، ڈی آئی جی آپریشنز موٹر سائیکل و گاڑیوں کو امام بارگاہ سے مناسب فاصلے پر پارک کروایا جائے، محمد فیصل کامران

کھلی کچہری میں آنے والے شہری قابل عزت ہیں، ڈی آئی جی

میرٹ کے مطابق بلا تاخیر قانونی کارروائی سے متاثرہ شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ کھلی کچہری میں آنے والے شہری قابل عزت ہیں۔ میرٹ کے مطابق بلا تاخیر قانونی کارروائی سے متاثرہ شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران کیا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کے ازالے اور انہیں ریلیف پہنچانے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگائی جا رہی ہے۔ کھلی کچہری میں جاری احکامات بارے متعلقہ افسران سے فالو اپ کیا جا رہا ہے اور شہریوں سے بھی ان کے مسائل و شکایات کے حل بارے فیڈ بیک لیا جا رہا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی شکایات کے حل کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد عمل میں لایا جا رہا ہے۔ کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔

عرس مبارک حضرت بابا سید بوگے شاہ سرکار کھرک شریف نزد واہگہ بارڈر کے روزہ اقدس کے باہر منتظمین حاضر خدمت ہیں

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) عرس مبارک حضرت بابا سید بوگے شاہ سرکار کھرک شریف نزد واہگہ بارڈر کے روزہ اقدس کے باہر منتظمین حاضر خدمت ہیں۔ زیر صدارت پیر سید ذوالفقار حسین شاہ صاحب۔ گدی نشین پیر سید اللہ دتہ شہنشاہ بادشاہ۔ خدمت گزار بابا صادق علی شاہ صاحب۔ اور سرکار سے عقیدت اور محبت رکھنے والے محمد سجاد قادری صاحب۔ بابا مٹھو سائیں درویش۔ سیاسی و سماجی رہنما محمد شریف بٹ صاحب۔ اور دوسرے زائرین علی اکبر صاحبزادہ۔ علی اصغر۔ علی حمزہ حسن۔ علی حسن۔ علی رضا۔ حافظ محمد اشفاق صاحب۔ اور باباجی سے خاص عقیدت اور محبت رکھنے والی شخصیت شہباز احمد بھٹی صاحب ممبر لاہور پریس کلب چیف رپورٹر روزنامہ قوت لاہور۔

ایس پی سکیورٹی لاہور کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں چائنیز سکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

فوکل پرسنز چائنیز کو لاہور پولیس کی جانب سے سکیورٹی کے کئے گئے انتظامات بارے بریف کریں، عبدالوہاب

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی سکیورٹی لاہور عبدالوہاب کی زیر صدارت پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں چائنیز سکیورٹی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر SPU، انچارج چائنیز سکیورٹی ڈیسک، اسپیشل برانچ و دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندے اجلاس میں موجود تھے۔ شہر میں مختلف منصوبہ جات کیلئے آئے ہوئے چائنیز فوکل پرسنز نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایس پی سکیورٹی عبدالوہاب نے کہا کہ چائنیز کی فول پروف سکیورٹی لاہور پولیس کی ترجیح ہے۔ چائنیز کو سکیورٹی فراہم کرنا قومی فریضہ سمجھتے ہیں۔ عبدالوہاب نے کہا کہ فوکل پرسنز چائنیز کو لاہور پولیس کی جانب سے سکیورٹی کے کئے گئے انتظامات بارے بریف کریں۔ چائنیز فوکل پرسنز موومنٹ، رہائش گاہوں، ورکنگ ایریاز کی مکمل معلومات سکیورٹی برانچ سے شیئر کرنے کے پابند ہیں۔ چائنیز کی موومنٹ اور کسی بھی جگہ کا دورہ کے متعلق مکمل معلومات قبل از وقت فراہم کریں۔ چائنیز کی رہائشوں اور ورکنگ کی جگہوں پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب و دیگر سکیورٹی اقدامات یقینی بنائیں۔

پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر سیٹیں خالی ہوگئیں، آئی جی پنجاب

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس میں بھرتی ہونے والے افراد کیلئے اچھی خبر، پنجاب پولیس میں بڑے پیمانے پر سیٹیں خالی ہوگئیں، آئی جی پنجاب نے خالی سیٹوں پر کرنے کے لئے ڈی پی سی کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے ڈی ایس پی رینک کے 2 ہزار سے زائد افسران کی سیٹیں خالی ہیں، اے ایس آئی کی 12 سو سے زائد سیٹیں خالی ہیں، سب انسپکٹر کی ساڑھے 5 سو سے زائد سیٹیں جبکہ انسپکٹر اور ڈی ایس پی رینک کی اڑھائی سو کے قریب سیٹیں خالی ہیں۔ آئی جی پنجاب کی جانب سے خالی سیٹوں پر کرنے کے لئے ڈی پی سی کا حکم دے دیا گیا ہے۔

سانده پولیس کی کارروائی بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق سانده پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران لاہور کے مختلف علاقوں میں منشیات فروخت کرنے والے ملزم ریاست علی کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے اس کے قبضہ 03 کلو 30 گرام چرس برآمد کر لی اور ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن پولیس کے حوالے کر دیا۔

ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کی ڈولفن بائیکس، پی آر یو کی گاڑیوں کی انسپکشن

ایس پی ڈولفن نے محرم الحرام میں پٹرولنگ کے حوالہ سے ڈولفن بائیکس، گاڑیوں کی انسپکشن کی

لاہور (کرائم رپورٹر) محرم الحرام میں سکیورٹی کے حوالہ سے ڈولفن، پی آر یو امام بارگاہوں کے گرد پٹرولنگ کریں ڈولفن، پی آر یو پٹرولنگ کے دوران امام بارگاہوں کے منتظمین سے رابطے میں رہیں گے۔ موٹر سائیکلوں، گاڑیوں کی انسپکشن کا مقصد محرم الحرام میں سکیورٹی کے حوالہ سے موثر پٹرولنگ کرنا ہے۔ انھوں نے مزید کہا بائیکس، گاڑیوں کے الیکٹریکل ملینکل و دیگر باڈی پارٹس کی انسپکشن کی گئی ہے۔ ڈولفن بائیکس، گاڑیوں کے معمول کے نقائص، دیگر کوئی پروفیشنل ایشو ہوا سے دور کیا جائے گاڑیوں کی صفائی اور مینٹیننس میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ایم ٹی او معمولی سے معمولی نقائص کی بروقت درستگی کا ذمہ دار ہوگا کثیر قومی سرمائے سے حاصل کی گئی املاک کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔

پنجاب ریسٹورنٹ نے کرسیاں لگا کر ریڑھیاں کھڑی کر کے روڈ کو بند کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انجر وال محمود کالونی ملتان روڈ پنجاب ریسٹورنٹ نے کرسیاں لگا کر ریڑھیاں کھڑی کر کے روڈ کو بند کر دیا ہے لوگوں کو آنے جانے میں بڑی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اہل علاقہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب، ایم او ریگولیشن، زیڈ او آر، علامہ اقبال ٹاؤن سے ذمہ داران کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

صوبائی دارالحکومت لاہور میں ٹریفک روانی کے حوالے سے اجلاس

ضلعی انتظامیہ ٹریفک رکاوٹ کے 5 پوائنٹس (روڈز) کی نشاندہی

لاہور (کرائم رپورٹر) ضلعی انتظامیہ ٹریفک رکاوٹ کے 5 پوائنٹس (روڈز) کی نشاندہی پر سیف سٹی کیمروں سے اے آئی لرننگ کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر لاہور زید بن مقصود کا کہنا تھا کہ مستقل اے آئی ٹریفک لرننگ سے روانی میں رکاوٹ کی تمام وجوہات کا تدارک کیا جائے گا، کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت صوبائی دارالحکومت لاہور میں ٹریفک روانی کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ ڈی سی لاہور رافعہ حیدر، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین، ایم ڈی واسا غفران احمد، ایڈیشنل ڈی جی پی ایچ اے، چیف انجینئر ٹیپا، پنجاب سیف سٹی اتھارٹی افسران کی شرکت کی۔ کمشنر لاہور نے ٹریفک روانی کے لئے ایل ڈبلیو ایم سی کو پہلے مرحلے میں تمام کنٹینرز سڑکوں سے ہٹانے کی ہدایت کر دی، کمشنر لاہور نے ٹیپا و ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں سے غیر قانونی اور زائد از ضرورت سائن بورڈ ہٹائے جائیں۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی تعمیرات/ قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) ایل ڈی اے ٹیموں نے گجر پورہ میں غیر قانونی تعمیرات/ قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن کر کے 3 املاک کو مسمار کر دیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے پلاٹ نمبر 2 سی ٹو، پلاٹ نمبر 127 سی ون اور پلاٹ نمبر 572 سی ون پر قائم املاک کو مسمار کر دیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے آپریشن کر کے کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری اراضی واگزار کروا لی۔ آپریشن کی نگرانی ڈائریکٹر ہاؤسنگ کیپٹن فراز نے کی۔ آپریشن میں انفورسمنٹ ونگ اور پولیس نے حصہ لیا۔ شہر میں غیر قانونی تعمیرات/ قبضہ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

کمشنر لاہور کی زیر صدارت لاہور میں ٹریفک روانی کے حوالے سے اجلاس منعقد

ٹریفک روانی کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کو پہلے مرحلے میں تمام کنٹینرز سڑکوں سے ہٹانے کی ہدایت کر دی، زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت صوبائی دارالحکومت لاہور میں ٹریفک روانی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ ضلعی انتظامیہ نے ٹریفک رکاوٹ کے 5 پوائنٹس (روڈز) کی نشاندہی پر سیف سٹی کیمروں سے اے آئی لرننگ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے کہا ہے کہ مستقل اے آئی ٹریفک لرننگ سے روانی میں رکاوٹ کی تمام وجوہات کا تدارک کیا جائیگا۔ کمشنر لاہور نے ٹریفک روانی کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کو پہلے مرحلے میں تمام کنٹینرز سڑکوں سے ہٹانے کی ہدایت کر دی۔ کمشنر لاہور نے ٹیپا و ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں سے غیر قانونی اور زائد از ضرورت سائن بورڈ ہٹائے جائیں۔ کمشنر لاہور نے ہدایت کی کہ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے شہر میں غیر قانونی پارکنگ اور ٹریفک جام کی نشاندہی پر ایکشن لیا جائے۔ کمشنر لاہور کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پہلے مرحلے میں ٹاؤن وائز تجاوزات، غیر قانونی پارکنگ، ٹریفک آگاہی کیلئے کیمپس جاری ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ٹیپا ٹریفک سگنلز پر لین مارکنگ کو چیک کرے۔ ضرورت کے مطابق لین مارکنگ کرے۔ کمشنر لاہور نے شہر کی تمام شاہراہوں پر سے زائد پولز اور بورڈز ہٹانے کا ٹاسک ٹیپا کے ذمے لگا دیا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ عملی ٹریفک انجینئرنگ پلان کے تحت ہی شہر میں ٹریفک کو رواں رکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جامع ترین ٹریفک انٹروینشنز کی واضح ہدایات کے مطابق عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ روڈ و سگنل ڈیزائن تبدیلی کیساتھ ٹریفک ایجوکیشن و آگاہی کے لیے بھی پلان ناگزیر ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ کمرشل عمارات کے منظور شدہ پارکنگ ایریاز میں پارکنگ ہی ہونی چاہیئے۔ انفورسمنٹ کرائیں۔ روڈ ڈیزائن تبدیلی، پیچ ورک، سائن، بورڈز، ٹائر کلرز انسٹالیشن کے ذریعے ٹریفک روانی کو قائم کیا جائیگا۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور رافعہ حیدر، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین، ایم ڈی واسا غفران احمد، ایڈیشنل ڈی جی پی ایچ اے، چیف انجینئر ٹیپا اور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے افسران نے شرکت کی۔

کمشنر لاہور صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں جبکہ اس موقع اجلاس میں ڈی سی لاہور رافعہ حیدر، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحبدین، ایم ڈی واسا غفران احمد، سمیت دیگر موجود ہیں

ڈی آئی جی انویسٹی گیشن، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی مرد و زن 3 رکنی نوسرباز گینگ کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری انچارج انویسٹی گیشن تھانہ داتا دربار کرائم فائٹر ثقلین گوندل کی پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی مرد و زن 3 رکنی نوسرباز گینگ کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں آصف، عرفان علی اور مسمات عنبرین شامل ملزمان ATM سے پیسے نکلوانے والے سادہ لوح شہریوں سے نوسربازی کر کے ATM کارڈ اور رقم ہتھیا لیتے تھے ملزمان سے شہریوں سے نوسربازی کر کے ہتھیائی گئی لاکھوں روپے کی نقدی برآمد کر لی ملزمان نے دوران تفتیش شہر کے مختلف علاقوں میں متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا پولیس نے جدید ٹیکنالوجی سمیت ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے گرفتار کیا ہے جنھیں مضبوط چالان مرتب کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان اصغر، ایس ایس پی انویسٹی گیشن ڈاکٹر انوش مسعود چوہدری کی طرف سے پولیس ٹیم کے لیے تعریفی اسناد کا اعلان۔

لاثانی سرکارؒ نے نوجوان نسل میں روحانی انقلاب برپا کیا: صاحبزادہ پیر شبیر احمد صدیقی

ملکی استحکام، فرقہ واریت کے خاتمے اور مذہبی ہم آہنگی کیلئے خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی: خطاب

لاہور (خبر نگار) پوری دنیا میں درود و سلام کا پیغام عام کرنیوالے عظیم روحانی پیشوا، امیر تنظیم مشائخ عظام پاکستان اور بانی لاثانی ویلفیئر فاؤنڈیشن، عاشق رسول، قائد روحانی انقلاب صوفی مسعود احمد صدیقی لاثانی سرکارؒ کے تیسرے سالانہ عرس مبارک کی مناسبت سے دربار عالیہ صدیقی لاثانی سرکارؒ پر 34 ویں سالانہ محفل ذکر و نعت و سماع "ذکر الصالحین کونشن" کا اہتمام کیا گیا، جس میں ملک بھر سے جید علماء و مشائخ، پیر صاحبان، سجادگان اور تمام مکاتب فکر کی شخصیات، مذاہب عالم کے رہنماء اور ہزاروں مرد و خواتین کمیونٹی ورکرز نے شرکت کی۔ عرس مبارک کا باقاعدہ آغاز دربار شریف پر چادر پوشی سے کیا گیا، صاحبزادہ پیر شبیر احمد صدیقی نے صاحبزادہ طہور احمد، صاحبزادہ طاہر علی، صاحبزادہ احمد علی، صاحبزادہ محی الدین اور مشائخ عظام کے ہمراہ دربار شریف پر حاضری دی اور چادر پوشی کی۔ عرس مبارک کے شرکاء سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے صاحبزادہ پیر شبیر احمد صدیقی نے کہا کہ قائد روحانی انقلاب صوفی مسعود احمد صدیقی لاثانی سرکارؒ نے پوری دنیا میں حضور نبی کریم پر درود و سلام کے نذرانے پیش کرنے کے پیغام کو عام کرتے ہوئے نوجوان نسل میں ایک روحانی انقلاب برپا کیا، انہوں نے نوجوان نسل کو جھوٹ، بہتان، رزق حرام اور اولیاء اللہ کی گستاخی سے پرہیز کرتے ہوئے رزق حلال کی ترغیب دیکر معاشرے کا اہم اور ذمہ دار فرد بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا، قائد روحانی انقلاب صدیقی لاثانی سرکارؒ کی ملکی استحکام، مذہبی ہم آہنگی اور امن و محبت کے فروغ، فرقہ واریت کے خاتمے سمیت تمام دینی، ملی اور سماجی و فلاحی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، اللہ کے ولیوں نے ہمیشہ معاشرے میں امن و محبت کو فروغ دیتے ہوئے مخلوق خدا کو اللہ رب العزت اور اسکے پیارے حبیب خاتم النبیین کا راستہ دکھایا ہے، انہوں نے کہا کہ پوری دنیا گواہ ہے کہ جب بھی انسانیت اخلاقی، روحانی، سماجی اور معاشرتی طور پر عروج پر گئی۔ یا کم از کم پستی سے بلندی کیطرف گئی، معاشرے سے برائی کم یا ختم ہوئی اس بات میں ہمیشہ اللہ والوں کا اہم کردار رہا۔ اللہ والوں کے فیض سے ہی بڑے بڑے حکمران کامیابی حاصل کرتے رہے اور کرتے رہیں گے (انشاء اللہ) جس قوم نے بھی اللہ والوں کی تعلیمات اپنائیں وہ ہمیشہ سربلند رہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی اولیاء اللہ کا تذکرہ کرتے رہیں، عقیدت و محبت سے انکا ذکر کریں انکی تعلیمات و واقعات سے سبق سیکھیں اور انکا ہر ممکن ادب بجا لائیں۔ اپنے اخلاق کو ہمیشہ بلند رکھیں۔ عرس مبارک کے شرکاء سے تمام سلاسل طریقت کے مشائخ عظام، پیر صاحبان، سجادگان اور علماء کرام نے عظیم روحانی پیشوا صوفی مسعود احمد صدیقی لاثانی سرکارؒ کی دینی، مذہبی، فلاحی، روحانی اور سماجی خدمات پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

تنظیم مشائخ عظام پاکستان کے صدر صاحبزادہ پیر شبیر احمد صدیقی "ذکر الصالحین کونشن" کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ ٹائم لائن کے اندر تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا، محمد منشاء اللہ بٹ

کوٹلی بہرام تا گوہد پور مراد پور چوک تک سیور لائن ڈالنے کیلئے کھدائی سے قبل سلائم چوک مرالہ روڈ کی حالت زار کو بہتر کیا جائے تا کہ متبادل راستہ موٹر ایبل ہو اور شہریوں کو کوفت کا سامنا نہ کرنا پڑے، رکن صوبائی اسمبلی

سیالکوٹ: اراکین صوبائی اسمبلی محمد منشاءاللہ بٹ، چودھری فیصل اکرم بٹ و دیگر ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپرومنٹ انوسٹمنٹ پروگرام کے تحت سیالکوٹ جاری ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ ٹائم لائن کے اندر تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا، ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار کو یقینی بنانے کیلئے کنسلٹنٹ ایجنسی نیسپاک اپنا کردار ادا کرے۔ یہ بات انہوں نے ڈی سی آفس کمیٹی روم میں پیپ منصوبے کے جاری اسکیموں کا جائزہ لینے کے دوران کہی۔ رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال کے علاوہ مقامی اسٹیک ہولڈرز، پیپ ٹیم، ایم سی ایس (کلائنٹ ڈیپارٹمنٹ) کے مقامی حکام بھی موجود تھے۔ رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے کہا کہ کوٹلی بہرام تا گوہد پور مراد پور چوک تک سیور لائن ڈالنے کیلئے کھدائی سے قبل سلائم چوک مرالہ روڈ کی حالت زار کو بہتر کیا جائے تا کہ متبادل راستہ موٹر ایبل ہو اور شہریوں کو کوفت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ گوہد پور و مراد گنجان آباد علاقہ ہے یہاں سیور لائن ڈالنے کیلئے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر ڈبل ورک فورس سے ڈبل شفٹ میں کام کیا جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اقبال نے کہا کہ پیپ ٹیم اور ممبران اسمبلی کا جائنٹ وزٹ کروایا جائے گا اور مجوزہ روڈز کی بینڈنگ اوور اور ٹریفک مینجمنٹ پلان ترتیب دیا جائے گا اور اس ضمن میں اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں پر سست روی سے کام کرنے سے شہریوں کو شدید کوفت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس ضمن میں پیپ کے مقامی حکام اور کنسلٹنٹ کو پروایکٹیولی کام کرنا ہوگا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اقبال نے کہا کہ پیپ پراجیکٹ کی جلد از جلد تکمیل ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن مکمل معاونت کر رہی ہے۔

آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل کا ضلع ننکانہ کا دورہ، امام بارگاہ قصر فاطمۃ الزہرا کا وزٹ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل کا ضلع ننکانہ کا دورہ۔ آر پی او نے ڈی پی او صاعد عزیز اور ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد کے ہمراہ مرکزی امام بارگاہ قصر فاطمۃ الزہرا کا وزٹ کیا۔ آر پی او نے انجمن فقہ جعفریہ کے منتظمین اور عہدیداران سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق وزٹ کے دوران ممبران امن کمیٹی، علماء کرام ممبر صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 135 آغا علی حیدر و دیگر بھی ہمراہ تھے۔ آر پی او نے مرکزی جلوس کے روٹ کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ آر پی او نے صدر انجمن جعفریہ اور منتظمین کو محرم الحرام میں فول پروف سیکیورٹی اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ صدر انجمن جعفریہ اسد عباس گردیزی نے ضلعی انتظامیہ اور ضلعی پولیس کے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ممبر امن کمیٹی و مذہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر علامہ محب النبی طاہر کا کہنا تھا کہ ماہ محرم الحرام میں امن اور مذہبی رواداری کو قائم رکھنے کے لیے ہم سب ایک صف میں کھڑے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ دیگر تمام اداروں کے مشترکہ تعاون سے ماہ محرم کو پرامن بنانے میں دن رات مصروف عمل ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی آغا علی حیدر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق عزاداران کو تمام قسم کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے آر پی او اطہر اسماعیل کا کہنا تھا کہ محرم الحرام میں فول پروف سیکیورٹی اور امن و مان کا قیام اولین ترجیح ہے۔ وزٹ کا مقصد بین المسالک ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کو یقینی بنانا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پرامن محرم کے انعقاد میں علماء کرام اور ممبران امن کمیٹی ہر اول دستے کا حصہ ہیں۔ دریں اثناء آر پی او نے ڈی پی او دفتر میں ڈی پی او کے ہمراہ ایس پی انویسٹی گیشن غلام مصطفیٰ گیلانی، سرکل افسران و دیگر سے کرائم میٹنگ کی۔ ضلع میں کرائم کی صورتحال کا جائزہ لیا۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کے زیر اہتمام 7 دیہی اور 88 بنیادی

مراکز صحت میں کونسل قائم کردی گئی ہیں، ڈی سی سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کے زیر اہتمام 7 دیہی اور 88 بنیادی مراکز صحت میں کونسل قائم کردی گئی ہیں، ہیلتھ کونسلز کے ممبران کے اجلاس میں منٹس جاری کئے جا رہے ہیں جس کی بدولت ایڈمنسٹریٹیو، میڈیسن، بنیادی سہولیات اور ریونیو کے مسائل کی موقع پر نشان دہی ہوگی اور ان کے حل میں مدد ملے گی جس سے عوام الناس کو معیاری اور قابل اعتماد طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ یہ بات انہوں نے آج ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی سیالکوٹ کے اجلاس میں ہیلتھ کونسلز کو فعال بنانے کیلئے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چودھری اور ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر شیراز سید بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے آوارہ کتوں کے تدارک کیلئے میونسپل کارپوریشن، ضلع کونسل، میونسپل کمیٹیز اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ مہم کو مزید تیز کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے پرائس مجسٹریٹس کو ہدایت کی کہ اپنی حدود میں تندوروں کو لازمی وزٹ کریں اور دکانداروں پر اشیائے خوردونوش کی پرائس لسٹ واضح جگہ پر آویزاں کروائیں اور ان قیمتوں پر عملدرآمد کروائیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کو ہدایت کی سکولز ہیلتھ کونسلز کے رواں ہفتے میں میٹنگ کروائیں اور منٹس آف میٹنگ ڈی سی آفس کو بھجوائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ ایمرجینسی بورڈ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مون سون کے دوران خطرناک قرار دی گئیں عمارتوں کو خالی کروایا جائے۔

محرم الحرام قربانی و اتحاد کا درس دیتا ہے، کمشنر گوجرانوالہ

امت مسلمہ کا فرض ہے کہ وہ حکم خداوندی کی تکمیل کرتے ہوئے اتحاد و اتفاق کا عملی مظاہرہ کریں اور اللہ کی رسی (احکامات) کو مضبوطی سے تھام کر تفرقہ میں نہ پڑیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی اور آر پی او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام اتحاد، قربانی اور حق کے ساتھ کھڑے رہنے کا درس دیتا ہے اور نواسہ رسول ﷺ سید نا امام حسین اور آپ کے جانثار ساتھیوں نے میدان کربلا میں اپنے خون سے گلشن اسلام کی آبیاری کر کے عزم اور حوصلہ کی ایسی لازوال مثال پیش کی ہے جس کی تاریخ انسانی میں نظیر ملنا نا ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا فرض ہے کہ وہ حکم خداوندی کی تکمیل کرتے ہوئے اتحاد و اتفاق کا عملی مظاہرہ کریں اور اللہ کی رسی (احکامات) کو مضبوطی سے تھام کر تفرقہ میں نہ پڑیں تا کہ انکی اس نا اتفاقی کا فائدہ اسلام اور ملک دشمن قوتیں نہ اٹھا سکیں جو ہمہ وقت امن و امان کو تباہ کرنے اور ملکی سالمیت کو نقصان پہنچانے کے درپے رہتی ہیں۔ کمشنر اور آر پی او نے ان خیالات کا اظہار ڈویژنل امن کمیٹی کے خصوصی ویڈیو لنک اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں متعلقہ سرکاری افسران اور امن کمیٹی کے معزز اراکین نے شرکت کی۔ کمشنر اور آر پی او نے اس عزم کا اظہار کیا کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کو تمام ممکنہ انتظامی اور سیکورٹی کور فراہم کیا جائے گا اور قانون نافذ کرنے والے ادارے امن و امان کو ہر صورت برقرار رکھنے کے لیے پوری طرح چوکس ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی شرانگیزی اور شرارت کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا اور ایسے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے لیے پولیس فوری کارروائی کرے گی۔ اجلاس میں شریک ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اضلاع میں محرم الحرام کے سیکورٹی انتظامات کے حوالہ سے تفصیلی بریفنگ دی جبکہ معزز اراکین ڈویژنل امن کمیٹی نے ڈویژن اور اضلاع کی سطح پر سیکورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امن وامان کے قیام میں اپنا بھر پور کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیس کی بڑی کارروائی آئس منشیات فروش کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم سے 60 گرام آئس برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پولیس کی بڑی کارروائی آئس منشیات فروش کرنے والا ملزم گرفتار ملزم سے موقع سے 60 گرام آئس برآمد کر لی گئی تفصیلات کے مطابق تھانہ شیر گڑھ پولیس کی ایس ایچ او اختر خان کی سربراہی میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے آئس منشیات فروش شجاعت عباس کو گرفتار کر لیا ملزم کے قبضہ سے 60 گرام آئس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ملزم تھانہ شیر گڑھ اور گردونواح میں آئس منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہا تھا۔

اصحاب رسولؐ کی پاکیزہ زندگیاں امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں، مولانا قاری محمد رفیق نفیسی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اصحاب رسول ﷺ کی پاکیزہ زندگیاں امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت درخشندہ باب کی حیثیت رکھتا ہے، حکمرانوں کو خلفائے راشدین کی طرز پر حکومت کرنے کیلئے عملی اقدامات کرنے ہوں گے ان خیالات کا اظہار خانقاہ سید نفیس الحسینیہ الکیہ نصرت آباد چناب نگر میں منعقدہ سیمینار سے چیئرمین انوار ختم ٹرسٹ مولانا قاری محمد رفیق نفیسی مولانا محمد عابد حنیف قاری احمد الحسینی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اصحابؓ رسول ﷺ کی پاکیزہ زندگیاں امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں خلیفہ ثانی مراد رسول ﷺ خسر نبیؐ حضرت سیدنا فاروق اعظمؓ کو تمام صحابہؓ میں یہ اعزاز حاصل ہے کہ سب صحابہؓ مرید رسول ﷺ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مراد رسول ہیں جن کے بارے میں حضور خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی آنا ہوتا تو عمر ابن خطابؓ ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ وہ عشق رسول ﷺ سے سرشار تھے اور تاجدار ختم نبوت کے شیدائی تھے جن کے اسلام قبول کرنے کے بعد مسلمانوں کو حرم کعبۃ اللہ میں آزادانہ عبادت کرنے کا موقع ملا جن کے قبول اسلام سے فرش وعرش والے خوش ہوئے اور جن کے قبول اسلام سے پوری دنیا میں اسلام کا پرچم بلند ہوا اور جن کے قبول اسلام سے حضرت محمد عربی ﷺ کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ عالم کفر کیلئے ننگی تلوار تھے جن سے کفر کانپتا تھا جن کے عدل و انصاف سے ہر امیر غریب مستفیض ہوتا تھا وہ اپنی رعایا کیلئے انتہائی رحم دل تھے انکی خبر گیری اور دیکھ بھال کیلئے ان کے مسائل کے حل کیلئے ان کی دہلیز تک خود جاتے اور راتوں کو پہرہ دیتے ان کے عدل و انصاف رعایا پروری کی وجہ سے ساڑھے بائیس لاکھ مربع میل کا علاقہ امن وسلامتی کا گہوارہ ہوا کرتا تھا۔ آپؓ کے عہد خلافت میں فتوحات کا سلسلہ تیزی سے بڑھتا رہا۔

جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی

نے اشیاء خوردونوش کی نئی قیمتیں

مقرر کرنے حکم جاری کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے اشیاء خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر کرنے حکم جاری کر دیا۔ سرکاری ریٹ پر فروخت نہ کرنے پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نے عوام کو روزمرہ کی اشیاء خوردونوش مناسب قیمت پر فروخت کرنے کیلئے سرکاری ریٹ مقرر کر دیئے ہیں جاری کردہ ریٹ لسٹ کے مطابق گائے کا گوشت 750، بکرے کا گوشت 1500، روٹی 14، نان 20، چاول باسمتی سپر (نیا) 265، چاول باسمتی (پرانا) 300، دودھ 160، دہی 180، چنے سفید 285، کالا چنا (باریک) 280، دال مسور 290، دال مونگ 320، آٹا تھیلا 10 کلوگرام بمطابق گورنمنٹ پالیسی جبکہ گھی، گوشت برائلر، انڈے، مچھلی، سبزی فروٹ وغیرہ مارکیٹ کے نرخوں کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر قیمتوں کا تعین کیا جائے گا۔

گیپکو سب ڈویژن نمبر 1 وزیر آباد کے ایل ایس پر نامعلوم افراد کا حملہ

وزیر آباد (نامہ نگار) گیپکو سب ڈویژن نمبر 1 وزیر آباد کے ایل ایس پر نامعلوم افراد کا حملہ، شدید تشدد کے بعد فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے، اطلاع ملتے ہی ڈویژن بھر کے واپڈا اہلکار ہسپتال پہنچ گئے۔ ایمرجنسی میں ڈاکٹر نہ ہونے پر احتجاج، گیپکو سب ڈویژن نمبر 1 وزیر آباد کے ایل ایس قمر آفتاب اپنے گاڑی پر گاؤں ڈھونیکی سے سب ڈویژن آ رہے تھے کہ نظام آباد سٹاپ کے قریب عقب سے آنیوالے دوہنڈا 125 موٹر سائیکلوں پر سوار چار نامعلوم افراد نے یوٹرن پر روک کر ڈنڈوں سوٹوں کا آزادانہ استعمال شروع کر دیا جس سے وہ زخمی ہو گئے۔ راہگیروں نے بیچ بچاؤ کی کوشش کی جس پر مشتعل موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ شروع کر دی اور موقعہ سے فرار ہو گئے۔ مضروب ایل ایس قمر آفتاب کو تحصیل ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر اطلاع ملتے ہی گیپکو یونین عہدیداران ڈویژنل چیئرمین ارشد کنگ، ضیاء الرحمن، میاں فرخ ندیم، رانا ذوالفقار کی قیادت میں ہسپتال پہنچ گئے۔ پولیس ڈاکٹ حاصل کرنے کے باوجود ایمرجنسی میں کوئی ڈاکٹر ڈیوٹی پر نہ تھا۔ گیپکو اہلکاروں نے احتجاج کیا۔ تھانہ صدر پولیس کو تحریری طور پر نامعلوم افراد کے خلاف کارروائی کیلئے درخواست دے دی گئی۔

حکمران کسی اور کے ایجنڈے پر چل رہے ہیں، میاں مبشر علی

حکومت میں کٹھ پتلیاں ہیں، یہ ملک صرف اشرافیہ کیلئے ہے



سمندری (اعظم رضا راول سے) حکمران کسی اور کے ایجنڈے پر چل رہے ہیں، وفاقی بجٹ عوام کی امنگوں کے مطابق نہیں ہے پارلیمنٹ نے اس کو بے شرمی سے پاس کیا ہے جس پر انتہائی افسوس ہے، حکومت میں کٹھ پتلیاں ہیں، یہ ملک صرف اشرافیہ کیلئے ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف سٹی کے صدر میاں مبشر علی نے صحافیوں سے بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں بے جا ٹیکسوں کی بھرمار غریب آدمی کی تباہی کی طرف ایک اور قدم ہے، بجٹ 2024ء 2025ء میں عام آدمی کو ریلیف فراہم کو درکنار اس کی سہولت کیلئے کوئی ایک پروگرام بھی نہیں رکھا گیا جس پر موجودہ حکمرانوں کی غریب کش پالیسی کھل کر واضح ہو چکی ہے، موجودہ حکومت نے کسان اور انڈسٹری کو تو پہلے ہی تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے اور رہی سہی کسر غریب کو ختم کر کے پوری کی جا رہی ہے۔ مزید کہا کہ موجودہ بحرانوں سے ملک کو صرف اور صرف پی ٹی آئی حکومت ہی نکال سکتی ہے مقتدر حلقوں کو فی الفور قائد عمران خان کو جیل سے باہر لانا ہوگا تا کہ عوام کوئی سکھ کا سانس لے سکے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ای کنسٹرکشن کے سلسلہ میں اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید جمیل حیدر شاہ کی زیر صدارت نقشہ جات کی منظوری کے لیے ای کنسٹرکشن کے سلسلہ میں اجلاس کا انعقاد اجلاس میں ضلع کونسل اور ضلع بھر کی میونسپل کمیٹیوں کے چیف افسران، فنانس افسران اور پی آئی ٹی بی کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید جمیل حیدر شاہ نے کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر نقشہ جات کی منظوری کے لیے ضلع کونسل اور میونسپل کمیٹیوں کی فائلز کی آن لائن رجسٹریشن کے لیے تیاری آخری مراحل میں داخل ہوگئی ہے اس سلسلہ میں پی آئی ٹی بی کے Payzen ایپ کے ذریعے آن لائن فیس جمع کروانے کی بھی سہولت میسر ہوگی رواں ماہ آن لائن رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ آن لائن رجسٹریشن کی سہولت سے عوام کو نقشہ جات کی منظوری میں آسانی ہوگی اس سلسلہ میں فیسوں کی ادائیگی کے لیے آسانی کے ساتھ ساتھ شفافیت میں بھی اضافہ ہوگا تمام امور کو فوری پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے تا کہ عوام کو بہترین سہولت سے استفادہ کروایا جا سکے۔

ٹریفک کی روانی میں حائل تجاوزات کرنے

والوں کے لیے نرم گوشہ نہیں، عمران گجر

وزیر آباد (نامہ نگار) ٹریفک کی روانی میں حائل تجاوزات کرنے والوں کے لیے نرم گوشہ نہیں، غیر قانونی طور پر جی ٹی روڈ پر رکھوائے گئے ٹھیلے اور ریڑھیاں ہٹا دیں خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت کارروائی کریں گے ان خیالات کا اظہار ٹریفک انسپکٹر عمران گجر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عائشہ بٹ چیف ٹریفک آفیسر گوجرانوالہ کی ہدایت پر اور DSP صدر عرفان حیدر کی سربراہی میں انکروچمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے اللہ والا چوک وزیر آباد جی ٹی روڈ سے تجاوزات کے خلاف آپریشن کر کے ذریعہ ریڑھیاں، ٹھیلے اور مستقل بنائے گئے۔

گوجرانوالہ سے بڑے خاندان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کریں گے، ارشاد اللہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) آئندہ ہفتے گوجرانوالہ سے بڑے خاندان بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کر کے پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کرینگے 10 محرم کے بعد سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی۔ گوجرانوالہ ضلع و سٹی کو پیپلز پارٹی کا لاڑکانہ بنے گا پیپلز پارٹی کے خالی عہدوں پر متحرک اور فعال کارکنوں کو آگے لائینگے ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی ضلع گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری چوہدری ارشاد اللہ سندھو نے پیپلز پارٹی گوجرانوالہ ڈویژن کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات رانا محمد حنیف کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے کیا ظہرانے کی تقریب سے رانا محمد حنیف، الیاس نوید شہزاد، ڈاکٹر فیصل چوہدری، رانا عامر افتخار ایڈووکیٹ، جبار منج، شاہد اقبال ڈھلوں، خواجہ انوار احمد شیخ، میاں سعید طفیل، محمد رضوان، ڈاکٹر شیر محمد علی انصاری، یونس قیصر کھوکھر، رانا ایوب علی ایڈووکیٹ، شاہد اسلام ایڈووکیٹ، احمد محمود رامے ایڈووکیٹ، مشتاق احمد چیمہ، خواجہ کلیم الرحمن و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

زہریلا کھانا کھانے سے ایک ہی گھر کے سات افراد کی حالت بگڑ گئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) زہریلا کھانا کھانے سے ایک ہی گھر کے سات افراد کی حالت بگڑ گئی تشویشناک حالت میں ڈی ایچ کیو منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے نواحی علاقہ بگھڑا کالونی میں مضر صحت کھانا کھانے سے ایک ہی گھر کے سات افراد اعظم، صغراں بی بی، شہزادی، بلال احمد، علی عباس، ثناء اور محمد لطیف کی حالت غیر ہو گئی وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 چنیوٹ کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور متاثرہ افراد کو طبی امداد دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چنیوٹ منتقل کر دیا گیا۔

حافظ آباد میں گذشتہ روز معمولی بارش

کے بعد شہر کی اکثر شاہراؤں اور گلی

محلوں میں بارش کا پانی جمع ہوگیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں گذشتہ روز معمولی بارش کے بعد شہر کی اکثر شاہراؤں اور گلی محلوں میں بارش کا پانی جمع ہوگیا جبکہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بارشی پانی کو نکالنے کیلئے مون سون ریلیف کیمپ ٹھس ہوگئے۔ اکثر علاقوں میں بارش کے بعد مکینوں کا گھروں سے باہر نکلنا بھی محال بنا رہا اور شہری ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ساتھ میونسپل کمیٹی کے افسران کو کوستے رہے۔

کولوتارڑ کے قریب شہید چوک میں زیر تعمیر دیوار گرنے سے غریب مزدور ملبہ تلے دب کر جاں بحق

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کولوتارڑ کے قریب شہید چوک میں زیر تعمیر دیوار گرنے سے غریب مزدور ملبہ تلے دب کر جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق کولوتارڑ کے رہائشی مستری محمد نواز کا اٹھارہ سالہ بیٹا ارسلان شہید چوک میں محنت مزدوری کر رہا تھا کہ اچانک زیر تعمیر دیوار گرگئی جس کے تلے دب کر وہ شدید زخمی ہوگیا۔ ریسکیو کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کو اسے ملبہ سے نکال کر ٹراما سنٹر منتقل کیا جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔

حاجی امداد اللہ تارڑ طویل

علالت کے بعد انتقال کر گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر چوہدری محمد بخش تارڑ، میجر قادر بخش تارڑ کے والد محترم اور ضلع کی معروف سیاسی سماجی اور دینی شخصیت حاجی امداد اللہ تارڑ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم سابق ایم این اے چوہدری ارشاد اللہ تارڑ کے چھوٹے بھائی، سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ کے ماموں تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رسولپور تارڑ میں ادا کی گئی۔ بعدازاں انہیں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا۔ نماز جنازہ تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

اوکاڑہ، آندھی کی وجہ سے چھت کا پردہ نیچے بیٹھی خاتون پر گر گیا، 58 سالہ خاتون جاں بحق

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) نواحی گاؤں میں آندھی کی وجہ سے چھت کا پردہ نیچے بیٹھی خاتون پر گر گیا، جس سے 58 سالہ خاتون جانبحق ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 4L/5A میں تیز آندھی سے چھت کا پردہ گر گیا۔ پردہ سے اینٹیں نیچے بیٹھی خاتون کے سر اور گردن پر لگی جس سے شدید زخمی ہو گئی۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 موٹر بائیک سروس فوراً جائے حادثہ پر پہنچی متاثرہ خاتون کے وائٹلز چیک کیے اور سی پی آر کیا گیا لیکن خاتون جانبر نہ ہو سکی۔ جانبحق خاتون کی شناخت نسرین اختر زوجہ مشتاق احمد (58 سال تقریباً) کے نام سے ہوئی۔

جہلم شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں

ہوٹل مالکان کی خودساختہ مہنگائی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں ہوٹل مالکان نے خودساختہ مہنگائی کر کے حکومت پنجاب کے قوانین پاؤں تلے روند ڈالے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی غفلت و لاپرواہی سے ہوٹل مالکان نے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر رکھا ہے، غیر معیاری، ناقص مضر صحت کھانوں کے بل فائیو سٹار ہوٹلز سے بھی زیادہ وصول کیے جانے لگے، واپڈا کی طرح من مرضی سے ہوٹل مالکان شہریوں سے اضافی نرخ وصول کرنے میں مصروف، شہر اور جی ٹی روڈ پر قائم ہوٹلز پر بھی سروسز چارجز کے نام پر ہر گاہک سے روزانہ ہزاروں روپے وصول کئے جانے لگے، مقامی افسران اور متعلقہ محکموں کی عدم دلچسپی سے شہر سمیت جی ٹی روڈ پر قائم ہوٹلوں کے مالکان شہریوں سے کئی گنا اضافی بل وصول کرنے میں مصروف ہیں، جبکہ کھانے معیار میں سب سے کم اور ریٹ میں سب سے زیادہ کوئی پوچھنے والا نہیں، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس شکایت کنندہ کو یہ کہہ کر خاموش کروا دیتے ہیں کہ ہوٹلز ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں جس کی وجہ سے ہوٹلز مالکان نے جنگل کا قانون نافذ کر کے من مرضی کے نرخ وصول کر رہے ہیں، ہوٹلوں میں ناقص مصالحہ جات، غیر معیاری کوکنگ آئل، گھی، مٹن و بیف مکس کرنے کی شکایات بھی زبان زد عام ہے قابل ذکر بات یہ ہے کہ سنگل سٹار ہوٹلز مالکان فائیو سٹار ہوٹلز کے بل وصول کر رہے ہیں، غیر معیاری ناقص منرل واٹر کی بوتل 1 سو 50 روپے، سلاد کھیرا بند گوبھی 80 روپے، رائتہ 3 سو 20 روپے، روٹی کی قیمت 30 سے 45 روپے، چکن ہانڈی 18 سو روپے وصول کئے جا رہے ہیں۔

طلباء کی بہترین کارکردگی پر والدین مبارک باد کے مستحق، نوید حیدر

میٹرک کے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/چیئرمین بورڈ نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ تعلیمی بورڈ کے زیر اہتمام سالانہ امتحان میٹرک 2024 کے نتائج کے حوالے سے طلباء کی بہترین کارکردگی پر انہیں اور انکے والدین مبارک باد کے مستحق ہیں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر میٹرک کے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا اور وزیر اعلیٰ کے وژن کے مطابق میرٹ اور ذہانت کو سلام پیش کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام سالانہ شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا انہوں نے نتائج کے حوالے سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ میں انعامات، میڈلز اور تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے، کمشنر/چیئرمین بورڈ نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ امسال بورڈ کے ملازمین نے سخت محنت کر کے رزلٹ تیار کیا اور بلا شبہ گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ ایک مثالی ادارہ ہے۔ اور انشاءاللہ کامیابی کا یہ سلسلہ جاری وساری رہے گا۔ تقریب کے اختتام پر پوزیشن ہولڈرز طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے اور کمشنر و چیئرمین بورڈ نے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں خصوصی ہائی ٹی کا اہتمام کیا اور انہیں مثالی کامیابی پر مبارکباد پیش کی انہوں نے مزید کہا کہ ایسے امیدواران جنہوں نے اعتراضاتی مراسلہ جات کا جواب نہیں دیا جن کے ذمہ فیس کے بقایا جات واجب الادا ہیں۔ ان کے رزلٹ کارڈ دفتر ہذا میں روک لیے گئے ہیں۔ وہ اعتراضات دور کر کے یا بقایا جات کی جلد از جلد ادائیگی کر کے اپنے رزلٹ کارڈز حاصل کریں۔

جماعت اسلامی کے ٹیکسوں میں اضافہ کیخلاف لگائے کیمپ پر پولیس کا دھاوا

کارکنان کی مزاحمت شدید نعرہ بازی بعدازاں مذاکرات کے نتیجہ میں معاملات حل

عوامی دھرنا

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) بجلی بلوں اور ٹیکسوں میں اضافہ کیخلاف جماعت اسلامی PP 116 کی جانب سے ناولٹی پل پر لگائے کیمپ پر پولیس کا دھاوا۔ کارکنان کی مزاحمت شدید نعرہ بازی بعدازاں مذاکرات کے نتیجہ میں معاملات حل ہوگئے۔ اس موقع پر میاں عتیق الرحمن امیر زون اور میاں اعجاز حسین صدر نیشنل لیبر فیڈریشن ڈویژن فیصل آباد نے اس موقع پر کارکنان سے اپنی گفتگو میں کہا کہ 12 جولائی کو حافظ نعیم الرحمن کی کال پر عوام کا مقدمہ لڑنے کیلئے ہر صورت ڈی چوک شہر اقتدار اسلام آباد دھرنا میں شرکت کریں گے۔ یہ جماعت اسلامی کا فیصلہ ہے جس کے آگے کبھی رکاوٹیں حائل نہیں رہتی۔ حکومت ہوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے سے باز رہے۔ ورنہ انہیں بھگتنا پڑے گا۔ ماہ محرم ظلم کیخلاف جدوجہد کرنے کا درس دیتا ہے اور ہم بجلی بلوں، ٹیکسز میں اضافہ مہنگائی بے روزگاری اور حکمرانوں کی لوٹ مار کیخلاف آواز بلند کر رہے ہیں۔ ہتھکڑیاں اور جیلوں کی سلاخیں کبھی بھی جماعت اسلامی کی قیادت اور کارکنوں کے عزم کو کمزور نہیں بنا سکیں۔ یہ لڑائی اکیلی جماعت اسلامی کی نہیں پورے ملک کا مسلہ ہے سب کو ایک پیج پر آنا ہوگا۔ عوام الناس سے اپیل کرتے ہیں کہ ملک وقوم کو بچانا ہے تو خاموش مرنے کی بجائے مزاحمت کرنا ہوگی۔ امیر جماعت اسلامی ضلع فیصل آباد پروفیسر محبوب الزماں بٹ اور ٹکٹ ہولڈر جماعت اسلامی پی پی 116 رانا طہ خان کی کیمپ پر خصوصی شرکت۔ انہوں نے بھی اپنے خطاب میں کہا کہ عوام کو سہانے خواب دیکھا کر ووٹ لے کر ایوانوں میں جانے والے سیاستدان اپنے مفادات کے حصول کے لیے خاموش۔ جماعت اسلامی پہلے کی طرح آج بھی ملک وقوم کو چوروں لٹیروں اور مسائل سے نجات کے لیے جدوجہد میں مصروف عمل ہے۔ حکمران طبقہ اپنی عیاشیوں کیلئے غریب عوام کو بھینٹ چڑھا رہے ہیں ہم اس پر خاموش نہیں رہ سکتے۔ اس موقع پر میاں منیب الرحمن۔ یوسف شاہ۔ نزیر احمد سفری۔ پروفیسر ڈاکٹر میاں سیف الرحمن۔ سہیل قاسمی، ملک محمد یونس، اسلم بجلی والے، ملک منظور، ثناء اللہ انصاری، چوہدری جاوید اسلم ساہی، ساجد، طاہر انصاری، دیگر بھی موجود تھے

شہادت حسین اصل میں دین کی بقاء ہے، محمد خالد چشتی

خاندان رسول نے اللہ کی رضا کیلئے کربلا کے میدان میں خون سے تاریخ لکھی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) شہادت حسین اصل میں دین کی بقاء ہے ساری کائنات پر حکومت ہونے کے باوجود خاندان رسول نے اللہ کی رضا میں راضی رہتے ہوئے کربلا کے میدان میں خون سے تاریخ لکھی اور امت کو بتا دیا کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے باطل کے ہاتھ پر کبھی بیعت نہیں ہوسکتی واقعہ کربلا ہمارے لیے بہت سے پیغامات چھوڑ گیا ہے مگر افسوس کہ ہم کربلا والوں کے پیغام کو بھول چکے ہیں ان خیالات کا اظہار تنظیم علماء اہلسنت نارنگ کے صدر قاری محمد خالد چشتی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ انہوں نے مزید کہا کہ تنظیم علماء اہلسنت کے زیر اہتمام مختلف مساجد میں 10 روزہ شہدائے کربلا کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے جو یکم محرم سے 10 محرم تک جاری رہیں گی تا کہ اپنی نسلوں کو شہدائے کربلا کا پیغام دے سکیں اور انہیں پتہ چل سکے کہ عظیم ترین خاندان نے اپنا سب کچھ راہ خدا میں قربان کر دیا لیکن حق کے ساتھ ڈٹے رہے انہیں کی وجہ سے آج اسلام کا پرچم سربلند ہے ہمیں امام حسین علیہ السلام اور ان کے رفقاء کے نقش قدم پر چلنے کی ضرورت ہے اسی میں ہماری بقاء ہے مگر افسوس کہ ہم حق کے راستے کو چھوڑ کر مادہ پرستی اور نفسانفسی میں پڑ چکے ہیں۔

سیلاب صورتحال سے نمٹنے کیلئے انتظامات کا جائزہ اجلاس

سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا چکی، ڈی سی کو بریفنگ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر صدارت ممکنہ سیلاب صورتحال سے نمٹنے کے لیے ضلعی اداروں کی جانب سے کیے گئے انتظامات کا جائزہ اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ایکسین ایریگیشن ہیڈ بلوکی محمد طارق، پاک فوج کے افسران سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ ایکسین ایریگیشن نے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا چکی ہے اور ضلعی اداروں نے فرضی مشقوں کو بھی مکمل کر لیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے پیشگی انتظامات مکمل کرنے پر متعلقہ محکموں کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے یکجا ہو کر کسی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہیں، ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، تمام متعلقہ محکمہ جات کی جانب سے ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ سیلاب میں استعمال ہونے والی مشینری و سامان کی چیکنگ کے عمل کو بھی مکمل کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ایریگیشن و دیگر ادارے روزانہ کی بنیاد پر دریائے راوی پر سروے جاری رکھیں اور رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر پیش کریں۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے یہ بھی کہا کہ مون سون کے موسم میں تمام ضلعی انتظامیہ کے اداروں کو الرٹ رکھا گیا ہے، تمام متعلقہ ادارے بارشی پانی کی نکاسی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔

حافظ آباد: کوٹ لدھا میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی عمران عباس چدھڑ کی کاوش سے کوٹ لدھا میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد، مدرسہ دار العلوم تعلیم القرآن میں لگائے گئے بلڈ ڈونیشن کیمپ میں دینی مدرسہ کے طلبہ اور شہریوں نے خون کے عطیات دیئے اور 100 سے زائد خون کے بیگ اکٹھے کئے گئے کیمپ میں ڈی ایس پی عمران عباس چدھڑ، سید اظہر حسین شاہ، چیئرمین سندس فاؤنڈیشن حاجی سرفراز احمد، ایس ایچ او کوٹ لدھا ارمغان مقسط، یوسف کھوکھر، سب انسپکٹر بلال ورک، سب انسپکٹر رحمت علی، مولانا محمد ابوبکر اور دیگر نے بھی شرکت کی، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی ایس پی عمران عباس چدھڑ نے کہا کہ سندس فاؤنڈیشن میں زیر علاج تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا کے مریض بچوں کے لئے خون کی فراہمی کا مشن کامیابی سے جاری ہے انسانیت کی خدمت کے اس کام میں ہزاروں افراد اپنے خون کا عطیہ دے کر دکھی خاندانوں کے لئے امید اور ڈھارس کا باعث بنے ہیں ان کا کہنا تھا کہ بلڈ ڈونیشن کیمپس میں اکٹھے کئے گئے خون کے عطیات زندگی کے لئے ترستے ہوئے معصوم مریض بچوں کے چہرے پر جو مسکراہٹ لاتے ہیں وہ بلاشبہ بیش قیمت ہے

حسان نعت کونسل کے زیر اہتمام ذکر شہدائے کربلا اور

شان عمر فاروق رضی اللہ عنہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) صاحبزادہ ضیاء الدین احمد جیلانی کی زیر صدارت جامع مسجد نواب میں حسان نعت کونسل کے زیر اہتمام ذکر شہدائے کربلا اور شان عمر فاروق رضی اللہ عنہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں حسان نعت کونسل کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری بھی ہوئی قاری محمد اصغر نوشاہی نے تلاوت قرآن مجید سے آغاز کیا میاں محمد نواز نے نقابت اور سلامت علی سیالوی سید شمس الدین شاہ اور بلال چشتی نے اہلبیت کی شان میں منقبت پیش کی قاری انیس چشتی سید قمرالدین شاہ علامہ بلال احمد نوری طاہر محمود چشتی اور عامر مدنی نے صحابہ واہلبیت کی شان بیان کرتے ہوئے کہا کہ صحابہ واہلبیت کی محبت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہو سکتا ان کی اسلام کیلئے بے شمار خدمات ہیں جنہوں کسی صورت بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا حضرت امام حسین علیہ السلام نے دین کیلئے گھربار سب کچھ لٹا دیا حسان نعت کونسل انہیں خراج تحسین پیش کرنے کیلئے مختلف مقامات پر کانفرنسز کا انعقاد کروائے گی۔

موجودہ حکومت پر عوام کا بالکل بھی اعتماد نہیں، عادل پرویز

پوری دنیا میں الیکشن نتائج 2024ء پر سوالیہ نشان کھڑے کر دیئے ہیں

سمندری (اعظم رضا راول سے) موجودہ حکمران جعلی اور فارم 47 کی پیداوار ہیں، موجودہ حکومت پر عوام کا بالکل بھی اعتماد نہیں ہے انہیں حکومت چھوڑ دینی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار حلقہ پی پی 105 سے فارم 45 والے MPA چوہدری عادل پرویز سلطان گجر ضلعی صدر پی ٹی آئی فیصل آباد نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ پوری دنیا نے دیکھا کہ 8 فروری کو وطن عزیز پاکستان کی غیور باشعور عوام نے بانی پی ٹی آئی قائد عمران خان کو ووٹ دیئے لیکن ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت الیکشن کمیشن کی ملی بھگت سے فارم 45 والے جیتے ہوئے امیدواران کو فارم 47 کے ذریعے ہروا دیا گیا جس کو پاکستان سمیت دنیا بھر کے عوام نے یکسر مسترد کر دیا اور پوری دنیا میں الیکشن نتائج 2024ء پر سوالیہ نشان کھڑے کر دیئے۔ انہوں نے کہا کہ فارم 45 والے کامیاب امیدواران جن کو عوام نے مینڈیٹ دیا وہ اپنی سیٹوں کو کھو کر بھی عوام میں موجود ہیں جبکہ فارم 47 کے ذریعے جتوائے گئے جعلی ممبران اسمبلی عوام کا سامنا کرنے سے بھی گریزاں ہیں۔ مزید کہا کہ ان شاء اللہ بہت جلد حالات تبدیل ہوں گے اور فارم 47 کے ذریعے جتوائے گئے جعلی ممبران کو شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ مزید کہا کہ مخصوص نشستوں میں بھی ان کا حق بنتا ہے جن کو ووٹ دیا گیا، امید ہے مخصوص نشستیں پی ٹی آئی یا سنی اتحاد کونسل کو ملیں گی۔

ہونہار طالبہ فاطمہ ظہیر کا میٹرک میں اے پلس گریڈ

1073 نمبرز کیساتھ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول پاور ہاؤس میں نمایاں اعزاز

ایمان کامران کی بھی میٹرک میں فقید المثال کامیابی، مبارکبادوں کا سلسلہ جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) امسال میٹرک کے امتحانات میں سینیئر صحافی کالم نگار خواجہ عامر جاوید کی بھانجیوں فاطمہ ظہیر نے میٹرک میں 1073 نمبرز کیساتھ اے پلس گریڈ حاصل کیا جبکہ ایمان فاطمہ نے میٹرک میں نمایاں پوزیشن کیساتھ فقید المثال کامیابی حاصل کی۔ فیملی و فیملی فرینڈز کی جانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری۔ فاطمہ ظہیر گورنمنٹ گرلز ہائی سکول پاور ہاؤس جبکہ ایمان فاطمہ پرائیویٹ سکول میں داخل تھیں۔ فاطمہ ظہیر و ایمان کامران کا کہنا ہے کہ اللہ تعالی کے بعد والدین کی دعائیں شامل حال رہیں جس سے اللہ تعالی کے فضل سے اچھی پوزیشنز حاصل کیں۔

صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیح، ڈاکٹر فہد وحید

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) صحت کی تمام تر بنیادی سہولیات فراہم کرنا میری اولین ترجیحات ہیں ڈاکٹرز پیرامیڈیکل سٹاف سمیت ملازمین مریضوں کے ساتھ حسن سلوک اپنا وطیرہ بنائیں شکایت کی صورت میں سخت محکمانہ کارروائی ہو گی بنیادی مراکز صحت پر ابتدائی طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بناؤں گا چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ شیخوپورہ ڈاکٹر فہد وحید کی نارنگ منڈی سمیت دیگر علاقوں میں اچانک دورہ کے بعد سٹی پریس کلب سے گفتگو ان کا کہنا تھا وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سیکرٹری ہیلتھ پنجاب علی جان کی وضع کردہ ہیلتھ پالیسی پر عملدرآمد یقینی ہوگا مریضوں کے لئے تمام تر ممکن طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے ضلع شیخوپورہ کے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز سمیت دیگر عملہ موجود ہوگا تا کہ آنے والوں مریضوں کو بروقت طبی امداد دی جا سکے ملازمین سے التماس ہے مریضوں کے ساتھ حسن سلوک اپنا وطیرہ بنالیں انسانیت کی خدمت ہی اصل دین ہے جو ملازم اپنے فرائض منصبی اچھے طریقے سے ادا نہیں کریے گا محکمانہ کاروائی کے لئے تیار رہے۔

چناب کالج کی ہونہار طالبہ نے 1158 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کر لی

جھنگ (بیورو رپورٹ) چناب کالج کی ہونہار طالبہ نے 1158 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کر لی تفصیلات کے مطابق میٹرک کے سالانہ امتحانات میں چناب کالج جھنگ کی ہونہار طالبہ حبیبہ مدثر نے 1200 نمبر میں سے 1158 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کر لی ہے ہونہار طالبہ حبیبہ مدثر ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ کی صاحبزادی ہیں ان کی کامیابی پر چیف انجینئر فیسکو پی اینڈ ڈی رائے فیصل رضا مارتھ، ایس ای فیسکو سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ، ایکسین ملک مرید حسین، ساجد پرویز سدھانہ، راؤ انعام الحق، ضرغام عباس بلوچ، ایس ڈی او جنید اسلم انصاری، محمد اسماعیل خالد قریشی، خاور علی جٹ، علی عدنان انجم، آصف رشید، شہباز ملک، زونل چیئرمین قاضی نعیم عباس، صفدر نواز ڈب، اقبال انجم، حافظ عبدالقیوم نے ہونہار طالبہ کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے مستقبل میں بھی شاندار کامیابی کی دعاؤں سمیت نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

عزم استحکام

پچھلے کالم کے اختتامی کلمات اس بات کا اعادہ کر رہے تھے کہ ریاست پاکستان کی طرف سے اناونسڈ ایکسائز "عزم استحکام" پر کسی قسم کے تبصرے یا قیاس آرائی سے قبل اگر کچھ زمینی حقائق اور معروضی حالات کا تجزیہ کرلیا جائے تو شائدوہ ایک عام قاری کا ذہن اس حد تک کلیر کر دے کہ مستقبل کے حوالے سے اس ایکسائز کی کیا افادیت ہوسکتی ہے یا متبادلاً یہ پاکستان کیلئے اور کن مصیبتوں کا باعث بن سکتی ہے۔ بات شروع ہوئی تھی کہ جیسے ہی غالباً 22 جون کو اس ایکسائز کی شروعات کے عزم کا اظہار کیا گیا اس سے ٹھیک چار دن بعد 26 جون کو امریکی ایوان نمائندگان کو یہ قرارداد پاس کرنے کی کیوں ضرورت پیش آئی۔ مزید برآں اسکے محرکات کے ساتھ ساتھ اس قراداد کے متن میں درج نقاط کے علاوہ اس قرارداد کے اور کیا مطلوبہ اہداف ہو سکتے ہیں۔ ان حقائق کو جاننے کیلئے سب سے پہلے اسکے متن کی طرف آئیں تو اس قرارداد کا آغاز "where as" سے کیا گیا جس کا اردو ترجمہ "کیونکہ" یا "چونکہ" ہوتا ہے اور یہاں پندرہ پوائنٹس دیئے گئے ہیں جسکال±ب لباب یہ ہے کہ چونکہ آپکا امریکہ کے ساتھ فلاں فلاں معاہدہ فلاں فلاں تاریخ کو ہوا جس میں آپ نے یہ یہ یقین دہانی کروائی وغیرہ وغیرہ۔ لہٰذا ان معاہدوں کی روشنی اور پاکستان میں ہونے والے حالیہ الیکشن کے بارے میں کچھ بین الاقوامی مبصرین کی رپورٹوں کے جائزے کے بعد فکری سطح پر یہ ایوان نمائندگان پاکستان میں جمہوری پراسس کو، جس میں فری اینڈ فیئر الیکشن شامل ہے، سپورٹ کرتا ہے دوئم یہ ایوان امریکن صدر اور سیکرٹری آف اسٹیٹ کو باور کراتا ہے کہ وہ حکومت پاکستان سے اس سلسلے میں رابطہ کرے کہ وہاں انسانی حقوق اور رول آف لاء کی پاسداری کی جائے۔ سوئم وہ حکومت پاکستان سے مطالبہ کرے کہ جمہوری اداروں، الیکٹورل اداروں، جمہوریت، بنیادی انسانی حقوق، فریڈم آف پریس، فریڈم آف اسمبلی اور آزادی رائے کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے۔ چہارم ان تمام کوششوں جنکے تحت وہاں کے لوگوں کی جمہوری کوششوں کو بذریعہ ہراسمنٹ، تشدد، غیر قانونی نظر بندیوں اور انٹرنیٹ پر پابندیوں کے ذریعے انکے سول اور بنیادی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے یہ ایوان ایسی کاروائیوں کی مذمت کرتا ہے۔ پنجم وہ ہر اس اقدام کی مذمت کرتا ہے جسکے تحت کسی بھی سیاسی، الیکٹورل اور عدالتی پراسس کو تبدیل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اور آخر میں یہ ایوان پاکستان میں ہونے والے حالیہ انتخاب کے حوالے سے ایک مکمل اور باضابطہ تحقیقات چاہتا ہے۔

اس قرارداد کے متن پر غور کیا جائے تو یہ قرارداد ایوان نمائندگان کی طرف سے ایک فکری تشویش کا اظہار ہے۔ مزے کی بات کہ قرداد میں خاصکر پانچ، چھ اور سات نمبر پر درج نقات اس بات کی چغلی کھا رہے ہیں کہ جن حالات اور واقعات کا ان میں حوالہ دیا جا رہا ہے ان میں بیشتر ماضی کے وہ واقعات ہیں جب پاکستان میں ڈکٹیٹر شپ کا دور دورہ تھا اور جب پاکستان انہی ایوان نمائندگان پر مشتمل امریکن حکومت کے ساتھ مکمل روابط میں تھا جبکہ امریکن اسٹیبلشمنٹ نے اس وقت پاکستان آرمی کے کسی بھی اقدام کو نہ صرف چیلنج نہیں کیا بلکہ وہ ہر فورم پر انکے تمام اقدامات کو سپورٹ کرتی رہی۔ مزید برآں دیکھنے والی یہ بات ہے کہ 2018ء کے جس الیکشن میں فوجی اثر اندازی کی بات کی جا رہی ہے اسکے نتیجے میں کس کی حکومت بنی اور کیا اس وقت اس ایوان نمائندگان نے ایسی کوئی نشاندہی کی جس سے یہ پتا چل سکے کہ ان انتخابات میں فوج کی طرف سے کوئی اثر ورسوخ استعمال ہوا۔ جب اس وقت ایسا کوئی سوال نہیں ا±ٹھایا گیا تو اب کیوں۔

قارئین اس سیر حاصل گفتگو میں جن نقات کی نشاندہی کی گئی ہے اسکی تفصیلات جاننے کے بعد ایک عام قاری سمجھ سکتا ہے کہ یہ قراداد اصل میں پاکستان آرمی کو دباو میں لانے کی ایک کوشش ہے کیونکہ یہ حقیقت اپنی جگہ پر موجود ہے کہ جسطرح ریاست نے سی پیک کے معاملے میں اسی طرح کمر باندھی ہوئی ہے جیسے اس نے ایٹمی طاقت کے حصول میں اپنا عزم دکھایا تھا، اسکے پیش نظر اس قراداد کا عین اس وقت آنا جب پاکستان کی سیاسی اشرافیہ اور اسٹیبلشمنٹ اس منصوبہ کی تکمیل میں چین کے ساتھ کھڑی نظر آتی ہے، کسی مبالغہ آرائی یا شک وشبہ سے بالاتر ہے۔ دوئم جسطرح بعض حلقوں کی طرف سے یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ یہ قراداد کسی مخصوص سیاسی پارٹی کی لابنگ کی وجہ سے آئی ہے اس میں بھی کوئی وزن دکھائی نہیں دیتا کیونکہ جس عددی اکثریت سے یہ قرارداد پاس ہوئی ہے یہ کسی لابنگ فرم کے بس کی بات نہیں اور نہ ہی یہ کسی فکری نشست کا حصول ہے۔ یہ عددی اکثریت واضع طور پر اس بات کا اظہار ہے کہ اسکے پیچھے وہاں کی اسٹیبلشمنٹ کھڑی ہے جو کہ ایڑی چوٹی کا زور لگا رہی ہے کہ کسی طرح یہ سی پیک منصوبہ اپنی تکمیل کو نہ پہنچے۔

ناراض بلوچ، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی پر بلاول بھٹو کا سخت ردعمل!!!!


سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

پاکستان کی بدقسمتی ہے کہ حکمرانوں نے ہر دور میں بنیادی مسائل کے دیرپا اور پائیدار حل کے بجائے وقت گذارنے کی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ معاشی پالیسیاں ہوں، سیاسی استحکام ہو، عام آدمی کے مسائل ہوں، توانائی کا شعبہ ہو، صوبوں کے مسائل ہوں یا پھر ترقیاتی منصوبے، ہر شعبے میں حکمرانوں نے صرف وقتی فائدہ دیکھتے ہوئے کام کیا۔ ان سب سے بڑھ کر بدقسمتی ہے کہ امن و امان کے معاملے میں بھی سیاسی قیادت نے ملکی مفاد کے بجائے سیاسی مفاد کو ہی ترجیح دی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ملک کے مسائل اس حد تک بڑھ چکے ہیں کہ ایک جگہ سے پانی روکنے کی کوشش کرتے ہیں تو دوسری طرف سے نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ یعنی نظام میں اتنے سوراخ ہو چکے ہیں کہ سنبھالنا مشکل ہو رہا ہے۔ اس سے زیادہ تکلیف دہ بات کیا ہوگی کہ بلوچستان کے لوگ آج بھی احساس محرومی میں مبتلا ہیں۔ بلوچستان کے لوگ سمجھتے ہیں کہ دیگر صوبے ان کی حق تلفی کرتے ہیں اور وفاق بلوچستان کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی کا اظہار نہیں کرتا۔ مختلف وقتوں میں حکمران بلوچوں کے ساتھ وعدے تو کرتے آئے ہیں لیکن جتنے وعدے ہوئے ہیں ان کا نصف بھی نبھایا جاتا تو آج حالات مختلف ہوتے لیکن ایسا نہیں ہوسکا۔ ملک کے موجودہ وزیراعظم میاں شہباز شریف کوئٹہ گئے ہیں اور انہوں نے ناراض بلوچوں کو مل بیٹھ کر گلے شکوے دور کرنے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو بلوچستان اور پاکستان کی خیر خواہی چاہتا ہے اسے گلے لگائیں گے، خارجی طاقتوں کو ہم سب جانتے ہیں۔ ہم نے عام آدمی کو ریلیف دینا ہے، وفاق بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے آپ کے ساتھ ہے، اگر بلوچستان اور کے پی میں سرمایہ کاری لانی ہے تو سکیورٹی ہماری سب سے پہلی ضرورت ہے، ہم دہشت گردی کے ناسور کو مل کر ختم کریں گے۔ بلوچستان ترقی کی دوڑ میں پیچھے ہے جس کی کئی وجوہات ہیں، اگر پانچ سو ارب سبسڈی کا پیسا بلوچستان کی ترقی وخوشحالی پر لگا ہوتا تو یہاں ترقی ہوتی۔

میاں صاحب دوسری مرتبہ ملک کے وزیراعظم بنے ہیں۔ ان کے برادر اکبر تین مرتبہ ملک کے وزیراعظم رہ چکے ہیں یعنی نہ تو بلوچستان کے مسائل موجودہ وزیراعظم کے لیے کچھ نئے ہیں نہ ہی وہ یہ حالات پہلی مرتبہ دیکھ رہے ہیں۔ کاش کہ ایک مرتبہ مل بیٹھ کر طے کرلیں کہ ہم نے ترقی کا سفر کرنا ہے اور اس کے راستے میں ہر رکاوٹ کو عبور کرنا ہے۔ اس کام کا طریقہ کار طے کریں اور پھر پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ اس سلسلے میں صوبائی حکومت کو بھی سنجیدگی اور تسلسل سے کام کرنا ہوگا۔ بدقسمتی سے ایسا ہوتا نہیں ہے، کچھ وقت سوچا ضرور جاتا ہے لیکن یا تو ہم عملی اقدامات سے دور رہتے ہیں یا پھر سیاسی جوڑ توڑ میں وقت ضائع کرتے ہیں۔ بلوچستان کی حکومت کے لیے لازم ہے کہ وہ اس دور جدید میں صوبے کے بنیادی مسائل کے دیرپا اور پائیدار حل کی بنیاد رکھے اور ان پر تیزی سے کام شروع کرے۔

جہاں تک تعلق ملک میں اندرونی و بیرونی سرمایہ کاری کا معاملہ ہے جیسا ہے کہ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے امن و امان کو سب سے اہم قرار دیا ہے۔ اس حوالے سے خیبر پختونخوا بہت اہم صوبہ ہے۔ خیبر پختونخوا میں امن و امان برقرار رکھنے اور امن دشمنوں کو ٹھکانے لگانے کی کوشش میں دفاعی اداروں کے افسران و جوان قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں لیکن پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے صوبے میں بدامنی کا ذمہ دار کے پی کے حکومت کو قرار دیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کہتے ہیں اگر خیبر پختونخوا حکومت کے عہدیدار دہشت گردوں کے سہولت کار بن جائیں تو کیسے دہشت گردی کا مقابلہ ہوگا؟ سیاست اپنی جگہ لیکن سکیورٹی مسائل پر ایک ہیں۔ ماضی کے چند فیصلوں کے باعث اب تک دہشت گردی سے نہیں نمٹ سکے۔ بلاول بھٹو زرداری کا یہ بیان خیبر پختونخوا حکومت کے خلاف بالخصوص امن و امان کے معاملے میں چارج شیٹ ہے۔ چونکہ امن و امان کے معاملے میں کوئی سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ بلاول بھٹو نے جو کہا ہے مجھے امید ہے کہ یہ بیان جاری کرتے ہوئے بھی انہوں نے کوئی سیاست نہیں کی ہو گی۔ کیونکہ یہ معمولی بات نہیں کہ ملک کے ایک صوبے میں حکومتی عہدیداروں کو دہشتگردوں کا سہولت کار قرار دے دیا جائے۔ ویسے خیبر پختونخوا میں امن و امان کے قیام کو سامنے رکھتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بات کریں تو وہاں دہشتگردوں کا قلع قمع کرنے کے لیے ہمارے جوان رات ایک کیے ہوئے ہیں۔ صوبے میں رواں سال کے چھ ماہ کے دوران چھ سو چالیس انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں کالعدم ٹی ٹی پی کے دوسو ستانوے شدت پسند مارے گئے ہیں۔ ان آپریشنز کے دوران پانچ سو دس دستی بم، دو سو سترہ مارٹر شیل، چونتیس آئی ای ڈی بم اور گیارہ ہزار چار سو ستانوے ایس ایم جی سمیت دیگر اسلحہ برآمد کیا گیا۔ اس دوران صوبے کے مختلف تیرہ اضلاع میں ہونے والے آپریشنوں میں ماہ جنوری میں 41، فروری میں 55 اور مارچ میں باون شدت پسند مارے گئے جب کہ اپریل اور مئی میں پچپن، پچپن شدت پسند ہلاک ہوئے، اس کے علاوہ گزشتہ ماہ کے دوران انتالیس شدت پسند مارے گئے تھے۔ شمالی وزیرستان میں سب سے زیادہ ایک سو بارہ، ڈیرہ اسماعیل خان میں چھیالیس، ٹانک میں بتیس، لکی مروت میں تیس، خیبر میں چوبیس اور جنوبی وزیرستان میں اٹھارہ شدت پسند مارے گئے۔ آس کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی سکیورٹی اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں۔ ستم ظریفی ہے کہ سیاسی قیادت ان حالات کو جاننے کے باوجود ملک میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیوں کے معاملے تقسیم ہے۔ صرف خیبر پختونخوا میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران اگر چھ سو چالیس انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ہوئے ہیں تو یہ معمولی حالات نہیں ہیں۔ پھر بھی ہم اپنی اپنی سیاست کو بچانے میں لگے ہیں تو یہ ملک وقوم کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔

ایک بہت دلچسپ خبر سانگھڑ سے ہے۔ جہاں ایک نوجوان خاتون کے بھیس میں درگاہ پر لڑکی سے ملنے آیا اور زائرین کے ہتھے چڑھ گیا بس اس کے بعد جو ایسے مواقع پر ہوتا وہ ہوا۔ لڑکی ملی یا نہیں ملی لیکن درگاہ پر ان کی درگت خوب بنی۔ کیا کمال کا ٹیلنٹ ہے، یہ بے وقوفی ہے یا بہادری، اتنا بے خوف تو نوجوانوں کو ملک وقوم کی تعمیر کے کاموں میں ہونا چاہیے۔ کاش کہ ملک کا نوجوان اپنے آپ کو پہچانے اور اس میں یہ احساس پیدا ہو کہ ملک کو اس کی کتنی ضرورت ہے۔ ان کاموں میں جوتے چھوڑ کر بھاگنے کے بجائے ایسے کام کریں کہ لوگ آپ کے نقش قدم پر چلیں۔ حکمران طبقے کو چاہیے کہ وہ نوجوان نسل کی رہنمائی کرے۔

آخر میں گلزار کا کلام

تجھ سے ناراض نہیں زندگی، حیران ہوں میں
تیرے معصوم سوالوں سے پریشان ہوں میں
جینے کے لیے سوچا ہی نہیں، درد سنبھالنے ہوں گے
مسکرائیں تو مسکرانے کے قرض اتارنے ہوں گے
مسکراؤں کبھی تو لگتا ہے جیسے ہونٹوں پہ قرض رکھا ہے
تجھ سے ناراض نہیں زندگی، حیران ہوں میں
تیرے معصوم سوالوں سے پریشان ہوں میں
آج اگر بھر آئی ہے بوندیں، برس جائیں گی
کل کیا پتا ان کے لیے آنکھیں ترس جائیں گی
جانے کب گم ہوا کہاں کھویا ایک آنسو چھپا کے رکھا تھا
تجھ سے ناراض نہیں زندگی، حیران ہوں میں
تیرے معصوم سوالوں سے پریشان ہوں میں
زندگی تیرے غم نے ہمیں رشتے نئے سمجھائے
ملے جو ہمیں دھوپ میں ملے چھاؤں کے ٹھنڈے سائے
تجھ سے ناراض نہیں زندگی، حیران ہوں میں

اور اب سوشل میڈیا کو ’’ریگولیٹ‘‘ کرنے کی تیاری


برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

کسی کرشمہ ساز کو بے تحاشہ ملکی مسائل کا یک وتنہا مداوا ثابت کرنے کے لئے لازمی ہے کہ اس معاشرے کے تمام اداروں کی ساکھ کو ’’نظام کہنہ‘‘ کا نمائندہ ٹھہراتے ہوئے تباہ وبرباد کردیا جائے۔ وطن عزیز میں ایسے عمل کا آغاز اکتوبر 2011ء میں ہوا تھا۔ لاہور کے مینار پاکستان تلے ایک جلسہ منعقد ہوا۔ اس سے خطاب کرتے ہوئے کرکٹ سے سیاست میں آئے عمران خان نے خود کو باریاں لینے والے آصف علی زرداری اور نواز شریف کا متبادل بنا کر پیش کیا۔

موصوف 1996ء سے تحریک انصاف کے نام سے ایک سیاسی جماعت بنائے ہوئے تھے۔ اپنے قیام کے چند ماہ بعد یہ جماعت انتخابی میدان میں اتری تو قومی اور صوبائی اسمبلیوں کی ایک نشست بھی حاصل نہ کرسکی۔ نواز شریف ’’ہیوی مینڈیٹ‘‘ کے ساتھ وزارت عظمیٰ کے منصب پر لوٹ آئے۔ ان کی واحد حریف یعنی پاکستان پیپلز پارٹی قومی اسمبلی میں 18 نشستوں تک محدود ہوگئی۔ ’’ہیوی مینڈیٹ‘‘ کے خمار میں نواز حکومت نے احتساب بیورو کے ذریعے اپنے مخالف سیاستدانوں کو ’’چور اور لٹیرے‘‘ ثابت کرنے کی مہم کا آغاز کیا۔ بتدریج ’’شرعی نظام‘‘ نافذ کرنے کے بہانے خود کو ’’امیر المومنین‘‘ کہلوانے کی کاوشیں بھی شروع کردیں۔

اندرون ملک اپنے سیاسی مخالفین کے ساتھ اپنائے رویے کے برعکس نواز شریف نے پاکستان کے ’’ازلی دشمن‘‘ بھارت کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ بھارت نے 1998ء میں ایٹمی دھماکہ کیا تو اس کے جواب میں تاہم لیت ولعل سے کام بھی نہ لیا۔ دونوں ملک خود کو ایٹمی قوت ثابت کرچکے تو باہمی مذاکرات کی گنجائش نکل آئی۔ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی بس میں بیٹھ کر لاہور آئے۔ مینار پاکستان جاکر پاکستان کی حقیقت کا اعتراف بھی کیا۔ اس کے بعد مگر کارگل ہوگیا۔

اندرون ملک اپنے سیاسی مخالفین کے ساتھ اپنائے رویے کے برعکس نواز شریف نے پاکستان کے ’’ازلی دشمن‘‘ بھارت کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ بھارت نے 1998ء میں ایٹمی دھماکہ کیا تو اس کے جواب میں تاہم لیت ولعل سے کام بھی نہ لیا۔ دونوں ملک خود کو ایٹمی قوت ثابت کرچکے تو باہمی مذاکرات کی گنجائش نکل آئی۔ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی بس میں بیٹھ کر لاہور آئے۔ مینار پاکستان جاکر پاکستان کی حقیقت کا اعتراف بھی کیا۔ اس کے بعد مگر کارگل ہوگیا۔

کارگل نے جنرل مشرف کو سری نگر کے بجائے ایوان صدر پہنچایا تو وہ پاکستان میں ’’حقیقی جمہوریت‘‘ متعارف کروانے کو ڈٹ گئے۔ ایوب خان کی طرح جمہوریت کو ’’جڑوں سے مضبوط کرنے‘‘ کی ٹھان لی۔ عمران خان کو گمان تھا کہ مشرف کی متعارف کردہ ’’جمہوریت‘‘ ان کی جماعت کو توانا تر بنائے گی۔ مسلم لیگ (نون) سے جدا ہوئے چودھری شجاعت حسین جیسے جہاں دیدہ سیاستدان مگر ’’نئے سسٹم‘‘ میں فٹ ہوگئے۔ داخلی معاملات ان جیسے سیاستدانوں کے حوالے کرکے جنرل مشرف افغانستان کو ’’دہشت گردی سے پاک کرنے کی مہم‘‘ میں امریکہ کیساتھ بھرپور تعاون میں مصروف ہوگئے۔ افغانستان میں غیر ملکی افواج کی موجودگی کے خلاف آواز بلند کرتے ہوئے بانی تحریک انصاف نے خیبر پختونخواہ کے نوجوانوں کے دل موہ لئے۔ وہ آج بھی ان کی ’’Core‘‘ بنیادی قوت ہیں۔ 2011ء تک مگر عمران خان کو پنجاب میں نواز شریف کا متبادل ثابت کرنے میں بہت دقت پیش آرہی تھی۔ دریں اثناء ’’مقتدر‘‘ کہلاتی قوتیں بھی ’’باریاں لینے والوں‘‘ کا متبادل ڈھونڈ رہی تھیں۔ عمران خان نے ان سے روابط بڑھائے اور پھر جو ہوا وہ تاریخ ہے۔

آج کے کالم کا اصل موضوع ایسے بھی اس امر پر اصرار کرنا ہے کہ کسی فرد واحد کو ملک کی تمام تر مشکلات کا مداوا ثابت کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہاں کے روایتی نظام کو فرسودہ اور بدعنوان ٹھہراتے ہوئے تباہ وبرباد کردیا جائے۔ سوشل میڈیا کی ایجاد نے اس ہدف کا حصول آسان بنادیا ہے۔ تحریک انصاف کی قیادت نے اسے پروفیشنل انداز میں استعمال کرنے کا فیصلہ کیا۔ ’’نظام کہنہ‘‘ کا ایک نسبتاً کمزور نمائندہ یعنی ’’صحافت‘‘ اس کا پہلا نشانہ بنی۔

عمران خان کے اندازِ سیاست پر واجب سوالات اٹھاتے صحافیوں کو ماہرانہ انداز میں ٹارگٹ کرتے ہوئے تحریک انصاف کی سپاہ ٹرول نے انہیں ’’لفافے‘‘ ثابت کرنا شروع کردیا۔ اس کے علاوہ فیس بک وغیرہ میں نقب لگا کر ایسی تصاویر بھی بازار میں پھیلادی گئیں جنہوں نے عوام کو یہ پیغام دیا کہ اپنی تحریروں اور ٹی وی پروگراموں کے ذریعے ’’حق وسچ کے بھاشن دینے والوں کی ذاتی زندگیاں‘‘ گناہ آلود‘‘ ہیں۔ فقط چند ہی صحافی کردار کشی کی اس مہم کے سامنے ٹک پائے۔ اکثریت عزت بچانے کے خوف سے تحریک انصاف کی ہم نوا بن گئی۔ تحریک انصاف 2018ء※ کے برس اقتدار میں آئی تو صحافت کو برے لوگوں سے کاملاً پاک کردیا۔

صحافت پر کامل کنٹرول کے باوجود تحریک انصاف اپریل 2022ء میں اپنی حکومت بچا نہیں پائی۔ اس کی جگہ آئی شہباز حکومت مگر بیانیہ سازی کے ہنر سے قطعاً محروم تھی۔ اقتدار سے محرومی کے بعد عمران خان اپنے دعوے کے مطابق ’’مزید خطرے ناک‘‘ ہوگئے۔ اپنی ساکھ کھودینے کے بعد روایتی صحافت ان کی مقبولیت کے روبرو ٹک نہیں سکتی۔ سوشل میڈیا پر چھائے ’’ذہن ساز‘‘ ہی اب حق وصداقت کی علامتیں تصور ہوتی ہیں۔

وقت مگر کبھی ایک سا نہیں رہتا۔ ہر عروج کے بعد زوال کا آغاز بھی ہوتا ہے اور میری ناقص رائے اب سوشل میڈیا پر ’’ذہن سازی‘‘ کا عمل اپنے انجام کو بڑھ رہا ہے۔ گزرے ہفتے کے آخری دودنوں میں اسلام آباد کے ایک معزز جج صاحب کے خلاف کردار کشی کی جس مہم کا آغاز ہوا وہ شعوری یا لاشعوری طور پر سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کی ’’ذہن سازی‘‘ کے عمل پر میری دانست میں ’’خودکش‘‘ حملہ تھا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے تمام عزت مآب ججز اس سے مشتعل ہوگئے۔ پیر کی سہ پہر اس کے فل کورٹ کا ہنگامی مگر مختصر ترین اجلاس ہوا۔ سوشل میڈیا پر ایک عزت مآب جج کی ذات کے بارے میں مچائی واہی تباہی کے جواب میں حکومتی اداروں کی خاموشی پر اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحب نے سخت سوالات اٹھائے۔ ہمیں یہ سوچنے کو مائل کیا کہ شاید حکومت ہی کردار کشی کی مذکورہ مہم کی حقیقی سرپرست تھی۔

میرے بے شمار دوست شاید میرے خدشات کو حقارت سے ٹھکرادیں گے۔ ان کی خفگی کا خطرہ مول لیتے ہوئے بھی دست بستہ یہ عرض کرنے کو مجبور ہوں کہ اعلیٰ عدالتوں سے ان کے ساتھی ججوں پر سوشل میڈیا کے ذریعے ہوئے کردار کش حملوں کے خلاف آیا ردعمل بالآخر سوشل میڈیا کو بھی روایتی کی طرح ’’ریگولیٹ‘‘ کرنے کا سبب بنے گا۔ روایتی صحافت کی ساکھ عرصہ ہوا تحریک انصاف کے ہاتھوں تباہ وبرباد ہوچکی ہے۔ اب عمران مخالف قوتیں سوشل میڈیا کی ’’اصلیت‘‘ بے نقاب کرنے کو ڈٹ چکی ہیں۔ عزت مآب ججوں کے دلوں میں سوشل میڈیا کے خلاف اُبلتا غصہ بالآخر ان قوتوں ہی کا مددگار ثابت ہوگا۔

دندان ساز......دندان شکن


وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے اس بات پر شہباز حکومت کو رگیدا ہے کہ وہ اشرافیہ کو مراعات دے رہی ہے اور غریبوں پر ٹیکس در ٹیکس لگا رہی ہے۔

اس طرح کی ’’رگیدگی‘‘ خلاف انصاف ہے۔ پہلے آپ معاملے کو سمجھیں اور پوری تصویر دیکھیں، اس کے بعد بیان جاری کریں۔

پوری تصویر یوں ہے کہ شہباز حکومت نے ایلیٹ کلاس کی مراعات میں صرف ڈیڑھ سو فیصد کا معمولی سا اضافہ کیا ہے۔ وہ چاہتے تو ایلیٹ کلاس کیلئے ڈیڑھ ہزار فیصد کا اضافہ مراعات کی مد میں کر سکتے تھے جو انہوں نے محض ’’خداخوفی‘‘ کے تحت نہیں کیا۔

پھر آپ دیکھیں کہ انہوں نے اپنے لئے یعنی وزیراعظم ہاؤس کے اخراجات میں صرف ’’ریکارڈ‘‘ اضافہ کیا۔ حالانکہ وہ بااختیار وزیر اعظم ہیں، چاہتے تو ڈبل ریکارڈ اضافہ بھی کر سکتے تھے لیکن محض خدا خوفی کرتے ہوئے انہوں نے سنگل ریکارڈ پر اکتفا کیا۔

حکومت کی اس بات پر بھی مذمت کی جا رہی ہے کہ اس نے ایوان صدر کی گاڑیوں کیلئے مختص ایک ارب روپے کی رقم کو بڑھا کر 4/ ارب روپے کر دیا ہے۔ حالانکہ مہنگائی کے اس دور میں کسی شریف آدمی، جیسے کہ آصف زرداری اشرف الشرفا ہیں، کیلئے 4 ارب کیا معنے رکھتے ہیں۔ 4 ارب سے بنتا ہی کیا ہے۔ شہباز شریف جیسا شریف زرداری شریف کیلئے اب اتنا بھی نہ کرے۔ حد ہوگئی۔

شہباز حکومت نے ان فیکٹریوں کیلئے جو کوئی پیداوار نہیں کرتیں، بجلی آدھے سے بھی کم ریٹ کی کر دی ہے۔ مقصد ان بے روزگاروں کی فی سبیل اللہ مدد ہے۔ تاکہ وہ بجلی اِدھر اُدھر پورے زخموں پر دے کر باقی ماندہ منفعت سے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پال سکیں۔ ایسا کیا تو کیا گناہ کیا؟۔

غریبوں کیلئے بجلی انہوں نے تین گنا مہنگی کر دی۔ وہ چاہتے تو دس گنا مہنگی بھی کر سکتے تھے، لیکن یہ خداخوفی اور خداترسی ہے جس کی وجہ سے وہ ایسا کرنے سے رک جاتے ہیں۔ کم سے کم اس خداخوفی اور خداترسی کی داد تو دیں۔

ایک خاتون کا انٹرویو ٹیٹر پر آیا ہے۔ کہتی ہے، بیٹی کیلئے جہیز بنایا تھا، بجلی کے ہر بل پر جہیز کا ایک حصہ بیچنا پڑتا ہے اور اب یہ جہیز ختم ہونے والا ہے۔ بتایئے۔ جہیز ایک سماجی برائی ہے جو شہباز حکومت کے ہاتھوں ختم ہو رہی ہے۔ شہباز کو داد دیں نعیم صاحب، اس طرح کی غیر منصفانہ تنقید کا نشانہ مت بنائیں۔

حافظ صاحب نے مہنگائی کو تباہ کن اور برباد کن قرار دیا ہے۔ ان سے عرض ہے کہ مہنگائی کی فکر بے جا ہے۔ جب بھی وقت آئے گا، شہباز شریف اپنے کپڑے بیچ کر مہنگائی کا نام ونشان مٹا دیں گے۔

جماعت اسلامی نے فوجی آپریشن کی سختی سے مخالفت کی ہے۔ فوجی آپریشن دراصل ان ٹارگیٹڈ کارروائیوں کا نام ہے جو بھارت کی پراکسی اور ملاہیبت اللہ کی ’’پاکٹی‘‘ ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کیخلاف کی جارہی ہیں یا کی جانے والی ہیں۔

پاکستان کیخلاف بھارتی اور کابلی دہشت گردی کا توڑ کرنا غلط ہے۔؟

سراج الحق کے دور میں اگر جماعت اسلامی بھارتی پراکسی پر دل وجان سے فریفتہ تھی تو بات سمجھ میں آتی ہے۔ نعیم الرحمن صاحب کی شہرت تو ایک پاکستانی کی ہے، ان کے دور میں بھی جماعت ’’بھارت‘‘ کا ساتھ دے گی؟

پختونخواہ کے ’’وزیراعظم‘‘ گنڈاپور صاحب نے اپنی ہی پارٹی کے سابق رہنما پرویز خٹک کو انتباہ کیا ہے کہ اگر انہوں نے 190 ملین پاؤنڈ کیس (ملک ریاض فیم) میں عمران کیخلاف جھوٹی گواہی دی تو وہ انہیں اپنے علاقے (پختونخواہ) میں رہنے نہیں دیں گے۔

یہ تو عمران کو پھنسانے اور مقدمے میں سزا دلوانے والی بات ہے۔ کیونکہ ’’وزیر اعظم‘‘ بلکہ ’’چیف وزیراعظم گنڈاپور کے انتباہ کا مطلب یہ نکلا کہ خٹک صاحب جھوٹی نہیں سچی گواہی دیں۔

سچی گواہی دینے کا مطلب یہ ہوگا کہ خان کو لمبی قید ہو جائے گی۔ چیف وزیر اعظم صاحب اپنا انتباہ واپس لیں اور ترمیم شدہ انتباہ ان الفاظ میں جاری کریں کہ ’’خٹک صاحب نے سچی‘‘ گواہی دی تو انہیں نہیں چھوڑوں گا، وہ اپنی خیریت نیک مطلوب چاہتے ہیں تو جھوٹی گواہی دیں۔ اس صورت میں خان کی بچت کا کچھ امکان ہوگا۔

حکومت اس خوش فہمی میں ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس میں اس کے پاس ضرورت سے بھی زیادہ پکے ثبوت اور ٹکّی گواہیاں موجود ہیں اور خان کو سزا ہونے سے بچانا ممکنات میں سے نہیں۔

حکومت کو یہ علم نہیں کہ دارالحکومت ہی میں ایک جگہ ایسی ہے کہ جہاں پہلی پیشی پر سزا اڑ جائے گی، گواہ اپنی گواہیوں سمیت دھرے کے دھرے رہ جائیں گے۔

ملک کے مایہ بے ناز دندان ساز کے صاحبزادے نے اطلاع دی ہے کہ ابا حضور نے اپنی اصلی ذمہ داریاں پھر سے سنبھال لی ہیں اور دانتوں کی دکان دوبارہ کھول کر لوگوں کے دانت نکالنے کا کام دوبارہ شروع کر دیا ہے۔ صاحبزادے نے اپنے ٹویٹ میں ایک تصویر بھی جاری کی ہے جس میں ابا حضور ہاتھوں میں زنبور پکڑے ایک گاہک کے دانتوں کا کریا کرم کرنے کی تیاری کرتے نظر آرہے ہیں۔

ابا حضور کیلئے یہی کاروبار بہتر تھا، ملک کے ایک بڑے منصب پر مسلّط کئے جانے کے بعد انہوں نے اس منصب کا جو حال کیا، وہ صاحبزادہ صاحب کے بھی علم میں ہے۔

بہرحال، اصلی پیشے کی طرف واپس لوٹ جانے کے باوجود منہ کو جولت لگی رہی، اس سے باز نہیں آئے۔ ایک تازہ بیان میں انہوں نے اپنے ’’گریٹ خان‘‘ کیلئے پھر سے رحم کی اپیل داغ دی ہے۔ لیکن صاحبزادہ صاحب کے ابا حضور یہ بات نہیں جانتے کہ گریٹ خان کا پالا دندان سازوں سے نہیں، دندان شکنوں سے پڑا ہے۔ وہ کیڑے لگے دانت کو جڑ سے اکھاڑے بغیر نہیں نکلیں گے۔

ویلڈن پاکستان چیمپئن

سپیڈ بریکر
میاں حبیب

کافی عرصہ سے قوم اچھی خبر سننے کو ترس گئی تھی۔ کہتے ہیں جب ابتری آتی ہے تو معاشرے کے تمام شعبے تنزلی کا شکار ہوجاتے ہیں اور جب بہتری آتی ہے تو سارے شعبے فعال ہوجاتے ہیں۔ قوم کو بڑی توقعات تھیں کہ پاکستانی ٹیم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں قوم کی امیدوں پر پورا اترتے ہوئے فائنل تک رسائی حاصل کرلے گی لیکن انتہائی بری کارکردگی کی بنا پر ٹیم سپر ایٹ مرحلہ کے لیے بھی کوالیفائی نہ کرسکی۔ قوم کا کھلاڑیوں پر غصہ بجا تھا اب پوری ٹیم منہ چھپاتی پھر رہی ہے۔ کئی کھلاڑیوں کا مستقبل داؤ پر لگا ہوا ہے۔ کرکٹ بورڈ نے اپنی خفت مٹانے کے لیے پوسٹمارٹم کا اعلان کر رکھا ہے لیکن پوسٹمارٹم ہوتا ہوا دکھائی نہیں دے رہا۔ چیئرمین پی سی بی جو کہ وزیر داخلہ بھی ہیں، کو چاہیے کہ وہ خراب کارکردگی والوں کو ایف آئی اے کے حوالے کریں یا کم ازکم ٹیم کی ناقص کارکردگی پر کوئی انکوائری ہی کروالیں کہ چھوٹی چھوٹی ٹیموں سے ہارنے کے پیچھے کیا عوامل کارفرما تھے۔ ہماری ٹیم صرف میچ نہیں ہاری کروڑوں پاکستانیوں کے دل ٹوٹے ہیں جن کا کوئی مداوا نہیں کیا گیا۔ واقفان حال کا کہنا ہے کہ ٹی ٹوئنٹی کا سکواڈ انتشار کا شکار تھا۔ ٹیم میں ہم آہنگی نہ تھی ٹیم میں اجتماعی کاوش نہ تھی۔ ہر کوئی اپنے آپ کو نمایاں کرنے کے چکروں میں تھا اور ان ہی چکروں میں سب چکر کھا کر گر پڑے۔ جوکل تک ہیرو تھے آج شرمندہ شرمندہ ہیں۔ قوم بھی اسی اداسی کی کیفیت سے دوچار تھی۔ ایسے میں سنیئرز نے کمال کر دکھایا۔ ورلڈ چیمپئن لیگ میں پاکستان کے ریٹائرڈ کھلاڑیوں نے وہ کارنامے سرانجام دیے کہ قوم عش عش کر اٹھی حالانکہ ان سنیئر کھلاڑیوں نے نہ تو کاکول اکیڈمی سے ٹریننگ لی تھی اور نہ ہی قوم کو سبز باغ دکھائے تھے۔ پھر بھی اپنی مہارت لگن اور جذبہ کے ساتھ ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔ پاکستان کے بوڑھے شاہینوں نے ایسی کارکردگی کا مظاہرہ کیا کہ ایسے لگ رہا تھا جیسے پاکستانی کھلاڑیوں کی جگہ جن کھیل رہے ہوں۔ پاکستان کی ورلڈ چیمپئن لیگ میں کھیلنے والی ٹیم تاحال ناقابل شکست ہے۔ دنیائے کرکٹ کے نامور ملکوں کی ٹیموں کو ایسے ناکوں چنے چبوائے کہ سب دم بخود رہ گئے حالانکہ ان ٹیموں میں ماضی کے نامور کھلاڑی کھیل رہے تھے۔ سب تجربہ سے مالا مال تھے لیکن پاکستانی شاہینوں نے کمال کر دکھایا۔ اپنے پہلے میچ میں آسٹریلیا کے 190 رنز جیسے بڑے ٹارگٹ کو اچیو کرکے یہ میچ 5 وکٹوں سے جیت لیا۔ پاکستان کا دوسرا میچ ویسٹ انڈیز کے خلاف تھا۔ پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے ویسٹ انڈیز کو 194 رنز کا مضبوط ہدف دیا اور پھر کمال باؤلنگ کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کو 30 رنز کی شکست سے دوچار کیا۔

تیسرا میچ روایتی حریف انڈیا کے ساتھ تھا دونوں ملکوں کے عوام کی نفسیات ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ دنیا سے ہار جائیں لیکن روایتی حریف سے مار نہ کھائیں۔ بدقسمتی سے پاکستان کافی عرصہ سے بھارت کے خلاف قابل دید کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر پا رہا تھا لوگ سمجھ رہے تھے کہ پاکستان نے کرکٹ میں بھارت کی بالادستی تسلیم کر لی ہے۔ پاکستانی کھلاڑی نفسیاتی طور پر بھارت کا دباؤ لے لیتے ہیں اور اچھی پرفارمنس نہیں دے پاتے خاص کر ورلڈ کپ ٹی ٹوئنٹی کے میچ میں پاکستان نے انڈیا سے جیتا ہوا میچ ہارا تو تبصرے ہونا شروع ہوگئے کہ بھارتی کھلاڑیوں کے آگے پاکستانی کھلاڑیوں کے ہاتھ پاؤں پھول جاتے ہیں۔

پاکستانیوں کا بھارت کے خلاف عام سا میچ بھی فائنل جیسا ہوتا ہے۔ ورلڈ چیمپئن لیگ میں بھارت کے ساتھ ہونے والے میچ میں تو پاکستانی شاہینوں نے کمال کر دکھایا۔ ناقابل یقین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستانی کھلاڑیوں نے پہلے کھیلتے ہوئے ناقابل یقین 243 رنز جیسا بلند وبالا پہاڑ کھڑا کر دیا اور جب باولنگ کی باری آئی تو انڈیا کی ٹیم کو 175 رنز پر ڈھیر کردیا انڈیا کے 9 کھلاڑی آوٹ کرکے 68 رنز کے بڑے مارجن سے فتح سمیٹی۔ کرکٹ لورز کے لیے یہ جیت بہت ہی اہم تھی۔ کرکٹ کے مایوس شیدائی اس فتح پر جھوم اٹھے۔ پاکستانی ٹیم فتح کے ٹریک پر دوڑ رہی تھی۔ اگلا میچ انگلینڈ کے ساتھ تھا جس میں پاکستانی شاہینوں نے انگلینڈ کو 79 رنز کی شکست سے دوچار کیا۔ پاکستان کی ناقابل یقین فتوحات سے کرکٹ کے مایوس شائقین میں کرنٹ دوڑنے لگا۔ سارے سوشل میڈیا میں جے جے کار ہورہی ہے۔ طرح طرح کے تبصرے اور میمز بن رہی ہیں اور سنیئر کھلاڑیوں کی دل موہ لینے والی کارکردگی کو دیکھ کر لوگ کہنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ ریگولر ٹیم کو چھوڑیں اسی سکواڈ کو پاکستان کی ٹیم ڈیکلیر کیا جائے۔

دراصل معمولی معمولی کامیابیاں امیدیں بندھا دیتی ہیں اور پے درپے شکستوں سے خواہ مخواہ مایوسی ڈیرے ڈال لیتی ہے پاکستانی سنیر کھلاڑیوں کی کارکردگی نے شائقین کرکٹ کو حوصلہ دیا ہے اسی قسم کے حوصلے کی اس وقت قوم کو سیاستدانوں سے زیادہ ضرورت ہے۔ سیاسی عدم استحکام، دہشتگردی، مہنگائی بےروزگاری، معاشی بدحالی اور توانائی کے بحران نے قوم کو مایوسی سے دوچار کر رکھا ہے۔ قوم کو اس وقت امید بندھانے کی ضرورت ہے۔ قوم سیاستدانوں سے ورلڈ چیمپئن ٹیم جیسی کارکردگی کی توقع لگائے بیٹھے ہیں لیکن بدقسمتی سے سیاستدان آپس میں دست وگریباں نظر آتے ہیں۔ خدارا آپس کے لڑائی جھگڑوں سے باہر نکلیں، قوم پر رحم کھائیں اور ٹیم ورک سے ملک وقوم کو دلدل سے نکالیں۔

امریکی قرارداد، پاکستان کے معاملات میں کھلی مداخلت


track@millat.com

میں اپنے قارئین سے معذرت خواہ ہوں کہ بعض اہم معاملات پر بروقت اظہار خیال نہیں کرسکا۔ میں قارئین کو ساتھ ہی ساتھ بتاتا رہا ہوں کہ میں کس طرح ہسپتالوں کے چنگل میں پھنسا رہا ہوں۔ کئی کئی روز نیم بیہوشی کی کیفیت میں گزرتے تھے، اس لئے فوری طور پر میرے لیے قومی معاملات پر کالم لکھنا ممکن نہ تھا۔ لیکن وہ جو کہتے ہیں کہ دیر آید درست آید، اب میں اگلی پچھلی کسر نکالنے کی کوشش کروں گا۔

قومی اسمبلی کے اجلاس میں امریکی قرارداد کے خلاف رولز معطل کرکے قرارداد ایوان میں پیش کی گئی، جسے ایوان نے کثرت رائے سے منظور کرلیا۔ قراردار کے متن میں کہا گیا کہ ایوان نے 25 جون کی امریکی ایوان نمائندگان کی قرارداد کا نوٹس لیا ہے، اور یہ ایوان، پاکستان اور امریکا کو اہم شراکت دار تصور کرتا ہے، اور یہ کہ ایوان دستور پاکستان کی روح کی یاددہانی کراتا ہے جس میں جمہوریت کی بین الاقوامی اقدار اور انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے، ایوان بابائے قوم کے وژن اور پاکستانی عوام کی امنگوں اور تمناؤں کے مطابق مندرجہ بالا اصولوں پر کاربند رہنے اور پاکستان میں ایک مستحکم جمہوری معاشرہ کے قیام کیلئے پرعزم ہے، امریکی ایوان نمائندگان کی قرارداد پاکستان کے سیاسی اور انتخابی عمل میں کسی غلط فہمی کی عکاسی کر رہی ہے، جو قابل افسوس ہے۔ اور یہ کہ امریکی ایوان نمائندگان کی مذکورہ قرارداد میں 8 فروری کے عام انتخابات میں کروڑوں پاکستانیوں کے ووٹ کے حق کو تسلیم نہیں کیا گیا۔ پاکستان جیسا خودمختار ملک اپنے اندرونی معاملات میں کسی کو مداخلت کی اجازت نہیں دے سکتا، امریکی ایوان نمائندگان کی قرارداد ریاست پاکستان کو کمزور کرنے کی ایک کوشش ہے۔

ایوان امریکی کانگریس کی توجہ غزہ میں نسل کشی اور بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر اور بھارت کے دیگر حصوں میں اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں اور مسیحی بھائیوں کے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہے۔ یہ ایوان امریکا اور بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ غزہ اور بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو روکنے کیلئے فوری اقدامات کریں۔ یہ ایوان باہمی احترام اور برابری کی بنیاد پر امریکا کے ساتھ مضبوط اور مفید دوطرفہ تعاون کیلئے پرعزم ہے، ایوان کو توقع ہے کہ مستقبل میں امریکی کانگریس دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ کیلئے زیادہ تعمیری کردار ادا کرے گا۔

قارئین کرام! ایوان نمائندگان کی قرارداد ہمارے ملک کے اندرونی معاملات میں کھلی مداخلت ہے اور موجودہ جدید جمہوری دنیا میں کسی ملک کو ایک آزاد وخودمختار ملک کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی اجازت نہیں ہوتی، نہ ہونی چاہئے۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ اس وقت پاکستان کی خودمختاری پر حملہ ہو رہا ہے اور سنی اتحاد کونسل کے لوگ ان کی حمایت کر رہے ہیں۔ جبکہ ضرورت تو اس امر کی ہے کہ غیر ملکی طاقتیں آزاد ایٹمی پاکستان کے اقتدار اعلیٰ اور اندرونی معاملات میں جس طرح مداخلت کر رہی ہیں، ہم سب کو مل کر بحیثیت قوم اس کو روکنا ہوگا۔ پی ٹی آئی کے اراکین کا رویہ شرمناک ہے، ہم امریکا سے کہتے ہیں کہ ہمارے معاملات میں مداخلت نہ کرے، ہم کسی کو اپنے ملک میں دہشت گردی نہیں کرنے دیں گے، کہنے والے کہتے ہیں کہ آج امریکی ایوان نمائندگان میں جو قرارداد پیش ہوئی ہے، وہ امریکی ایوان نمائندگان میں تحریک انصاف کی کروڑوں ڈالر کی لابنگ کی وجہ سے پاس ہوئی، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لوگ شعوری یا غیر شعوری طور پر ملک دشمن عناصر کے ہاتھوں میں استعمال ہو رہے ہیں۔ امریکہ کیخلاف قرارداد اتفاق رائے سے منظور ہونا چاہئے تھی، کیونکہ پاکستان ایک خودمختار اور آزاد جمہوری ملک ہے، صد افسوس کہ پاکستانی عوام نے ان کو ووٹ دیکر ان پر اعتماد کا اظہار کیا مگر یہ لابنگ اور پی آر فرمز سے مل کر قراردادیں تکمیل کرتے ہیں۔ افسوس اور کس قدر شرمناک بات ہے کہ ابسولیوٹلی ناٹ کہہ کر سادہ لوح پاکستانی عوام کو دھوکہ دینے والے اب ابسولیوٹلی یس کہہ رہے ہیں، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ امریکا کے پٹھو ہیں، جب پاکستان کسی ملک کے اندرونی معاملات میں بے جا مداخلت نہیں کرتا تو پاکستان کے معاملات میں بھی کسی طاقت کو مداخلت کا حق نہیں، وزیردفاع خواجہ آصف نے ایک بیان میں درست کہا ہے کہ افغانستان سے دہشت گردی ہوئی تو ہم بھرپور جواب دیں گے، عوام اور ملک کی حفاظت کیلئے ہمیں اس کا حق حاصل ہے۔

یاد رہے کہ امریکی کانگریس میں 25 جون 2024ء کو پاکستان کے 8 فروری 2024ء کو ہونے والے عام انتخابات کے دوران بے ضابطگیوں کی شکایتوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرنے کی قرارداد منظور کی گئی تھی۔ پاکستانی اپوزیشن کی طرف سے انتخابی دھاندلی کے مبینہ الزامات کی تحقیقات کیلئے امریکی قرارداد کے حق میں 368 ووٹ پڑے جبکہ مخالفت میں صرف 7 ارکان نے ووٹ دیا۔ ہاؤس ریزولیشن نمبر 901 میں کہا گیا کہ یہ قرارداد پاکستان کے جمہوری عمل میں لوگوں کی بلاخوف شرکت کی ضرورت پر زور دیتی ہے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ الیکشن کے دوران امیدواروں اور ووٹرز کو ہراساں کرنے، دھمکیاں دینے، تشدد، من مانی حراست، انٹرنیٹ اور ٹیلی کمیونیکیشن تک رسائی پر پابندی اور سیاسی حقوق کی خلاف ورزی کی مذمت کرتے ہیں۔

عوامی انقلاب کے لیے سازگار حالات


منظر نامہ
قیوم نظامی
qayyumnizami@gmail.com

آج پاکستان استحصالی جابرانہ نظام کی وجہ سے اس مقام پر پہنچ چکا ہے جہاں پر اس کی سمت درست کرنے کے لیے عوامی انقلاب کے علاوہ اور کوئی آپشن باقی نہیں بچا - 8 فروری 2024ء کے انتخابات میں عوام نے بے مثال جوش جذبے اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے نرم انقلاب لانے کی کوشش کی جسے عوام دشمن استحصالی قوتوں نے ریاستی جبر اور طاقت سے مسترد کر دیا- پاکستان کے نوجوانوں کی رائے اور آواز کو جس ڈھٹائی کے ساتھ مسترد کیا گیا اس کے بعد ان کا انتخابات پر اعتماد ہی اٹھ چکا ہے- نوجوان فکری اور ذہنی طور پر انقلاب پر آمادہ ہو چکے ہیں- بجلی کے ہوشربا بلوں اور کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتوں میں ظالمانہ سنگدلانہ اضافے نے پاکستان کے ہر گھر کو متاثر کر رکھا ہے- آئی ایم ایف کی شرائط پر مبنی عوام دشمن قومی بجٹ 2024-25ء نے عوامی انقلاب کے لیے حالات کو مزید سازگار بنا دیا ہے- عوام دشمن طاقتیں سٹیٹس کو برقرار رکھنے کے لیے متحد ہو چکی ہیں- جن کے خلاف مقامی سطح پر مزاحمت کے واقعات نظر آ رہے ہیں- آزاد کشمیر کے نوجوانوں نے اپنے مسائل کے حوالے سے کامیاب لانگ مارچ کرکے پاکستان کے نوجوانوں کے لیے مثبت پیغام دیا ہے- ریاستی ادارے ایک دوسرے کے خلاف محاذ آرائی کی کیفیت میں ہیں- وہ عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ اور دفاع کرنے کے قابل ہی نہیں رہے- عوامی طاقت سے ہی ریاستی اداروں کو ان کی آئینی حدود کے اندر رکھا جاسکتا ہے- اگر منظم بیدار اور باشعور انقلاب کا آغاز نہ کیا گیا تو خدا نخواستہ پاکستان خانہ جنگی کا شکار ہو سکتا ہے- پاکستان کے انقلابی طبقے مزدور کسان غریب اور محروم عوام لوئر مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے کروڑوں افراد کی زندگیاں جہنم بن چکی ہیں- اگر پاکستان اور عوام دوست افراد انقلاب کی سنجیدہ کوششوں کا آغاز کریں تو عوام ایسی جدوجہد کا حصہ بننے کے لیے تیار ہوں گے- عوامی انقلاب کے بغیر سیاسی معاشی اور انتظامی بھل صفائی ممکن نہیں ہے اور نہ ہی انقلاب کے بغیر حقیقی آزادی کا خواب پورا ہو سکتا ہے-

عمران خان عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکے ہیں- وہ اگر حالات کا درست ادراک کرتے ہوئے انقلابی لانگ مارچ کا اعلان کریں تو پورا ملک ان کی کال پر متحد اور متحرک ہو سکتا ہے- عوامی انقلاب کو کامیاب بنانے کے لیے لازم ہے کہ عوام کے سامنے واضح قومی انقلابی ایجنڈا پیش کیا جائے جو ہر دل کی آواز ہو اور محروم افراد کو انقلابی پلیٹ فارم پر متحد کر سکے- چھ ماہ انقلاب کی تیاری کی جائے- پاکستان بھر کی انقلاب دوست قوتوں کو منظم اور متحد کیا جائے- تحریک انصاف نے کڑے احتسابی نظام اور نئے پاکستان کا نعرہ لگایا تھا- عوام نے کھلی آنکھوں سے دیکھ لیا کہ انتخابی سیاست سے تبدیلی ممکن نہیں ہے یہ تجربہ کئی بار ناکام ہو چکا ہے- قومی ایجنڈے پر مبنی انقلاب کی کال دی جائے تو پورے پاکستان کے عوام سڑکوں پر نکل آئیں گے- ریاستی اداروں کے پاس عوام کے مطالبات تسلیم کرنے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہوگا- عوامی انقلاب کی طاقت سے اقتدار کی تبدیلی لائی جائے جو تین سال کے لیے ہو- انقلابی عوامی حکومت تین سال کے اندر ادارہ جاتی اصلاحات نافذ کرے جو پہلے ہی تیار پڑی ہیں- سیاسی اور جمہوری نظام کو تبدیل کیا جائے تاکہ پاکستان اور عوام دوست افراد منتخب ہو کر پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن کر سکیں- تین سال کے اندر پاکستان پر قابض مافیاز کا خاتمہ کیا جائے وہ تمام ادارہ جاتی اصلاحات نافذ کی جائیں جن کو عوام دشمن مافیاز نے روک رکھا ہے- عمران خان اگر انقلاب کے بغیر ایک بار پھر اقتدار میں آ بھی جائیں تو سٹیٹس کو کی حامی استحصالی قوتیں انہیں اسی طرح ناکام بنا دیں گی جیسے انہیں 2018ء کے انتخابات کے بعد ناکام بنا دیا گیا تھا- وہ اپنے پروگرام اور خواہش کے باوجود عدلیہ بیوروکریسی پولیس اور سیاسی جمہوری نظام میں تبدیلیاں نہیں لا سکے تھے- عوام کی محبت اور جذبے کو عوام کے مفاد میں استعمال کیا جانا چاہیے- عوام کا مفاد انقلاب کے بغیر ممکن نہیں ہے-

عوام کو مایوسی اور ناامیدی سے باہر نکالنے کے لیے بھی لازم ہے کہ انقلاب کی تیاری کی جائے اور عوام کے دلوں میں مثبت بامعنی اور تعمیری تبدیلی کی امید پیدا کی جائے- پاکستان کے تمام ریاستی ادارے اور محکمے ناکارہ اور زوال پذیر ہو چکے ہیں- جوہری اصلاحات کے بغیر ان اداروں کو اور محکموں کو عوام دوست اور فعال نہیں بنایا جا سکتا- لازم ہے کہ ایک عوامی انقلاب برپا کیا جائے تاکہ پاکستان کی آزادی اور سلامتی اور خودمختاری کو بھی محفوظ بنایا جاسکے- حالات کو اگر جوں کا توں رکھا جائے تو پاکستان کی آزادی اور سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں- جبکہ کامیاب عوامی انقلاب پاکستان کی سلامتی خوشحالی اور آزادی کا ضامن ثابت ہو سکتا ہے- موجودہ ریاستی نظام کے ذریعے استحصالی طبقوں کی ذہنیت کو تبدیل کرنا ہرگز ممکن نہیں رہا- پاکستان کے نوجوانوں کو بھی اب آنکھیں کھول لینی چاہئیں اور بیدار ہو جانا چاہیے اور اس حقیقت کا اعتراف کر لینا چاہیے کہ انقلاب کے سوا پاکستان کو بچانے اور عوام کو بنیادی انسانی حقوق دینے کے لیے اور کوئی آپشن باقی نہیں بچا- جو لیڈر سازگار حالات سے فائدہ اٹھانے کی بجائے عوامی انقلاب کی مخالفت کریں تو انکے بارے میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے کہ ان کو صرف اقتدار کی خواہش ہے اور عوام کا مفاد ہرگز عزیز نہیں ہے- عوام کا غصہ نفرت اور اشتعال خانہ جنگی کے لیے ہرگز استعمال نہیں ہونا چاہیے بلکہ منظم اور باشعور عوامی انقلاب کے ذریعے مستقل اور پائیدار حل تلاش کرنا چاہیے-

بھارتی بلے باز توراج زمبابوے کیخلاف میچ میں شاٹ کھیلتے ہوئے

راہول ڈریوڈ نے 5 کروڑ انعامی رقم میں سے آدھی واپس کردی

نئی دہلی (این این آئی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کے ہیڈ کوچ راہول ڈریوڈ نے اعلیٰ مثال قائم کردی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے بعد بھارتی کرکٹ بورڈ نے ٹیم، کوچز اور سپورٹ اسٹاف کے لیے نقد 125 کروڑ بھارتی روپے انعام کا اعلان کیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس مجموعی رقم میں سے ہیڈ کوچ راہول ڈریوڈ کے حصے میں 5 کروڑ جبکہ دیگر کوچز کے حصے میں ڈھائی کروڑ روپے آنے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راہول ڈریوڈ نے کرکٹ بورڈ سے اپنی انعامی رقم کم کرنے کے بارے میں کہا۔ انہوں نے کرکٹ بورڈ سے کہا کہ وہ بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کوچز کے مقابلے میں زیادہ رقم حاصل نہیں کرنا چاہتے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راہول ڈریوڈ بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کوچ کے برابر ہی انعامی رقم وصول کرنا چاہتے ہیں۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ بورڈ راہول ڈریوڈ کے جذبات کی عزت کرتا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس سے قبل 2018ء میں بھی انڈر 19 ورلڈ کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کے ہیڈ کوچ راہول ڈریوڈ نے اسی قسم کا فیصلہ کیا تھا۔

پی سی بی نے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے نکال دیا

لاہور (میاں شہروز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 میں ناقص کارکردگی پر ٹیم منتخب کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے نکال دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ میں وہاب ریاض اور عبدالرزاق کی قومی سلیکشن کمیٹی سے الگ کرنے کی تصدیق کردی گئی۔ کرکٹ بورڈ کی جانب سے مختصر اعلامیہ میں کہا گیا کہ پی سی بی کو وہاب ریاض اور عبدالرزاق کی مزید خدمات درکار نہیں ہیں، عبدالرزاق قومی مینز اور ویمنز کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے رکن تھے جب کہ وہاب ریاض مینز ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا حصہ تھے۔ پی سی بی نے کہا کہ سلیکشن کمیٹی کے حوالے سے مزید اپ ڈیٹس بعد میں فراہم کی جائیں گی۔ یاد رہے کہ اسد شفیق اور محمد یوسف کو سلیکشن کمیٹی میں برقرار رکھا گیا ہے۔ کھیلوں کی ویب سائٹ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور ویسٹ انڈیز میں ہونے والے ٹی 20 ورلڈ کپ میں پاکستان کرکٹ ٹیم کی ناقص کارکردگی اور گروپ مرحلے سے ہی باہر ہونے کے بعد وہاب ریاض کی نوکری خطرے میں پڑ گئی تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ٹی 20 ورلڈ کپ سے پہلے وہاب ریاض کو چیف سلیکٹر کے عہدے سے ہٹا کر 7 رکنی قومی سلیکشن کمیٹی میں شامل کیا گیا جس کا باضابطہ طور پر کوئی سربراہ نہیں تھا، تاہم وہاب ریاض کو ہی چیف تصور کیا جا رہا تھا اور ٹی 20 ورلڈ کپ اسکواڈ میں زیادہ تر انہیں کے فیصلے شامل تھے۔ اس سے پہلے یہ رپورٹ کیا گیا تھا کہ کرکٹ بورڈ سلیکشن کمیٹی کے ممبران کم کرے گا تاہم اس بار چیف سلیکٹر کا تقرر بھی کیا جائے گا، باقی کمیٹی ارکان ان کے نیچے کام کریں گے۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ ٹیم کے سینئر منیجر وہاب ریاض اور منیجر منصور کو بھی ان کے عہدوں سے سبکدوش کردیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ٹی 20 ورلڈ کپ سمیت تینوں ٹورز کے دوران قومی ٹیم میں ڈسپلن نام کی کوئی چیز نہیں دیکھی گئی۔

وہاب اور عبدالرزاق والی سرجری سمجھ نہیں آئی، آفریدی کا بابر کو کپتانی سے ہٹانے کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی نے بابر اعظم کو کپتانی سے ہٹانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو قومی سلیکشن کمیٹی سے برطرف کرنے والی سرجری میری سمجھ میں نہیں آئی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے قومی سلیکشن کمیٹی کے اہم ارکان وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو عہدے سے ہٹا دیا گیا جس کے بعد قومی ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ اس فیصلے کو سمجھ سے بالاتر قرار دے رہے ہیں۔ شاہد آفریدی ان دنوں لندن میں موجود ہیں جہاں وہ ورلڈ چیمپئن شپ لیجنڈز میں پاکستانی ٹیم کی نمائندگی کر رہے ہیں جس کی کپتانی یونس خان کر رہے ہیں، ٹیم میں مصباح الحق، شعیب ملک کے علاوہ وہاب ریاض اور عبدالرزاق بھی شامل ہیں۔ گزشتہ روز نارتھمپٹن کے کاؤنٹی گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ میں جنوبی افریقہ نے پاکستان کو 9 وکٹوں سے شکست دی، تاہم مسلسل 4 میچز جیتنے والی قومی ٹیم نے سیمی فائنل میں رسائی حاصل کرلی۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش ویڈیو بیان میں شاہد آفریدی نے کہا کہ میں ایک چیز پر یقین رکھتا ہوں کہ کوئی بھی فیصلہ لیں تو اس سسٹم، کوچ یا کپتان کو پورا موقع اور وقت دیں، یعنی اس کو چلنے دیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت مصباح الحق اور یونس خان نے بھی کپتانی کی تاہم جہاں تک بابر اعظم کا تعلق ہے، اتنا کھلا چانس کسی کپتان کو نہیں ملا، ورنہ جیسے ہی ورلڈ کپ ختم ہوتا سب سے پہلے کپتان کا صفایا کیا جاتا۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ بابر اعظم نے تو 3 ورلڈ کپ، 2 سے 3 ایشیا کپ سمیت زبردست موقع ملا، اب جو بھی سرجری کرنی ہے تو ایک ہی دفع کرکے جس کو بھی لایا جائے اس کو پورا وقت اور موقع دیا جائے۔ سابق کپتان نے کہا کہ مجھے تو ابھی پتہ چلا کہ سلیکشن کمیٹی کے ارکان وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو برطرف کیا ہے، لیکن یقین جانیں مجھے یہ والی سرجری سمجھ نہیں آئی، کیوں کہ سلیکشن کمیٹی 6 سے 7 لوگوں کی تھی، ایسے میں صرف ان دونوں کی سرجری کیوں ہوئی۔ واضح رہے کہ پی سی بی نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 میں ناقص کارکردگی پر ٹیم منتخب کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے نکال دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ میں وہاب ریاض اور عبدالرزاق کی قومی سلیکشن کمیٹی سے الگ کرنے کی تصدیق کردی گئی۔ کرکٹ بورڈ کی جانب سے مختصر اعلامیہ میں کہا گیا کہ پی سی بی کو وہاب ریاض اور عبدالرزاق کی مزید خدمات درکار نہیں ہیں، عبدالرزاق قومی مینز اور ویمنز کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے رکن تھے جب کہ وہاب ریاض مینز ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا حصہ تھے۔

پیرس اولمپکس کیلئے سعودی ایتھلیٹس کا اعلان

ریاض (این این آئی) سعودی اولمپک کمیٹی نے پیرس اولمپکس 2024ء میں شرکت کرنے والے اپنے 10 ایتھلیٹس کا اعلان کردیا۔ اس مرتبہ 26 جولائی سے 11 اگست تک اولمپکس کا انعقاد پیرس میں ہوگا جس میں دنیا بھر سے ایتھلیٹ شرکت کریں گے۔ سعودی میڈیا کے مطابق اولمپکس 2024ء میں سعودی ایتھلیٹس شو جمپنگ، تائیکوانڈو، ایتھلیٹکس اور تیراکی کے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ سعودی میڈیا کے مطابق تیراکی کے مقابلوں میں پہلی مرتبہ سعودی خاتون بھی ایکشن میں نظر آئیں گی۔ 17 سالہ مشعیل العید 200 میٹر فری اسٹائل ایونٹ میں حصہ لیں گی۔ علاوہ ازیں اولمپکس کے لیے براہ راست کوالیفائی کرنے والی خاتون دونیا ابوطالب بھی تائیکوانڈو مقابلوں میں حصہ لیں گی۔

ومبلڈن ٹینس، ڈینئل میڈ واڈیو اور کارلوس الکاریز نے سیمی فائنل میں جگہ بنالی

لندن (این این آئی) ومبلڈن ٹینس کے مینز سنگلز میں ڈینئل میڈ واڈیو نے جینک سنر کو شکست دیکر سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ دفاعی چیمپئن کارلوس الکاریز بھی لاسٹ فور میں پہنچ گئے۔ لندن میں جاری ومبلڈن ٹینس چیمپئن شپ کے مینز سنگلز ایونٹ کے پہلے کوارٹر فائنل میں روس ڈینئل میڈ واڈیو اٹلی کے جینک سنر کو سخت مقابلے کے بعد پانچ سیٹس میں شکست دیکر ایونٹ کے سیمی فائنل میں جگہ بنائی، ان کی جیت کا اسکور چھ سات، چھ چار، سات چھ، دو چھ اور چھ تین رہا۔ ایک اور کوارٹر فائنل میں دفاعی چیمپئن اسپینش کارلوس الکاریز نے امریکی کھلاڑی ٹامی پال کے خلاف پہلا سیٹ ہارنے کے بعد کم بیک کیا اور اگلے تینوں سیٹس چھ چار، چھ دو اور چھ دو سے جیت کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا۔

ومبلڈن کے تماشائیوں سے متعلق سوال پر نوواک جوکووچ انٹرویو چھوڑ کر چلے گئے

لندن (این این آئی) ومبلڈن کے تماشائیوں سے متعلق سوال پر سربیا کے ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ انٹرویو چھوڑ کر چلے گئے۔ بی بی سی کے رپورٹر نے جب نوواک جوکووچ سے ومبلڈن کے تماشائیوں سے متعلق سوال کیا تو وہ انٹرویو چھوڑ کر چلے گئے۔ نوواک جوکووچ نے کہا کہ میں نے میچ کے بعد انٹرویو میں کہا تھا کہ مجھے لگتا ہے کہ اسٹیڈیم میں موجود زیادہ تر لوگ عزت دار ہیں اور میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جانتا ہوں کہ سارا دن ٹینس دیکھنے کے بعد یہ آسان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب مجھے لگا کہ تماشائی لائن کراس کر رہے ہیں تب میں نے ردعمل کا اظہار کیا اور مجھے اپنے الفاظ یا عمل پر کوئی افسوس نہیں ہے۔ انٹرویو کے دوران جب ان سے پھر تماشائیوں کے حوالے سے سوال کیا گیا تو وہ برہم ہوگئے اور کہا کہ آپ کے پاس اس کے علاوہ کوئی سوال نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا آپ کے پاس تماشائیوں کے علاوہ کوئی اور سوال ہے؟ کیا آپ صرف اسی پر انٹرویو کر رہے ہیں؟ اس واقعے کے حوالے سے یہ تیسرا سوال ہے جس کے بعد نوواک جوکووچ 98 سیکنڈ میں ہی انٹرویو سے چلے گئے۔ واضح رہے کہ سربیا کے ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووچ ومبلڈن میں تماشائیوں پر برہم ہوگئے تھے۔ میچ کے بعد جوکووچ نے کہا تھا کہ رُونے کے فینز بہانے سے ان کی توہین کر رہے تھے، وہ 20 سال سے ٹینس کھیل رہے ہیں، انہیں پتا ہے یہ سب کیسے ہوتا ہے۔

جنوبی افریقا چیمپئنز نے پاکستان کو 9 وکٹ سے ہرا

نارتھمپٹن (این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں جنوبی افریقا چیمپئنز نے پاکستان چیمپئنز کو 9 وکٹ سے شکست دے دی، 211 رنز کا ہدف جنوبی افریقا چیمپئنز نے 19 ویں اوور میں حاصل کرلیا۔ نارتھمپٹن میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان چیمپئنز نے پہلے کھیلتے ہوئے 4 وکٹ پر 210 رنز بنائے۔ شرجیل خان نے 6 چھکوں اور 7 چوکوں کی مدد سے 72 رنز بنائے، شعیب ملک 51 اور عبدالرزاق 25 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ جواب میں جنوبی افریقا کے اوپنر جے پی ڈومنی 9 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے، پھر سین مین اور سیرل اروی نے شاندار بیٹنگ کی دونوں نے دوسری وکٹ پر 187 رنز کی ناقابل شکست شراکت بنا کر ٹیم کو 19 ویں اوور میں فتح دلادی۔ سیرل اروی 105 اور سین مین 82 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے، میچ جیو سوپر سے براہ راست نشر کیا گیا۔

لاہور: سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام سمر سپورٹس کیمپس میں نشتر پارک میں کوچ بچوں کو فٹ بال کی تربیت دیتے ہوئے

فرانس کو شکست، اسپین یورو کپ کے فائنل میں پہنچ گیا

میونخ (این این آئی) یورو کپ 2024 کے پہلے سیمی فائنل میں اسپین نے فرانس کو 2-1 سے شکست دے کر ایونٹ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ میونخ میں کھیلے گئے سیمی فائنل میں فرانس کے کھلاڑی رنڈال کولو نے میچ کے آٹھویں منٹ میں گول کرکے اسپین کے خلاف برتری حاصل کی۔ اسپین کے خلاف فرانس کی یہ برتری زیادہ دیر نہیں رہ سکی، میچ کے 21 منٹ میں اسپین کے 16 سالہ لامین یمل نے شاندار گول کرکے اسکور ایک ایک سے برابر کیا۔ اسپین نے فرانس کے خلاف دوبارہ اٹیک کرتے ہوئے 25 ویں منٹ میں ایک اور گول اسکور کیا، اسپین کے اڈینیئل اولمو نے شاندار گول کرکے اپنی ٹیم کو برتری دلوائی جو کہ میچ ختم ہونے تک برقرار رہی۔ یورو کپ کا دوسرا سیمی فائنل انگلینڈ اور ہالینڈ کے درمیان کھیلا جائیگا۔

وہاب ریاض اور عبدالرزاق نے کچھ کھلاڑیوں کی غیر ضروری طرفداری کی، برطرفی کی وجہ سامنے آگئی

لاہور (این این آئی) قومی سلیکشن کمیٹی سے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو برطرف کیوں کیا گیا، اس کی وجہ سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق وہاب ریاض اور عبدالرزاق نے کچھ کھلاڑیوں کی غیر ضروری طرفداری کی، چیئرمین محسن نقوی نے تحقیقات مکمل کرنے پر اقدامات کا فیصلہ کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ جن کھلاڑیوں کی انہوں نے حمایت کی انہوں نے ہی پرفارم نہیں کیا، جن کرکٹرز کی ان دونوں نے حمایت کی دیگر سلیکٹرز نے مخالفت کی۔ شاہین آفریدی نے حالیہ ٹورز کے دوران کوچز اور مینجمنٹ اسٹاف سے برا برتاؤ کیا، مینیجرز نے ان کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا، ٹورز کے دوران ڈسپلن برقرار رکھنا مینیجرز کی ذمے داری تھی، اس چیز کا جائزہ لیا جا رہا ہے کہ شاہین آفریدی کے خلاف ایکشن کیوں نہیں لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حالیہ دوروں میں ڈسپلن کی کئی خلاف ورزیاں ہوئیں، کوچز نے لابیز کا بھی تذکرہ کیا، جن جن کھلاڑیوں کی لابیز ہیں ان کی بھی تحقیقات کی جا رہی ہے۔

ڈی جی سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کی ہدایت پر سمر سپورٹس کیمپس 2024 جاری

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال کی ہدایت پر سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام 12 گیمز کے سمر سپورٹس کیمپس لاہور میں جاری ہیں، بدھ کے روز ویلیوڈروم میں سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام ہونیوالے فٹ بال کیمپ میں 60 سے زائد بچے شریک ہیں، فٹ بال سمر کیمپ میں سینئر کوچز شہزاد اصغر اور شبانہ تبسم بچوں کو جدید ٹریننگ دے رہے ہیں، کوچز نے بچوں کو بال ہٹ کرنے، سٹیمنا بڑھانے اور بچوں کو فٹ بال گول کرنے کے طریقے سکھائے، کوچز نے بچوں کو جسمانی ایکسرسائز بھی کروائی ہے، کیمپ میں 5 سے 16 سال تک کے بچے شریک ہیں، سپورٹس بورڈ پنجاب سمر کیمپس 3 اگست تک پورے پنجاب میں جاری رہیں گے، لاہور کے علاوہ پنجاب کے باقی 8 ڈویژنز میں 6 گیمز کے سمر سپورٹس کیمپس جاری ہیں پنجاب کے تمام ڈویژن میں سمر سپورٹس کیمپس میں 1200 سے زائد بچے تربیت حاصل کر رہے ہیں۔

بھارتی ٹیم کے زمبابوے کیخلاف میچ میں کپتان شبمن گل شاٹ کھیلتے ہوئے

قوت
SHOWBIZ

مستقل طور پر بھارت چھوڑنے کی خبروں کے بعد انوشکا کی پہلی انسٹا اسٹوری وائرل

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ویرات کوہلی اور انوشکا شرما کے بھارت چھوڑ کر لندن منتقل ہونے کی خبروں کے بعد انوشکا کی انسٹاگرام پر پوسٹ کردہ اسٹوری وائرل ہو رہی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ویرات کوہلی اور انوشکا شرما بچوں کے ساتھ مستقل طور پر لندن منتقل ہو رہے ہیں، اس کے بعد انوشکا سوشل میڈیا سے غائب تھیں جنہوں نے اب ایک اسٹوری پوسٹ کی ہے۔ اداکارہ کی انسٹاگرام اسٹوری دراصل پھلوں کی تصویر ہے جس میں بیریز، چیریز اور اسٹرابیریز کی تصویر ہے، ساتھ دل والا ایموجی بھی بنایا ہے۔ انوشکا شرما کی یہ پوسٹ ایک مداح کی جانب سے ویرات کوہلی کی لندن ائیرپورٹ سے شیئر کی گئی تصویر کے چند گھنٹے بعد سامنے آئی۔ ویرات کوہلی اپنی ٹیم کے ساتھ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سیریز میں کامیابی کے بعد لندن پہنچے تھے جس کے بعد جب ٹیم بھارت پہنچی تو جشن منایا گیا۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل خبریں سامنے آئی تھیں کہ بارباڈوس میں بھارت کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شاندار فتح دلوانے والے سپر اسٹار ویرات کوہلی اور ان کی اہلیہ بالی ووڈ اداکارہ انوشکا شرما اپنے دونوں بچوں کے ساتھ مستقل طور پر ممبئی سے لندن منتقل ہونے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ کوہلی اور انوشکا بھارت میں شور شرابے اور کروڑوں مداحوں سے دور اپنی نجی زندگی پرسکون ماحول میں گزارنا چاہتے ہیں جہاں ہنگامہ اور شور شرابے نہ ہو اور دونوں آزادانہ گھوم پھر سکیں، ان کے بچے بیرون ملک تعلیم حاصل کرسکیں ان کا ہدف ایسا شہر ہے جہاں عام لوگ انہیں پہچان نہ سکیں۔ فائنل کے ہیرو جمعرات کو ممبئی میں وکٹری پریڈ میں شرکت کے بعد اپنی اہلیہ اور دونوں بچوں وامیکا (بیٹی) اور اکائے (بیٹا) کے ساتھ روانہ ہوگئے۔

بھائی لوسنہا نے بہن سوناکشی سنہا کو فیملی سے نکال دیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کے نامور اداکار شتروگھن سنہا کے بیٹے لو سنہا کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ نے پھر سے قیاس آرائیوں کو جنم دے دیا۔ شتروگھن سنہا کی بیٹی معروف اداکارہ سوناکشی سنہا نے حال ہی میں اپنے دیرینہ دوست ظہیر اقبال سے شادی کی تھی۔ شادی کی تقریب میں ویسے تو انکی طرف سے سب ہی موجود تھے لیکن بھائی لو سنہا اور کش سنہا غائب تھے۔ یہیں سے اس تنازع کے شروعات ہوئی جب سوشل میڈیا صارفین نے سوناکشی اور ظہیر کی شادی سے متعلق سوشل میڈیا پر آنے والی تصاویر میں دلہن کے بھائیوں کو نہ پایا۔ بہن کی شادی کے کچھ دنوں بعد لو سنہا نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں شادی کی تقریب میں نہ آنے سے متعلق بات تو کی لیکن کھل کر اسکی وجہ نہیں بتائی۔ تاہم اب لو سنہا نے ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ شیئر کی جس نے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کرلی۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اسٹوری پر لو سنہا نے والدین شتروگھن سنہا اور پونم سنہا کو انکی شادی کی سالگرہ پر مبارکباد دی اور خاندان کی تصویر بھی شیئر کی۔ بیٹے نے تحریر کیا کہ میرے والدین کو سالگرہ مبارک ہو۔ ہمیں آپ کے بچے بن کر پیدا ہونے پر خوشی ہے، اور ہم آپ کے ساتھ گزارے ہر لمحے کیلئے شکر گزار ہیں۔ یہاں دلچسپ بات یہ تھی کہ لو سنہا نے اپنی فیملی کی جو تصویر لگائی تھی اس میں انکی بہن سوناکشی موجود ہی نہیں۔ جس کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے خاندان کے تعلقات میں گڑبڑ ہونے سے متعلق قیاس آرائیاں شروع کردیں۔

شویتا تیواری کا بھارتی ڈرامہ ’کسوٹی زندگی کی‘ سے ملنے والے معاوضے سے متعلق اہم انکشاف

ممبئی (این این آئی) بھارتی ڈراموں سے شہرت کی بلندی کو چھونے والی اداکارہ شویتا تیواری نے مقبول ڈرامہ سیریل ’کسوٹی زندگی کی‘ سے ملنے والے معاوضے سے متعلق اہم انکشاف کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈرامہ سیریل ’کسوٹی زندگی کی‘ میں پریرنا شرما کا کردار نبھانے والی اداکارہ نے حال ہی میں انٹرویو دیتے ہوئے آج کل کے ڈراموں کو غیر حقیقی قرار دیا اور ساتھ ہی اس ڈرامے کے لیے ملنے والے معاوضے سے بھی پردہ اٹھا دیا۔ انہوں نے بتایا کہ جب 2001 میں ڈرامہ سیریل شروع ہوا اس وقت ایک دن کے 5 ہزار بھارتی روپے بطور تنخواہ ملا کرتی تھی جبکہ ہر سال انکریمنٹ بھی ملتا تھا۔ شویتا تیواری کے مطابق جب انہوں نے شو چھوڑا تب تک ان کی یومیہ تنخواہ 2.25 لاکھ روپے تک پہنچ گئی تھی۔

سبرین حسبانی کی 5 سال بعد اسکرین پر واپسی

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری سے وابستہ ماضی کی معروف اداکارہ سبرین حسبانی ایک بار پھر اسکرین پر واپس آ رہی ہیں۔ مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اداکارہ کی اسکرین پر واپسی سے متعلق خبریں گردش کر رہی ہیں۔ خیال رہے کہ انہوں نے ممتا کی دہلیز پر قدم رکھنے کے بعد اداکاری کو خیر باد کہہ دیا تھا۔ تاہم اب ایک بار پھر سوشل میڈیا پر ان کی اداکاری کے شعبے میں واپسی کی خبریں گردش کر رہی ہیں۔ اس حوالے سے ساتھی اداکار عمیر عالم نے بھی سبرین کو ٹیگ کرتے ہوئے انسٹاگرام پر پوسٹ شیئر کی ہے اور ان کے ساتھ اسکرین شیئر کرنے کے تجربے کو خوش قسمتی قرار دیا ہے۔ مداح ان کے آنے والے ڈرامے کے بارے میں جان کر پرجوش ہیں۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ وہ بہترین اداکارہ تھیں اور انہیں ڈراموں میں کام کرنا چاہئے۔

نوازالدین صدیقی کا سری دیوی کو خراج عقیدت

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار نوازالدین صدیقی نے اپنے پورے کیریئر کے دوران فلم انڈسٹری میں اپنی موجودگی کو اپنے ہمہ گیر انداز اور غیر معمولی اداکاری کے ذریعے ایک ممتاز حیثیت میں قائم رکھا ہوا ہے۔ حال ہی میں انھوں نے فلم مم میں اپنی ایک ساتھی اداکارہ کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارم کا استعمال کیا۔ اپنی اس پوسٹ میں نوازالدین صدیقی نے سری دیوی کو مخاطب کرتے ہوئے تحریر کیا کہ آپکے ساتھ کام کرنا ایک اعزاز تھا۔ اپنی اس غیر معمولی پوسٹ جس میں انھوں نے انسٹاگرام اسٹوریز پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں اس فلم کی جھلکیاں موجود ہیں۔ جبکہ اسکے ساتھ آنجہانی اداکارہ سری دیوی کے ایک انٹرویو کا کلپ شامل ہے۔ انھوں نے اس میں سری دیوی کے ساتھ اپنے کام کے تجربے کو بیان کرتے ہوئے کہا کہ میں آج بھی انکی کمی بڑی شدت سے محسوس کرتا ہوں۔

موتیے اور گیندے سے بنا دوپٹہ: رادھیکا کے لباس نے سب کو حیران کردیا

ممبئی (این این آئی) بھارت کی امیر ترین شخصیت کے صاحبزادے کی شادی دنیا بھر میں موضوع گفتگو بنی ہوئی ہے، اب ان کے بہو کے لباس نے بھی سوشل میڈیا صارفین کو بے حد متاثر کیا ہے۔ بھارتی بزنس ٹائیکون کے بیٹے اننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی شادی کی مرکزی تقریب 12 جولائی بروز ہفتہ منعقد ہوگی جس کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ گزشتہ رات رادھیکا اور اننت کی رسم ہلدی کی تقریب منعقد کی گئی جو اپنی مثال آپ تھی تقریب کی خاص بات رادھیکا کا وہ خوبصورت اور منفرد لباس تھا جو انہوں نے زیب تن کیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس لباس کی خاص بات پھولوں سے بنا دوپٹہ تھا جس میں موتیے کی کلیاں اور گیندے کے پھولوں کا استعمال کیا گیا۔ اس شاندار لباس کی تصاویر مشہور شخصیت اسٹائلسٹ ریا کپور نے پوسٹ کی ہیں جن میں رادھیکا مرچنٹ ڈیزائنر انامیکا کھنہ کے خوبصورت لباس میں ملبوس ہیں۔ رسم ہلدی میں متعدد معروف شخصیات نے خوبصورت ملبوسات پہن کر ہلدی کی اس تقریب کو بہت انجوائے کیا اور تقریباً سبھی لوگ زرد رنگ میں رنگے نظر آئے۔ اگر دلہن کی بات کی جائے تو وہ اپنے خوبصورت لباس کے ساتھ سب سے منفرد نظر آئیں رادھیکا کے لباس کی خاص بات ان کا پھول دوپٹہ تھا جو سفید رنگ کے تازہ موتیا کی کلیوں اور زرد رنگ کے گیندے کے پھولوں سے تیار کیا گیا تھا۔ اس کے ساتھ دلہن نے لباس سے میچنگ کرتے ہوئے سفید اور زرد رنگ کی موتیوں کی بنی جیولری پہنی جو ان پر خوب سج رہی تھی۔

فلموں کی آمدنی ختم ہوچکی، کاروبار پر توجہ دے رہا ہوں، ویویک اوبرائے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار ویویک اوبرائے نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اپنے کاروبار کی جانب توجہ دے رہے ہیں تاکہ اپنا گھر چلا سکیں، انکا کہنا ہے کہ فلموں سے انکی آمدنی ختم ہوچکی ہے۔ ویویک اوبرائے آخری بار ہدایتکار روہت شیٹی کی ٹی وی سیریز انڈین پولیس فورس میں نظر آئے تھے۔ ویویک اوبرائے نے اس موقع پر بتایا کہ انہوں نے 15 برس کی عمر میں بالی ووڈ کیریئر سے قبل اپنا کاروباری سفر شروع کیا تھا اور اب تک اسکی آمدنی پر انحصار کرتے ہیں۔ انکے مطابق میں ایک بورڈنگ اسکول سے آیا تھا اور میرے والد (سریش اوبرائے) مجھے پانچ سو روپے جیب خرچ دیا کرتے تھے، جو کہ کالج کی لڑکیوں کے ساتھ بیٹھ کر ایک ہی دن میں خرچ کر دیا کرتا تھا۔ جب والد کو پتہ چلا تو انھوں مجھے ڈانٹا اور رقم کو عقلمندی سے خرچ کرنے کی ہدایت کی۔ جس پر میں نے والدہ سے کہا کہ مجھے والد کی رقم نہیں چاہیے میں خود کچھ کرلوں گا۔ جس کے بعد میں نے کام کرنا شروع کیا، جس میں چھوٹے موٹے میوزیکل پروگرام اور شو کمپیئرنگ شروع کر کے آمدنی کا آغاز کیا۔ جس کے بعد بالی ووڈ کیریئر 2002 کی فلم کمپنی میں کام سے شروع کیا۔

والد نانی کے گھر چھوڑ کر چلے گئے تھے، پھر کبھی واپس نہیں آئے

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کی معروف ٹک ٹاک اسٹار، میزبان اور یوٹیوبر کنول آفتاب نے اپنے والد کے بارے میں حیران کن انکشاف کردیا۔ حال ہی میں کنول آفتاب اور اُن کے شوہر ٹک ٹاکر ذوالقرنین سکندر نے اپنے یوٹیوب چینل پر نیا وی لاگ اپلوڈ کیا جس میں اس جوڑے نے مداحوں کی جانب سے پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیے۔ مداحوں کی جانب سے پوچھے گئے سوالوں میں ایک سوال کنول آفتاب کے والد سے متعلق تھا جس پر ٹک ٹاکر نے کہا کہ میں کبھی اپنے والد کے بارے میں بات نہیں کرتی کیونکہ میں اپنے والد کے ذکر پر جذباتی ہوجاتی ہوں۔ کنول آفتاب نے کہا کہ ہر انسان کے لیے فیملی کا موضوع بہت حساس ہوتا ہے اور اگر کسی کی فیملی میں کوئی حادثہ ہوجائے تو اُس پر بات کرنا آسان نہیں ہوتا۔

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

حکومت پھلوں، سبزیوں پر ٹیکس استثنیٰ واپس لینے کے فیصلے پر از سر نو غور کرے: کاشف انور

ایس آر او نافذ کرنے سے قبل کم از کم چھ ماہ کا وقت دیا جائے تا کہ کاروباری افراد اپنا لائحہ عمل طے کر سکیں: صدر لاہور چیمبر

لاہور (کامرس رپورٹر) فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ایسوسی ایشن کے وفد نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں صدر کاشف انور سے ملاقات کی اور حالیہ بجٹ میں پھلوں، ڈرائی فروٹ اور سبزیوں کی درآمد پر ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد میں فروٹ اینڈ ویجیٹیبل ایسوسی ایشن کے عہدیداران صدام اطہر خان، حاجی محمد عثمان، منیر بھٹی، زبیر لطیف، نوید خان، رانا عمران اور دیگر شامل تھے جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی رکن راجہ حسن اختر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وفد نے لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور کو آگاہ کیا کہ پاکستان میں پھل، ڈرائی فروٹ اور سبزیاں علاقائی اور دنیا کے دیگر ممالک سے درآمد کی جاتی ہیں۔ پہلے ہی ملک میں سیلابوں کی وجہ سے فصلوں کو بھاری نقصان پہنچا ہے جبکہ ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے سے صورتحال مزید خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لوگ افغانستان سے فروٹ، ڈرائی فروٹ اور سبزیاں امپورٹ کرتے ہیں اور چھ ماہ قبل ہی معاہدے کر لیتے ہیں۔ حالیہ بجٹ میں حکومت نے کچھ پھلوں اور سبزیوں کی درآمد پر ٹیکس استثنیٰ کو ختم کر دیا ہے جس کی وجہ سے ان تمام آئٹمز پر ڈیوٹیز میں تین گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے افغانستان سے آنے والا فروٹ کا ایک کنٹینر پانچ سے چھ لاکھ روپے کی کسٹمز ڈیوٹی ادا کر رہا تھا جو کہ اب بڑھ کر 19 سے 20 لاکھ روپے ہو گئی ہے جس کی وجہ سے یہ عام آدمی کی پہنچ سے بالکل باہر ہو جائیں گے۔ وفد نے کہا کہ ملک میں پہلے ہی روپے کی گرتی قدر اور مہنگائی کی وجہ سے اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ چکی ہیں۔ حالیہ ٹیکس استثنیٰ واپس لینے سے پھلوں، سبزیوں کی قیمتیں کئی گنا بڑھ جائیں گی اور اس کے ساتھ یہ بھی خدشہ ہے کہ جن لوگوں نے ان سیکٹرز میں بھاری سرمایہ کاری کر رکھی ہے ان کا روپیہ ڈوب جائے گا۔ وفد نے لاہور چیمبر کے صدر کو مزید آگاہ کیا کہ ملک میں گذشتہ چھ سال سے فروٹ سمندر کے راستے ملک میں لانا ممنوع ہے جس کی وجہ سے فروٹ بذریعے ہوائی راستے ملک میں لایا جاتا ہے جس سے ملک میں اس کی قیمت میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پلانٹ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ فروٹ کی امپورٹ پر امپورٹ پرمٹ جاری نہیں کرتا جس کی وجہ سے لامحالہ فروٹ یا تو بذریعہ فضائی راستے یا سمگل ہو کر ملک میں آتا ہے جس سے اس کی قیمت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مال کی اندرون ملک رسد پر بھی ٹرکوں اور مال بردار گاڑیوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جا رہے ہیں۔ اس بات کو سمجھنا ضروری ہے کہ سبزی اور پھلوں کا حجم زیادہ جبکہ ان کا وزن کم ہوتا ہے جس کی وجہ سے ان کی پیکنگ اس طرح کرنا پڑتی ہے کہ وہ گاڑیوں سے باہر ہوتا ہے۔ اگر گاڑیوں کے اندر مال رکھا جائے گا تو کرایہ برداشت سے باہر ہو جائے گا۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ جس ایس آر او کے تحت یہ ٹیکس استثنیٰ واپس لیا گیا ہے اس کا از سر نو جائزہ لیا جائے اور اسے نافذ کرنے سے قبل کم از کم چھ ماہ کا وقت دیا جائے تا کہ فروٹ، ڈرائی فروٹ اور سبزیوں سے جڑے کاروباری افراد اپنا لائحہ عمل طے کر سکیں۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد ایک لاکھ 79 ہزار 700 کیوسک اور اخرج ایک لاکھ 50 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 69 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 69 ہزار 400 کیوسک، خیر آباد پل آمد ایک لاکھ 63 ہزار 800 کیوسک اور اخرج ایک لاکھ 63 ہزار 800 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 33 ہزار کیوسک اور اخراج 27 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 70 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 38 ہزار 300 کیوسک رہا۔ جناح بیراج آمد ایک لاکھ 97 ہزار 700 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 89 ہزار 700 کیوسک، چشمہ آمد 2 لاکھ 34 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 29 ہزار 500 کیوسک رہا۔

750 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 15 جولائی کو ہوگی

لاہور (این این آئی) 750 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 15 جولائی کو ہوگی۔ اس قرعہ اندازی کا پہلا انعام 15 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 5 لاکھ روپے کے 3 اور تیسرے انعام میں 9300 روپے مالیت کے 1696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے زراعت کی برآمدات میں ریکارڈ اضافہ

تاریخ میں پہلی بار ایگرو ایکسپورٹ 5. 8 بلین ڈالر سے بڑھ کر 8 بلین ڈالر تک پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی کاوشوں کے باعث مالی سال 2023-2024 کے دوران زرعی اور غذائی مصنوعات کی برآمدات میں غیر معمولی اضافہ ہوا۔ تاریخ میں پہلی بار ایگرو ایکسپورٹ 5. 8 بلین ڈالر سے بڑھ کر 37 فیصد اضافے کے ساتھ 8 بلین ڈالر تک پہنچ گئی۔ 2022-2023 کی اسی مدت کے مقابلے میں، اس ایگرو ایکسپورٹ کے شعبے کی برآمدات میں قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔ یہ اضافہ عالمی منڈی میں پاکستان کے زرعی شعبے کی بڑھتی ہوئی اہمیت اور ایس آئی ایف سی کیا نقلابی اقدامات کی نشاندہی کرتا ہے۔ برآمدی اشیاء میں چاول کی برآمدات 3. 8 بلین ڈالر، تل کے بیج 410 ملین ڈالر، مکئی کی برآمدات 421 ملین ڈالر، گوشت کی برآمدات 507 ملین ڈالر اور پیاز کی برآمدات 224 ملین ڈالر ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پھلوں اور مصالحوں کی برآمدات میں کئی گنا اضافہ ہوا جس میں پھلوں کے بادشاہ آم کی نمایاں برآمد میں 12. 74 فیصد جبکہ مصالحوں کی برآمدات میں 7. 8 فیصد اضافہ ہوا۔ چیف ایگزیکٹو ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان زبیر موتی والا کے مطابق پاکستانی گوشت کے لیے چینی مارکیٹ کھلنے سے گوشت کی برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ ایس آئی ایف سی اور وزارت تجارت کی شبانہ روز کاوشوں سے اردن، ازبکستان، لبنان اور مصر کی نئی مارکیٹیں بھی گوشت کی برآمد کے لیے کھول دی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان نے پہلی بار چین کو چیری کی برآمد بھی کی ہم برآمدات کے لیے غیر روایتی مصنوعات پر یکساں توجہ دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ نئی قانون سازی کی حالیہ منظوری کے ساتھ اندرون ملک ماہی گیری کی برآمد کی اجازت بھی دے دی گئی ہے۔ ترقی کی اس سطح پر پہنچنے سے پاکستان کا زرعی شعبہ رواں مالی سال میں 10 ارب ڈالر کا ہدف حاصل کر سکتا ہے۔

گورنمنٹ علامہ اقبال گریجویٹ ویمن کالج سیالکوٹ میں جاری فری ایم ڈی کیٹ پروگرام مکمل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف) پرنسپل گورنمنٹ علامہ اقبال ڈگری کالج فار وویمن سیالکوٹ مسز زیبا ظہور نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشنز کالجز پنجاب لاہور کی ہدایت کے مطابق میڈیکل ڈینٹل اور انجینئرنگ کالجز میں داخلہ کیلئے انٹری ٹیسٹ کی تیاری کیلئے گورنمنٹ علامہ اقبال گریجویٹ ویمن کالج سیالکوٹ میں جاری فری ایم ڈی کیٹ پروگرام مکمل ہو گیا۔ فاضل پرنسپل کالج ھذا مسز زیبا ظہور نے تفصیل بتاتے ڈی سی سیالکوٹ سے کہا کہ انجینئرنگ، بیالوجی، کیمسٹری، انگریزی، میتھ اور فزکس شعبہ کیلئے فری انٹری ٹیسٹ تیاری طالبات کیلئے پنجاب حکومت کا بہترین اقدام ہے۔ کوآرڈینیٹر پروگرام پروفیسر ندرت اور سامانہ خالد نے ایسوسی ایٹ پروفیسرز و سبجیکٹ سپیشلسٹ قابل ٹیم کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے طلباء کو تیاری کرائی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں انٹری ٹیسٹ تیاری کیلئے سیالکوٹ کے پرائیویٹ اکیڈمیز 2 لاکھ سے زائد فی طالبعلم فیس لے رہے ہیں اس کے برعکس یہ سہولت حکومت پنجاب نے فری میں فراہم کر کے طلباء اور انکے والدین کیلئے زبردست سہولت دی ہے جو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی تعلیمی شعبہ پر خصوصی دلچسپی اور توجہ کی غماز ہے۔

سرکاری اساتذہ اکرام سے ناروا سلوک کیا جا رہا، ریاض احمد تارڑ

ڈپٹی کمشنر آفس حافظ آباد سرکاری ملازمین مردم شماری کا معاوضہ دینے پر سست روی کا شکار

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلع حافظ آباد کے سرکاری ملازمین اور خصوصا اساتذہ اکرام سے ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ ریاض احمد تارڑ چیئرمین متحدہ محاذ اساتذہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایک جانب ڈپٹی کمشنر کھلی کچہری لگا کر عوام کی شکایات دور کرنے کے دعوے کر رہی ہیں تو دوسری جانب ڈپٹی کمشنر آفس حافظ آباد سرکاری ملازمین مردم شماری کا معاوضہ دینے پر سست روی کا شکار ہے۔ جبکہ پنجاب کے باقی اضلاع میں سرکاری ملازمین کے اکاونٹ میں بھیج دیا گیا ہے۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر سرکاری ملازمین کے مسائل حل کرنے میں قاصر ہے۔ ہم سرکاری ملازمین ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد سے استدعا کرتے ہیں۔ کہ مردم شماری کے معاوضہ کو سرکاری ملازمین کے اکاونٹ میں بھیجنے کی حائل رکاوٹوں پر ایکشن لیں۔ سرکاری ملازمین کو احتجاج کے لئے مجبور نہ کیا جائے۔

حکومت کیساتھ ڈیڈ لاک برقرار، ملک بھر میں فلور ملز غیر معینہ مدت کیلئے بند



لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان بھر میں آج سے فلور ملز غیر معینہ مدت کے لئے بند کر دی گئیں۔ ودہولڈنگ ٹیکس کے نفاذ کے معاملے پر حکومت اور فلور ملز و ہول سیلرز میں تاحال ڈیڈ لاک برقرار ہے، ودہولڈنگ ٹیکس عائد ہونے کی صورت میں فلور ملز اور ہول سیلرز نے ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان بھر کی 1500 سے زائد فلور ملز میں گندم کی واشنگ بند کر دی گئی، 11 جولائی کو آٹے پیکنگ اور ترسیل بھی مکمل طور پر بند کر دی جائے گی، لاہور سمیت صوبہ بھر میں آئندہ دو روز میں آٹے کی سپلائی بند ہونے سے مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ چیئرمین پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن عاصم رضا کا کہنا ہے کہ آٹا کھانے کی آئٹم ہے اس پر ودہولڈنگ ٹیکس کا نفاذ کسی صورت قبول نہیں، کسی صورت ایف بی آر کے ودہولڈنگ ٹیکس ایجنٹ نہیں بنیں گے۔

سب انسپکٹر پولیس سید علی رضا بخاری وفات پا گئے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سینئر رکن ڈسٹرکٹ پریس کلب سید غلام عباس شیرازی کے خالہ زاد بھائی سب انسپکٹر پولیس سید علی رضا بخاری وفات پا گئے۔ مرحوم پیر سید طاہر عباس بخاری کے چھوٹے بھائی اور پولیس ملازمین سید معصوم علی بخاری کے بڑے بھائی اور سید تحسین شاہ بخاری کے چچا تھے۔ ان کی نماز جنازہ میں ڈی پی او چنیوٹ محمد عبداللہ کی ہدائت پر ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر سید مہدی شاہ، انسپکٹر محمد نواز، انچارج سی آئی اے حاجی نصر اللہ نے شرکت کی۔ ان کے علاوہ معروف خطیب پیر سید خادم حسین بخاری، پیر احمد سید غلام عباس بخاری، پیر علی رضا شاہ بخاری سمیت ہر مکتبہ کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مرحوم کو آبائی قبرستان چک نمبر 105 قاضی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

ڈی پی او اوکاڑہ کے محرم الحرام کے جلوس ومجالس کی سیکیورٹی اور امن و امان کو برقرار رکھنے کیلئے دورے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ طارق عزیز سندھو کا محرم الحرام کے جلوس ومجالس کی سیکیورٹی اور امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے مختلف جلوس ومجالس کے مقامات کے خد دورے کر رہے ہیں ڈی پی او اوکاڑہ نے محلہ علی پور میں جلوس سیکیورٹی انتظامات کو چیک کیا، ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران کو ہدایات دیں اور مجموعی صورتحال کا جائزہ بھی لیا۔ ترجمان ڈی پی او آفس کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں عشرہ محرم کے جلوس و مجالس کی سیکیورٹی کے لیے 2100 سے زائد پولیس اہلکار اپنے فرائض سر انجام دینگے ڈیوٹی کے دوران کسی بھی قسم کی کوتاہی ہر گز برداشت نہیں کی جائے گی، تمام جلوس و مجالس کے منتظمین، اہل تشیع عہدیدار اور ممبران ضلعی امن کمیٹی کا محرم کے پرامن انعقاد کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرای ہے۔

حکومت مساجد و مدارس کو "مفت سولر" فراہم کرے، سید خلیل حسین

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم انجمن تعلیم السلام شمالی محلہ کے مہتمم سید خلیل حسین کاظمی نے کہا ہے کہ حکومت مساجد و مدارس کو "مفت سولر" فراہم کرے۔ پنجاب حکومت کی طرف سے بجلی صارفین کیلئے آسان اقساط پر سولر پینلز کی فراہمی کا اعلان خوش آئند ہے۔ معاشرے کی اصلاح اور تعلیم کے فروغ کیلئے مساجد و مدارس اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مساجد میں نماز ادا کرنیوالے ہالز اور مدارس کے کلاس رومز میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی کیلئے سولر پینلز مفت فراہم کئے جائیں تا کہ عبادات کی ادائیگی اور دینی تعلیم کا حصول یکسوئی کیساتھ ہو سکے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی 100 دنوں کی حکومتی کارکردگی غیر تسلی بخش ہے اشیاء خورد و نوش سمیت اشیاء ضروریہ کے نرخوں میں تاحال کسی قسم کی کمی واقع نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ موجودہ حکومت ملک وقوم کی مسائل کی دلدل سے نکالنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ تعلیم وصحت، آئی ٹی کی ترقی نیز مہنگائی کی روک تھام کیلئے وزیر اعلیٰ مریم نواز اور ان کی ٹیم کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوموں کا عروج و زوال تعلیم سے وابستہ ہے، دینی و دنیاوی تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا، دنیا کے دوسرے ممالک سے مقابلہ کرنے کے لیے دینی و دنیاوی تعلیم انتہائی ضروری ہے۔ جدید تعلیم کا حصول انتہائی اہم ہے کیونکہ تعلیمی ترقی کے بغیر کوئی قوم خوشحالی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔

شیخ امجد نے حج کا فریضہ ادا کرنے کی سعادت حاصل کر لی

دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں، محمد خالد وسیم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) پاکستان گلوز ایسوسی ایشن کے سابق صدر شیخ امجد نے حج کا فریضہ ادا کرنے کی سعادت حاصل کی فریضہ حج ادائیگی کے بعد اپنی رہائش گاہ پر صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کے اعزاز میں اعشائیہ دیا۔ ثبوت سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شیخ امجد کو حج کا فریضہ ادا کرنے کی سعادت حاصل کرنے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ان پر خاص مہربانی کی ہے اور وہ اللہ پاک کے گھر سے ہو کر آئے ہیں یہ سعادت جس کے حصے میں آتی ہے وہ بڑا خوش نصیب ہوتا ہے محمد خالد وسیم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اس کے احکامات حج روزہ زکوۃ اور نماز کی پابندی ہر مسلمان پر فرض ہے جو مسلمان دینی احکامات پر عمل پیرا رہتا ہے ان پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمتوں کا نزول جاری وساری کر دیتا ہے۔

تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام مقامی سرور پیلس میرج ہال جلالپور روڈ میں پانچ روزہ ذکر اہل بیتؓ کا آغاز

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام مقامی سرور پیلس میرج ہال جلالپور روڈ میں پانچ روزہ ذکر اہل بیتؓ کا آغاز ہو گیا۔ ان محافل کا انعقاد بعد از نماز مغرب تا عشاء تک کیا جا رہا ہے۔ آج علامہ غلام شبیر جامی سخاوت اہل بیتؓ پر کل 12 جولائی کو علامہ عدنان وحید قاسمی وفا کی انتہا علمبردار، 13 جولائی کو علامہ احمد حسن فاروقی شہادت حضرت امام عالی مقامؓ پر خطاب کریں گے۔ اس موقع پر عبدالجبار قادری، وسیم عزیز، حسن طفیل، دانیال قمر ور معظم منظور، محمد عاطف عباس چشتی، سرفراز احمد قادری، حافظ عبدالوحید ربانی، حافظ وقار الحسن اور محبوب احمد نقشبندی ہدیہ ہائے نعت ومنقبت پیش کریں گے۔

بجلی کے ٹیرف میں متوسط طبقہ کو ریلیف لائق تحسین، بیگم طلعت شوکت

مسلم لیگی حکومت ملک بچانے کے لیے کڑوے فیصلے کر رہی ہے

وزیر آباد (نامہ نگار) سابق ایم پی اے وڈسٹرکٹ صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی جانب سے بجلی کے ٹیرف میں متوسط طبقہ کو ریلیف لائق تحسین اور بجلی کی قیمتوں کا اضافہ نہ کرنا خوش آئند ہے مہنگائی کا جن کافی حد تک قابو ہو چکا مسلم لیگی حکومت ملک بچانے کے لیے کڑوے فیصلے کر رہی ہے عوام کو ریلیف ملے گا اور ملک ترقی کی شاہراہ پر دوڑے گا انہوں نے 200 یونٹ تک کے صارفین کے لیے بجلی کی قیمتوں کو نہ بڑھانے کے احکامات پر وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے فیصلہ کو سراہا ان کا کہنا تھا کہ سابق دور حکومت میں ملک کی معاشی حالت انتہائی خراب ہو چکی تھی اور آنے والی حکومت کے لیے نام نہاد تبدیلی کے دعویداروں نے ہر ممکن مشکلات پیدا کیں لیکن سیاسی بصیرت اور قائدین مسلم لیگ کی دن رات کی انتھک محنت سے ملک ڈیفالٹ ہونے سے بھی بچ گیا اور معیشت کا پہیہ ایک دفعہ پھر رواں ہو چکا ان شاء اللہ جلد عوام کو ریلیف ملے گا انہوں نے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کی جانب سے صوبہ میں سستی روٹی کی دستیابی اور صوبہ کے عوام کے لیے سہولیات کی دستیابی کی تعریف کی اور ان کی ٹیم کو عوامی ترجیحات کے لیے اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا۔

روٹی سستی آٹا مہنگا، گیس کے ریٹ آسمانوں پر، کاریگروں نے بھی ریٹ بڑھا دیئے

نانبائیوں کی دہائیاں حکومت روٹی سستی کرے لیکن سستا آٹا گیس اور بجلی بھی فراہم کرے نوبت فاقوں تک پہنچ گئی

وزیر آباد (نامہ نگار) روٹی سستی آٹا مہنگا، گیس کے ریٹ آسمانوں پر، کاریگروں نے بھی ریٹ بڑھا دیئے نانبائیوں کی دہائیاں حکومت روٹی سستی کرے لیکن سستا آٹا گیس اور بجلی بھی فراہم کرے نوبت فاقوں تک پہنچ گئی دوکانیں ڈیلروں کی مقروض ہونے لگیں وزیر اعلی پنجاب ہم پر رحم کھائیں حکومت پنجاب کی جانب سے سستی روٹی کی فراہمی کو شہری حلقوں نے خوب سراہا ہے اور احسن اقدام قرار دیا ہے لیکن نانبائی اور ہوٹلز مالکان حکومتی طرز عمل سے ناراض و نالاں ہیں نانبائیوں و ہوٹل مالکان نے کہا ہے کہ 3400 روپے والا 50 کلوگرام آٹے کا تھیلا آٹا ڈیلروں نے ایک ہزار روپے مہنگا کر دیا جبکہ سوئی گیس کے بڑے سلنڈر کی قیمت میں بھی 3 ہزار روپے اضافہ ہو گیا بجلی کے ریٹ بھی آسمان پر پہنچا دیئے گئے رہی سہی کسر تندور پر کام کرنے والے کاریگروں نے نکال دی گرمی میں تندور پر کام کرنے والے کاریگر دوگنا اجرت لیتے ہیں جبکہ حکومت بضد ہے کہ روٹی 14 روپے کی فروخت کی جائے ایسے حالات میں کہاں جائیں دوکانیں، تندور اور ہوٹلز آٹا ڈیلروں کے مقروض ہو رہے ہیں اور ہمارے گھروں میں نوبت فاقوں تک پہنچ رہی ہے وزیر اعلی پنجاب سستی روٹی کی فراہمی کے بنیادی معاملات سستا آٹا فراہم کریں گیس پر تندوروں کو سبسڈی دی جائے آئے روز کے جرمانوں سے نجات اور بجلی کے نرخ بھی کم کیے جائیں تا کہ ملک کی ایک بڑی انڈسٹری ہوٹلز و تندور شاپس تباہ ہونے سے بچ سکے۔



جدید ٹیکنالوجی ای پولیس ایپ کے ذریعے دو چوری شدہ کاریں پانچ چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے سات اشتہاری مجرمان اور پانچ عدالتی مفرور بھی گرفتار

گوجرانوالہ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف عامر جاوید) ایس پی پٹرولنگ فاروق احمد بھٹہ کی ہدایت پر ڈی ایس پیز پٹرولنگ کی زیر نگرانی جرائم پیشہ عناصر پر سخت نظر رکھنے اور انسداد جرائم کے لیے پٹرولنگ پولیس کی مختلف ٹیمیں تشکیل دے رکھیں ہیں اسی تناظر میں پٹرولنگ پولیس گوجرانوالہ ریجن کی پٹرولنگ ٹیموں نے جدید ٹیکنالوجی ای پولیس ایپ کے ذریعے دو چوری شدہ کاریں پانچ چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کیے جبکہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ای پولیس ایپ کے ذریعے سات اشتہاری مجرمان اور پانچ عدالتی مفرور گرفتار کیے جبکہ غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف چار مقدمات درج کروائے گئے۔ علاوہ ازیں پٹرولنگ پولیس ٹیموں نے گمشدہ ہونے والے دو بچوں کو تلاش کر کے ان کے وارثان کے حوالے کیا جنہوں نے پٹرولنگ پولیس کو ڈھیر ساری دعائیں دیں۔ گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چھٹہ کی ناک کے نیچے انکروچمنٹ و انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور اس کی سرکاری و پرائیویٹ ٹیم کی موٹر سائیکل سٹینڈز پر سرعام کرپشن جاری، موٹر سائیکل سٹینڈز پر سرکاری پرچی فیس 10 روپے ہونے کے باوجود 30 روپے چارج کر کے عام غریب عوام کو لوٹ کے اپنی جیبیں بھرنے میں مصروف، شہری نے کاروائی کے لئے سی او میونسپل کارپوریشن کو درخواست دے دی۔ تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ پر واقع عامر پلازہ کے باہر موٹر سائیکل سٹینڈ کے انچارج انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور اس کے کار خاص علی رضا شاہ نامی ملازم سمیت پرائیویٹ اہلکاروں نے موٹر سائیکل سٹینڈ پر سرکاری پرچی ریٹ 10 روپے ہونے کے باوجود اپنی جیبیں بھرنے کے لئے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ مارنا شروع کر دیا۔ شہری نے انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور ان کی نام نہاد ٹیم کے خلاف سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چھٹہ کو کاروائی کے لئے درخواست دے دی جس میں شہری نے موقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرپٹ انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور اس کی ٹیم سرعام موٹر سائیکل سٹینڈ پر سرکار کے نام پر کرپشن کرتے ہوئے زبردستی عام عوام سے 30 روپے پرچی فیس وصول کر کے جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چھٹہ نے درخواست پر فوری کاروائی کرتے ہوئے سپریڈنٹ محمد علی کو کاروائی کی ہدایت جاری کر دی اور سی او میونسپل کارپوریشن نے مزید کہا کہ ملوث افسران و ملازمین کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

سٹی پولیس دیپالپور کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی

دو منشیات فروش کو گرفتار کر کے 03 کلو چرس برآمد کر لی گئی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سٹی پولیس دیپالپور کی کاروائی دو منشیات فروش کو گرفتار کر کے 03 کلو چرس برآمد کر لی گئی۔ تھانہ سٹی دیپالپور پولیس کی ایس ایچ او اطہر رشید کی سربراہی میں کامیاب کارروائی جس میں بدنام زمانہ 2 منشیات فروش رفاقت علی اور امانت علی کو گرفتار کر لیا گیا اور ملزم رفاقت علی کے قبضہ سے ڈیڑھ کلو جبکہ ملزم امانت علی کے قبضہ سے 1 کلو 500 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیا گیا ملزمان تھانہ سٹی دیپالپور اور گردونواح میں منشیات کا مکروہ دھندہ کر کے نوجوان نسل کو تباہ کر رہے تھے۔ ڈی پی او اوکاڑہ طارق عزیز سندھو کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔

انکروچمنٹ و انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور ٹیم کی کرپشن جاری

سرکاری پرچی فیس 10 روپے ہونے کے باوجود 30 روپے چارج کرنے لگے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چھٹہ کی ناک کے نیچے انکروچمنٹ و انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور اس کی سرکاری و پرائیویٹ ٹیم کی موٹر سائیکل سٹینڈز پر سرعام کرپشن جاری، موٹر سائیکل سٹینڈز پر سرکاری پرچی فیس 10 روپے ہونے کے باوجود 30 روپے چارج کر کے عام غریب عوام کو لوٹ کے اپنی جیبیں بھرنے میں مصروف، شہری نے کاروائی کے لئے سی او میونسپل کارپوریشن کو درخواست دے دی۔ تفصیلات کے مطابق جی ٹی روڈ پر واقع عامر پلازہ کے باہر موٹر سائیکل سٹینڈ کے انچارج انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور اس کے کار خاص علی رضا شاہ نامی ملازم سمیت پرائیویٹ اہلکاروں نے موٹر سائیکل سٹینڈ پر سرکاری پرچی ریٹ 10 روپے ہونے کے باوجود اپنی جیبیں بھرنے کے لئے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ مارنا شروع کر دیا۔ شہری نے انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور ان کی نام نہاد ٹیم کے خلاف سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چھٹہ کو کاروائی کے لئے درخواست دے دی جس میں شہری نے موقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرپٹ انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد اور اس کی ٹیم سرعام موٹر سائیکل سٹینڈ پر سرکار کے نام پر کرپشن کرتے ہوئے زبردستی عام عوام سے 30 روپے پرچی فیس وصول کر کے جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ سی او میونسپل کارپوریشن حیدر چھٹہ نے درخواست پر فوری کاروائی کرتے ہوئے سپریڈنٹ محمد علی کو کاروائی کی ہدایت جاری کر دی۔

ملزم اقبال ولد شیرا کو 9 سال کی قید اور 80 ہزار جرمانہ کی سزا سنا دی گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پنڈی بھٹیاں محمد محسن نے تھانہ صدر کے منشیات کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم اقبال ولد شیرا کو 9 سال کی قید اور 80 ہزار جرمانہ کی سزا دی ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزم کو مزید چار ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ ملزم سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد ہونے پر مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

ضلع بھر میں جرائم میں ملوث عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر فیصل آباد ڈاکٹر محمد عابد خان، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی ہدایت پر ضلع بھر میں جرائم میں ملوث عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ کانڈیوال سب انسپکٹر ظفر شاہد نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضہ سے زیر استعمال ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان نے دیرینہ دشمنی کی بناء پر ٹھٹھہ سرگانہ میں محمد کاظم کو قتل اور آصف علی کو زخمی کر دیا تھا۔ ملزمان کیخلاف تھانہ کانڈیوال میں زیر دفعہ 149/148/324/302 ت پ مقدمہ درج ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ کانڈیوال کی زیر قیادت ملزمان کی گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیم تشکیل دی گئی۔

کوٹ سرور فلائی اوور کے قریب پولیس کی وردی میں ملبوس 2 ڈاکو مقامی تاجروں سے 16 لاکھ روپے لوٹ کر فرار

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) کوٹ سرور فلائی اوور کے قریب پولیس کی وردی میں ملبوس 2 نامعلوم مسلح ڈاکو دو مقامی تاجروں سے 16 لاکھ روپے سے زائد نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے جبکہ پولیس خراٹے لیتی رہ گئی۔ تفصیلات کے مطابق محلہ مغل پورہ کا رہائشی عامر شہزاد جو کہ سولر پیلٹس کا کام کرتا ہے وہ گذشتہ روز محمد اکرام ولد اسرار اور ڈرائیور کے ہمراہ شہ زور ڈالہ میں سوار ہو کر سولر پلیٹس خریدنے لاہو رجا رہے تھے کہ کوٹ سرور فلائی اوور کے قریب پولیس یونیفارم میں ملبوس دو نامعلوم ڈاکو جو کہ ایک کرولا گاڑی میں سوار تھے انہوں نے روکا اور کہا کہ پیچھے واردات ہوئی ہے اور انہوں نے شہ زور ڈالہ گاڑی چیک کرنی ہے جس پر انہوں نے گاڑی روکی تو ملزمان عامر شہزاد سے آٹھ لاکھ روپے اور محمد اکرام سے آٹھ لاکھ ستائیس ہزار روپے اسلحہ کے زور پر لوٹ کر فرار ہو گئے۔ سکھیکی پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تاحال پولیس ملزمان کو سراغ نہ لگا سکی ہے۔

رفیق آباد میں گھر سے 50 سالہ شخص کی خون آلود نعش برآمد

نعش کی بو محسوس ہونے پر اہل محلہ نے معلوم کیا تو بیڈ روم میں پڑا ہوا تھا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) رفیق آباد میں گھر سے 50 سالہ شخص کی خون آلود نعش برآمد قریب سے پستل بھی پڑا ہوا ملا ہے بتایا گیا ہے کہ رفیق آباد کا رہائشی ندیم بٹر کرایہ کے مکان میں اکیلا رہتا تھا نعش کی بو محسوس ہونے پر اہل محلہ نے معلوم کیا تو بیڈ روم کے واشروم پر زخمی حالت میں پڑا ہوا تھا اور جاں بحق ہو چکا تھا نعش سے بدبو آ رہی تھی قریب پستول بھی پڑا ہوا تھا جس پر مقامی پولیس کو اطلاع دی گئی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کارروائی شروع کر دی بتایا گیا ہے کہ ندیم بٹر اہلخانہ سے علیحدہ کرایہ کے مکان میں اکیلا رہتا تھا نعش کی صورتحال سے معلوم ہوتا ہے کہ دو تین روز قبل موت ہوئی ہے قتل ہے یا خودکشی یہ کہنا قبل از وقت ہوگا۔

ڈی پی او چنیوٹ نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت مسائل سنے

ڈی پی او کی درخواستیں مارک کر کے مختص ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت لوگوں کے مسائل سنے۔ ڈی پی او نے درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس، پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق تھانہ کلچر میں تبدیلی، پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔ فیلڈ افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی مسئلہ کی صورت میں آنے والے شہریوں کیساتھ اچھے اخلاق سے پیش آ کر ان کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے اور بلاوجہ انتظار نہ کروایا جائے۔ دفاتر، تھانہ جات میں کسی بھی شہری کی تضحیک ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے شہریوں کا تھانہ جات میں کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا تو شہری بلا جھجک میرے دفتر تشریف لائیں، انکے مسائل کا حل یقینی بنایا جائے گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ جرائم کے خاتمہ کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے اردگرد ہونے والے جرائم کی نشاندہی کریں تا کہ بروقت کاروائی عمل میں لائی جا سکے اور جرائم پیشہ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔

بجلی کے بھاری بلوں نے غریب عوام کی زندگی مشکل بنا دی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) بجلی کے بھاری بلوں نے غریب عوام کی زندگی مشکل تین بنا دی۔ لوگ بلوں کو دیکھ کر پریشان لوگوں نے اپیل کی ہے کہ حکومت غریب عوام پر رحم کرے۔ ملک بھر میں مہنگائی کی لہر برقرار ہے دوسری جانب ہر ماہ بجلی کی بڑھتی قیمتوں نے عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے۔ ہر ماہ اضافی اور ناجائز طرح طرح کے ٹیکسز ڈال کر غریب عوام کو لوٹا جا رہا ہے۔ بھرتی بجلی کی قیمتوں سے عوام سے دو وقت کی روٹی بھی چھن گئی ہے۔ پھر ظلم کہ لیسکو اہلکاروں کی جانب سے اوور بلنگ کی جا رہی ہے جس سے صارف کا ٹیرف پروٹیکٹڈ سے نان پروٹیکٹڈ ہو جاتا ہے اور بل 3000 سے 8000 تک پہنچ جاتا ہے جنکو ادا کرنا ناممکن ہو چکا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ حکومت نے مہنگائی بیروزگاری اور بجلی سستی کرنے کے وعدے کے ووٹ حصل کیے تھے مگر اب ایسا لگتا ہے کہ حکومت غریب عوام سے کوئی بدلہ پورا کر رہی ہے۔

جہلم میونسپل کمیٹی کی غیر سنجیدگی، اولڈ جی ٹی روڈ، سول لائن روڈ پر تجاوزات کی بھرمار

ریڑھی بانوں اور بھکاریوں کو سول کلب اور جم خانہ کے باہر ڈیرے لگوا دیئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میونسپل کمیٹی میں کرپشن عروج پر، اولڈ جی ٹی روڈ، سول لائن روڈ پر موجود ریڑھی بانوں اور بھکاریوں کو سول کلب اور جم خانہ کے باہر ڈیرے لگوا دیئے، شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی کے شعبہ انکروچمنٹ نے اولڈ جی ٹی روڈ اور سول لائن روڈ پر سبزی، فروٹ فروخت کرنے والے ریڑھی بانوں، لوڈر رکشہ، سمیت بھکاریوں کو اندرون شہر سے سول کلب اور جم خانہ کے باہر منتقل کر دیا۔ نیا ریڑھی بازار قائم ہونے سے شہریوں کو آمدورفت میں سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے شعبہ انکروچمنٹ نے ریڑھی بانوں کے ساتھ ماہانہ کی بنیاد پر معاملات طے کر رکھے ہیں، محرم الحرام شروع ہوتے ہی میونسپل کمیٹی کے شعبہ انکروچمنٹ کے عملے نے اپنی دیہاڑیاں زندہ رکھنے کے لئے ریڑھی بانوں، لوڈر رکشہ ڈرائیوروں اور بھکاریوں کو سول کلب اور جم خانہ کے باہر منتقل کر دیا ہے جس کی وجہ سے ضلع کچہری، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس وٹنری ہسپتال، ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب، سی ای او ہیلتھ، سی ای او ایجوکیشن ڈسٹرکٹ جیل، ضلعی دفتر محکمہ زراعت، جہلم پریس کلب، سمیت سرکاری و نجی اداروں میں آنے والے سائلین کو آمدورفت میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، شہری تنظیموں کے عمائدین نے ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع کچہری کے چاروں اطراف موجود ریڑھی بانوں لوڈر رکشہ ڈرائیوروں اور بھکاریوں کو کاروبار کرنے پر پابندی عائد کی جائے تا کہ شہریوں کو پیش آنے والی مشکلات میں کمی واقع ہو سکے۔

جہلم گزشتہ روز ہونے والی معمولی بارش نے میونسپل کمیٹی کی انتظامیہ کی کارکردگی کا پول کھول دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم گزشتہ روز ہونے والی معمولی بارش نے میونسپل کمیٹی کی انتظامیہ کی کارکردگی کا پول کھول دیا، سڑکوں پر بارشی پانی کھڑا ہونے سے میونسپل کمیٹی کی انتظامیہ کے لیے پانی کی نکاسی چیلنج بن گئی، سول لائن روڈ، سٹی ویگن اسٹینڈ، پولیس لائن روڈ، کمیلا روڈ سمیت اہم سڑکیں زیر آب آ گئیں، شہریوں کا ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق شہر میں گزشتہ روز ہونے والی معمولی بارش سے شہر کی سڑکوں پر پانی جمع ہو گیا جس کی بنیادی وجہ نکاسی آب کے نالوں کی بروقت صفائی ستھرائی اور نالوں پر قائم ہونے والی پختہ تجاوزات کا خاتمہ نہ ہونا ہے۔ بارشی پانی جمع ہونے سے شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شہری تنظیموں کے عمائدین نے ڈپٹی کمشنر، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ نکاسی آب کے نالوں پر قائم ہونے والی پختہ تجاوزات اور نالوں کی صفائی ستھرائی کروائی جائے تا کہ شہر کی سڑکوں پر جمع ہونے والے پانی کا خاتمہ ہو اور شہریوں کو پیش آنے والی مشکلات ختم ہو سکیں۔

مرزا ذوالفقار کا سائبان ضعیفان ویلفیئر سوسائٹی چنیوٹ کے زیر اہتمام چلنے والے اولڈ ہوم کا دورہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سائبان ضعیفان ویلفیئر سوسائٹی ضلع چنیوٹ کی چیئرپرسن اعجاز فرزانہ لالی کی خصوصی دعوت پر ایم کیو ایم کے زونل صدر فیصل آباد مرزا ذوالفقار اور سینئر نائب صدر زون فیصل آباد رانا تجمل حسین کا وفد کے ہمراہ سائبان ضعیفان ویلفیئر سوسائٹی چنیوٹ کے زیر اہتمام چلنے والے اولڈ ہوم کا دورہ کیا اس موقع پر چیئرپرسن اعجاز فرزانہ لالی نے سوسائٹی کے زیر انتظام اولڈ ہوم کے بارے بریف کیا۔ جبکہ ڈاکٹر نثار جنرل سیکرٹری سائبان ضعیفان ویلفیئر سوسائٹی کی مشکلات بارے آگاہ کیا اور کہا کہ یہ واحد سوسائٹی ہے جو فیصل آباد اور چنیوٹ میں لاوارث میتیوں کے کفن دفن کا اہتمام کرتی ہے فیصل آباد میں مشکلات آ رہی ہیں کیونکہ ہمارے پاس ڈونرز نہیں ہیں۔

محرم الحرام ہمیں امن، اخوت بھائی چارے اور صبر کا درس دیتا ہے، رانا شاہد

مانانوالہ (سید علی عباس شاہ) محرم الحرام ہمیں امن، اخوت بھائی چارے اور صبر کا درس دیتا ہے اور امت کے اتحاد کا عظیم سبق اس ماہ میں پوشیدہ ہے سینئر صحافی رانا شاہد صادق نے ان خیالات کا اظہار ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا فلسفہ حسین سمجھنے کی ضرورت ہے۔ واقعہ کربلا تاریخ انسانی کا ایک دلخراش واقعہ ہی نہیں، بلکہ ظلم وحشت اور درندگی کی ایک ایسی داستان ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا جس نے امت کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا۔ نفاذ عدل اور انسان کے بنیادی حقوق کی بحالی کیلئے نواسہ رسول نے جو لازوال قربانی دی وہ مسلمانوں کے لئے تا قیامت مشعل راہ رہے گی۔

جہلم، مہنگے داموں مضر صحت دودھ کی فروخت جاری

شہری ناقص و مضر صحت دودھ کے استعمال سے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح میں مہنگے داموں مضر صحت دودھ کی فروخت جاری، خالص دودھ صرف بھینس کے بچھڑے کو میسر، شہری ناقص و مضر صحت دودھ کے استعمال سے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے، پنجاب فوڈ اتھارٹی مضر صحت دودھ فروشوں کے خلاف کاروائیاں عمل میں لائے، شہریوں کا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق شہر و گردونواح میں دودھ فروخت کرنے والے گوالوں اور دودھ فروشوں نے دودھ کو خالص ثابت کرنے کیلئے مختلف کیمیکلز کا سہارا لے رکھا ہے جس کی وجہ سے بچے، بوڑھے، جوان، خواتین ان زہر فروشوں کی درندگی کا شکار ہو رہے ہیں۔ دودھ فروش خطرناک کیمیکلز اور مختلف اقسام کے پاؤڈرز سے دودھ تیار کر کے مہنگے داموں گلی محلوں میں فروخت کر رہے ہیں جس کے استعمال سے شہری کینسر، ہیپا ٹائٹس، معدے کے السر اور پیٹ سمیت موذی امراض کا شکار ہو رہے ہیں، شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے مضر صحت دودھ فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ایس پی انوسٹی گیشن کی ضلع بھر کے ڈرائیور کانسٹیبلان سے میٹنگ

پولیس وہیکلز میں نصب ٹیبس اور جدید ایپلیکیشنز کے موثر استعمال کے بارے میں آگاہی

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے احکامات پر ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ کی ضلع بھر کے ڈرائیور کانسٹیبلان سے میٹنگ، انسداد جرائم کے حوالے سے پولیس وہیکلز میں نصب ٹیبس اور جدید ایپلیکیشنز کے موثر استعمال کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے احکامات پر جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جرائم کے خلاف موثر نتائج کے حصول کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ کی ضلع بھر کے ڈرائیور کانسٹیبلان سے میٹنگ میں ڈرائیوران کو انسداد جرائم کے حوالے سے پولیس وہیکلز میں نصب ٹیبس اور جدید ایپلیکیشنز کے موثر استعمال کے بارے میں آگاہی دی گئی۔ ایس پی انوسٹی گیشن کا کہنا تھا کہ آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد کے احکامات پر جرائم کی روک تھام کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور ایپلیکیشنز کا موثر استعمال عمل میں لایا جائے۔ ایس پی انوسٹی گیشن کا مزید کہنا تھا کہ ڈرائیوران گاڑیوں کی دیکھ بھال اور بروقت مرمت کو یقینی بنائیں تا کہ دوران ڈیوٹی کسی قسم کی پریشانی اور دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایم ٹی او پولیس وہیکلز کی بروقت مرمت اور فٹنس کو مانیٹر کریں، اس بارے میں کسی قسم کی غفلت و کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

دی۔ اجلاس میں ورکرز سکالرشپ پروگرام، لیبر کالونیوں کے قیام، مزدوروں کیلئے ہیلتھ فیسلیٹی پراجیکٹس کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے ٹیکسلا اور سندر لیبر کالونیوں میں مزدوروں کے لئے ایک ہزار 224 فلیٹس بلا قیمت دینے کا اعلان کیا، وزیر اعلیٰ پنجاب نے لیبر کے لئے 6 ارب روپے کی واجب الادا ڈیتھ اور میرج گرانٹ بھی ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ دوران اجلاس وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر گارمنٹ سٹی میں خواتین ورکرز کے لئے دو ہاسٹل بنانے کی بھی منظوری دے دی گئی، شیخوپورہ میں 704 خواتین ورکرز کو مفت رہائش فراہم کی جائے گی، وزیر اعلیٰ نے محکمہ لیبر میں اصلاحات، آکو پیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ اور کم از کم اجرت کے قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کا حکم دیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ حکومت نے رواں بجٹ میں کم از کم اجرت 37 ہزار روپے مقرر کی ہے، سٹیک ہولڈرز کو فوری طور پر اعتماد میں لے کر کم از کم اجرت نافذ کی جائے، ہر ورکر کو پوری اجرت نہ ملنا تکلیف دہ امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے ہر مزدور کے حقوق کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، ڈومیسٹک ورکرز پر لاز کا نفاذ نہ ہونا افسوسناک ہے، ورک پلیس پر سیفٹی پروٹوکول اور ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، سینیٹری سٹاف کے لئے نالوں اور مین ہولز کی صفائی کے دوران سیفٹی گیئر کا استعمال یقینی بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

منصوبے پر پی سی ون بنانے کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ پی سی ون بنا کر پی اینڈ ڈی بورڈ سے منظوری لی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 3

مطابق وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف طلباء و طالبات کو بائیکس کی چابیاں دیں گی۔ منصوبے کے تحت 20 ہزار پیٹرول بائیکس جبکہ 8 ہزار سے زائد ای بائیکس طلباء و طالبات کو دی جائیں گی، بائیکس اسکیم میں طالبات کا کوٹہ 2 ہزار رکھا گیا۔ مجموعی طور پر صوبہ بھر سے 8 ہزار سے زائد طالبات نے درخواستیں دیں، پنجاب حکومت کو طلباء و طالبات کی جانب سے 72 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں، ای اور موٹر بائیکس اسکیم کے لیے ایک لاکھ 90 ہزار طلباء و طالبات نے ویب پورٹل پر اپلائی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

پاکستان کے خود مختار فیصلوں سے ہے کہ وہ اپنی سرحدوں کی حفاظت کیسے کرتے ہیں اور وہ کس طرح ملک کے اندر سیکیورٹی کو حل کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سوال کے لیے آپ کو پاکستان سے رجوع کرنا پڑے گا۔ میجر جنرل پیٹ رائیڈر نے مزید کہا کہ انسداد دہشت گردی پر کام کرنے والے پاکستان کے ساتھ ہمارے طویل تعلقات ہیں، اس سے متعلق بات چیت ہونے کی ضرورت ہے کہ پاکستان امریکا سے کس قسم کی حمایت کی درخواست کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ محرم الحرام پرامن گزریں، محرم کی مناسبت سے سیکیورٹی انتظامات بہترین ہونے چاہیے، صوبوں کیساتھ سیکیورٹی تعاون سے قومی یکجہتی اور اتحاد کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی میں سی ٹی ڈی افسر کی شہادت پر افسوس ہے، خیبر پختونخوا میں شہید سیکیورٹی اہلکاروں کے لواحقین سے بھی تعزیت کرتے ہیں۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ روس کے صدر سے ملاقات مفید رہی، ہماری روسی صدر سے تجارت اور دیگر شعبوں میں تعاون پر بات ہوئی، دورہ چین میں اہم شعبوں میں مزید تعاون کے لیے بریفنگ لی، ہمیں چین کے ساتھ سرمایہ کاری تعاون کے فروغ پر تیزی سے پیش رفت یقینی بنانا ہوگی۔ بلوچستان کے حوالے سے بات کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان میں 28 ہزار ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقلی اہم اقدام ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وفاقی افسران نے شمسی توانائی منصوبے پر محنت سے کام کیا، ٹیوب ویلز کے لیے وفاق کی دیکھیے 80 ارب روپے ضائع ہو رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 6

ڈائریکٹ جسٹس طارق جہانگیری سے بات کرنا چاہ رہا تھا۔ جسٹس طارق جہانگیری نے رجسٹرار کو طلب کرلیا اور ہدایت کی کہ موبائل نمبر کے حوالے سے ایف آئی اے کو فوری رپورٹ کیا جائے۔ عدالتی ذرائع کے مطابق مشکوک کال 2 روز قبل اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس طارق جہانگیری آفس کی گئی۔ مشکوک نمبر سے جسٹس طارق جہانگیری کے موبائل نمبر پر میسجز بھی بھیجے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 7

طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے شیڈو گورنر کمانڈر عبدالرحیم سمیت 3 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے جب کہ آپریشن کے دوران 4 اہلکار شہید اور 3 زخمی ہوئے گئے۔ پشاور پولیس کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آپریشن پشاور کے مضافاتی علاقے متنی حسن خیل میں کیا گیا، دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے ادارے حصہ لے رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق پشاور کے علاقے حسن خیل میں صبح دہشتگردوں کے خلاف آپریشن میں 4 اہلکار شہید اور تین زخمی ہو گئے، کالعدم ٹی ٹی پی کا شیڈو گورنر کمانڈر عبدالرحیم بھی کارروائی میں مارا گیا۔ ذرائع کے مطابق کمانڈر عبدالرحیم کے 2 ساتھی بھی آپریشن میں ہلاک ہوئے، صبح سے جاری آپریشن مکمل ہونے کے بعد علاقہ میں سرچ آپریشن جاری ہے، حسن خیل آپریشن پولیس اور سی ٹی ڈی کی بڑی کامیابی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمیں بجلی کی ترسیلی لائنز کو بہتر بنانا اور بجلی چوری پر قابو پانا ہے، ملک بھر میں تیل سے چلنے والے 10 لاکھ ٹیوب ویلز کو شمسی توانائی پر منتقل کریں گے، ملک بھر کے ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی سے خطیر رقم کی بچت ممکن ہوگی۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ اگر 1200 ارب روپے کی ریکوری نہ ہو تو ڈیمز اور سولرائزیشن میں یہ پیسہ لگ سکتا ہے، اللہ نے موقع دیا ہے تو جت کر قوم کی خدمت کرنی ہوگی، پاکستان کی حالت ہم سب کے سامنے ہے، وزیر اعظم ڈاؤن سائزنگ اور رائٹ سائزنگ پر میری پوری توجہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

وزیر داخلہ، صدر ریاست اور وزیر اعظم آزاد کشمیر نے جیپ کے حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کیلئے دعائے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ ریسکیو حکام کے مطابق جیپ گہری کھائی میں گرنے سے ڈرائیور سمیت 13 افراد موقع پر دم توڑ گئے۔

بقیہ بقیہ جات 10

روبرو پیش کردیا۔ پولیس کی جانب سے ملزم کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی جس پر جوڈیشل مجسٹریٹ نے ملزم حارث کا دو دن کا جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ عائشہ جہانزیب نے شوہر کے خلاف تھانہ سرور روڈ میں مقدمہ درج کروایا جس میں کہا گیا کہ شوہر نے تین سے چار مرتبہ تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کیا اور کنپٹی پر پستول رکھ کر دھمکیاں دیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

سندھ سید مراد علی شاہ کو حب کینال پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت نے کراچی کو 100 ایم جی ڈی پانی پہنچانے کیلئے حب کینال کی بحالی کا پروجیکٹ شروع کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے اجلاس کے دوران کہا کہ حب کینال میں مسائل ہونے سے 30 تا 35 ایم جی ڈی پانی ضائع ہوتا ہے، میں چاہتا ہوں کہ حب کینال کی بحالی پر کام تیز ہونا چاہیے تاکہ کراچی کو پورے 100 ایم جی ڈی پانی پہنچ سکے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ موجودہ حب کینال کی بحالی اور ساتھ نیا کینال بنانے کے بعد کراچی کو 200 ایم جی ڈی پانی مل سکے گا۔

بقیہ بقیہ جات 12

لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے حوالے سے معاشرہ خطرناک صورتحال سے دو چار ہے، پیزا کے ساتھ منشیات کی سپلائی کرنے والا گروہ پکڑا گیا ہے۔ سندھ کے وزیر نے کہا کہ ہم نے چار بینک اکاؤنٹس پکڑے ہیں جن میں منشیات کے پیسے آتے ہیں، ملزمان نے بتایا پیزا ڈیلیوری کیساتھ منشیات بھی بھیجی جاتی ہیں، شاید ڈیلیوری بوائے کو بھی پتہ نہ ہو کہ وہ منشیات بھی سپلائی کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ منشیات فروش قربان شاہ کے اکاؤنٹ میں منشیات کے پیسے بھیجے جاتے تھے، ملزم کے موبائل فون سے ٹھوس شواہد حاصل ہوئے ہیں، وہ شخص اسلام آباد میں ہے، گرفتاری کیلئے وزارت داخلہ سے رابطہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 13

ہے۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بچانا ہے تو شفاف الیکشن کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہے، موجودہ حکومت نے پاکستان کی امید ختم کردی ہے، کسی کو اس حکومت پر بھروسہ نہیں رہا، ملک میں جمہوریت کی قبر کھودی جارہی ہے اگر اسٹیبلشمنٹ کو پاکستان کو بچانا ہے تو شفاف الیکشن کی طرف جانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس الیکشن میں تاریخی دھاندلی ہوئی ہے، چیف جسٹس پاکستان ہمیں انصاف کے لیے الیکشن کمیشن بھیج رہے ہیں تاہم سب کو معلوم ہے الیکشن کمیشن نے فراڈ الیکشن کرائے، قاضی فائز عیسیٰ ہمیں کہہ رہے ہیں انٹرا پارٹی الیکشن کیوں نہیں کرائے؟ تو کیا چیف جسٹس کو نہیں معلوم ہماری ساری پارٹی انڈر گراؤنڈ تھی۔

بقیہ بقیہ جات 14

مہاجرین جن کے پروف آف رجسٹریشن کارڈز کی میعاد 30 جون 2024 کو ختم ہو چکی ہے، ان کے پی او آر کارڈز کی مدت میں ایک سال (30 جون 2025) تک توسیع کی منظوری دے دی۔ وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق بدھ کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی کابینہ نے وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی سفارش پر پاکستان پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ کو ختم کرنے کے لائحہ عمل کی منظوری دیدی۔ منظور شدہ لائحہ عمل کے مطابق وفاقی ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کے لیے پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کمپنی بنائی جائے گی جبکہ وفاقی حکومت کی زیر نگرانی صوبائی نوعیت کے تمام ترقیاتی منصوبوں کو متعلقہ صوبائی اداروں کے حوالے کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 15

برطانوی وزیر انصاف شبانہ محمود نے بھی حلف اٹھایا۔ فضل خان، عمران حسین، راجہ یاسین اور ناز شاہ بھی حلف اٹھانے والوں میں شامل ہیں۔ ایک ہفتہ ہونے والے انتخابات کے بعد برطانوی پارلیمنٹ کا پہلا اجلاس ہوا۔ اس بار 263 خواتین دارالعوام کے لیے منتخب ہوئی ہیں۔ نومنتخب وزیر اعظم کیئر اسٹارمر نے کہا کہ ہم پورے جوش و جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔ دارالعوام کے اجلاس میں لنزے ہوئل کو ایک بار پھر بلا مقابلہ اسپیکر منتخب کرلیا گیا۔ سبک دوش ہونے والے وزیر اعظم رشی سنک نے وزیر اعظم کیئر اسٹارمر کو مبارکباد دی۔ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو میں رشی سنک نے کہا کہ میں عام انتخابات میں کنزرویٹو پارٹی کی شکست کی ذمہ داری قبول کرتا ہوں۔ ہم کوشش کریں گے کہ ایوان کی تمام کارروائیاں بحسن و خوبی چلتی رہیں۔ واضح رہے کہ رشی سنک منتخب ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

علی اشفاق ایڈووکیٹ نے عدالت میں دلائل دیئے۔ عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے صنم جاوید کو گوجرانوالہ کے مقدمے سے ڈسچارج کرنے کا حکم دیدیا۔ یاد رہے کہ صنم جاوید نے انسداد دہشتگردی عدالت گوجرانوالہ کے جسمانی ریمانڈ کے فیصلے کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 17

کے موقع پر اپوزیشن اراکین نے ایوان میں شور شرابہ کیا، سنی اتحاد کونسل کے اراکین نے وزیر اعظم کے خلاف نعرے بازی کی۔ قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کی طرف سے اٹھائے گئے نکات کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے اسپیکر سردار ایاز صادق کو مخاطب کرکے کہا کہ بطور اسپیکر آپ کی آئینی ذمہ داری ہے اور یہ آپ کی سخاوت بھی ہے کہ آپ لیڈر آف اپوزیشن کو بولنے کا موقع دیتے ہیں حالانکہ سابق اسپیکر اسد قیصر جب اسپیکر تھے تو یہ اس وقت قائد حزب اختلاف کو بات ہی نہیں کرنے دیتے تھے۔ شہباز شریف نے زور دے کر کہا کہ گندم کی ایکسپورٹ کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، یہ بات میں ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں، معزز ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ گندم برآمدات سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ وزیر اعظم نے پاکستان تحریک انصاف کی سابقہ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ البتہ یہ بات ریکارڈ کی ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت میں گندم اور چینی برآمد ہوئیں اور پھر دونوں چیزیں درآمد کی گئیں اور اربوں کھربوں روپے کہاں گئے وہ تاریخ کا حصہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

دوران اجلاس سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ ارشد شریف قتل کیس سے متعلق کینیا کی عدالت نے فیصلہ دیا ہے، ارشد شریف قتل کیس پر تحقیقات کی رپورٹ پیش کی جائے۔ واضح رہے کہ 2 روز قبل کینیا کی ایک عدالت نے ارشد شریف کا قتل غلط شناخت کا نتیجہ قرار دینے کا پولیس کا دعویٰ مسترد کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے ادارے اور سیکیورٹی ایجنسیوں کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا تھا کجیادو کی ہائی کورٹ نے ارشد شریف کی بیوہ کی درخواست پر فیصلہ سنایا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ پولیس کے ہاتھوں پاکستانی صحافی کا قتل غلط شناخت کا نتیجہ نہیں تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

ہے۔ 200 یونٹس سے زائد پر اوور بلنگ کے معاملے پر پاور ڈویژن نے رپورٹ تیار کرکے وزیر اعظم شہباز شریف کے آفس کو بھجوا دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ رپورٹ میں وزارت توانائی کے حکام کو ذمہ دار قرار دیا گیا ہے، رپورٹ میں ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت توانائی نے تمام ڈسکوز کو نوٹیفکیشن کے ذریعے پرو ریٹا سسٹم لاگو کروایا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم آفس رپورٹ پر کارروائی کا فیصلہ کرے گا، سزا کا فیصلہ انکوائری رپورٹ کی روشنی میں اسی ہفتے ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 20

کراچی۔ سنی اتحاد کونسل کے اراکین اسمبلی فرخ جاوید مون اور اویس ورک کی جانب سے سیکرٹری اسمبلی کو جمع کرائی گئی درخواست میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اسمبلی کے باہر ٹینٹ لگانے کی اجازت دی جائے، ٹینٹ چیمبر کیلئے بجلی کا کنکشن اور فرنیچر لانے کی اجازت دی جائے۔ فرخ جاوید مون نے کہا کہ امید ہے سپیکر پنجاب اسمبلی مسلم لیگ (ن) کے شاہی فرمان کے بجائے آئین و قانون پر عمل کریں گے۔ پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر نے کہا کہ ہفتہ کے روز پنجاب اسمبلی کے باہر دوبارہ اپنی عوامی اسمبلی لگائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 21

درخواست سرکاری وکیل کے جواب کے بعد نمٹا دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس اسجد جاوید گھرال نے سنی اتحاد کونسل کے ایم پی اے فرحت عباس کی درخواست پر سماعت کی۔ صوبائی حکومت کی طرف سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب ستار ساحل ریکارڈ سمیت پیش ہوئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لیگل اینٹی کرپشن ریکارڈ سمیت پیش ہوئے۔ فرحت عباس نے اپنے خلاف اینٹی کرپشن کی انکوائری کی تفصیلات فراہم نہ کرنے کے اقدام کو چیلنج کیا تھا۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ اینٹی کرپشن نے فرحت عباس کیخلاف انکوائریاں شروع کیں، انکوائریوں اور مقدمات کی تفصیلات کے بارے میں کوئی معلومات نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس منصور علی شاہ نے سوال کیا کہ میڈیکل کالجز کی فیس پر کون سا قانون لگتا ہے؟ سپریم کورٹ ایسے تو کیس نہیں سن سکتی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے درخواست گزار سے سوال کیا کہ کیا آپ نے پاکستان میڈیکل کمیشن سے فیس کے حوالے سے رابطہ کیا ہے؟ درخواست گزار نے جواب دیا کہ میں نے وزیر اعظم اور صدر مملکت کو میڈیکل کالجز کی فیس کے حوالے سے خط لکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

سسٹم نہیں ڈائریکٹ ریلیف دیا جائے، (ن) لیگ اقتدار میں آتی ہے تو بڑے پراجیکٹس کے نام پر نئے کاروباری دھندوں کا آغاز کرتی ہے، آصف زرداری جاگیرداروں کے نمائندے ہیں، کل (جمعہ) 12 جولائی کو اسلام آباد میں فقیدالمثال دھرنا دیں گے، عوامی مطالبات کی منظوری تک نہیں اٹھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اچھرہ میں جماعت اسلامی لاہور کے تحت دھرنا میں شرکت کے لیے عوام موبلائزیشن کیمپ سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری جنرل امیر العظیم، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف، ڈپٹی جنرل سیکرٹری شیخ عثمان فاروق، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور امیر لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ امیر جماعت نے کابینہ کی منظوری سے انٹیلی جنس ایجنسیوں کو شہریوں کے فون ٹیپ کرنے کی اجازت کو آئین کے آرٹیکل نو اور بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

قائم کرنے کی تجویز دے دی۔ رکن پنجاب اسمبلی سارہ احمد کی جانب سے اسمبلی سیکرٹریٹ میں قرارداد جمع کرادی گئی۔ قرارداد کے متن میں لکھا گیا ہے کہ ورچوئل پولیس سٹیشن کا مقصد بچوں کے تحفظ کیلئے ایک وقف شدہ ورچوئل پلیٹ فارم کا قیام ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بچوں کے تحفظ کیلئے انتہائی سنجیدہ ہیں، آئی جی پنجاب بھی اس مسئلے پر کام کر رہے ہیں۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ورچوئل پولیس سٹیشن کا مقصد یہ ہے کہ بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور استحصال جیسے خطرات سے متعلق شکایات کا اندراج اور قانونی مشاورت فراہم کی جا سکے۔ متن میں مزید لکھا گیا کہ ورچوئل چائلڈ پروٹیکشن پولیس سٹیشن کے قیام کے ذریعے پنجاب اسمبلی بچوں کے تحفظ اور بہبود کیلئے اپنے عزم کا اعادہ کرتی ہے، اس ورچوئل پولیس سٹیشن کے قیام سے پنجاب کے ہر بچے کو ایک محفوظ اور معاون ماحول میں بڑا ہونے کا موقع ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 25

کیا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سپیکر نے سپاہی اسد اللہ، سپاہی محمد سفیان اور زین علی کو دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے پر خراج عقیدت پیش کیا اور شہدا کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ دکھ اور غم کی گھڑی میں شہداء کے لواحقین کے غم اور صدمے میں برابر کا شریک ہوں، وطن کے دفاع کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، اپنا آج قوم کے کل پر قربان کرنے والوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد اپنی مذموم کارروائیوں کے ذریعے سیکیورٹی فورسز کا دہشتگردوں کے خلاف جنگ کے غیر متزلزل عزم کو متزلزل نہیں کرسکتے۔

بقیہ بقیہ جات 26

دھاندلی کے خلاف پی ٹی آئی رہنما شعیب شاہین کی اپیل پر سماعت ہوئی، جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس طارق محمود جہانگیری نے استفسار کیا کہ آر او کا جواب جمع ہوگیا ہے، الیکشن کمیشن کے وکیل نے بتایا کہ ابھی جمع ہو رہے ہیں، فارمز آج جمع کروا دیں گے، فائل جمع کروادی ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے درخواست کو ناقابل سماعت ہونے کی استدعا کر دی، ان کے وکیل نے کہا کہ ہم نے شعیب شاہین کی درخواست ناقابل سماعت ہونے پر درخواست دائر کی ہے۔ طارق فضل چوہدری کے وکیل نے کہا کہ الیکشن ایکٹ کے سیکشن 145 نے سوموٹو کی پاور ٹریبونل کو دی ہے، ٹریبونل درخواست مسترد بھی کرسکتا ہے، پہلے عدالت نے تحریری جواب طلب کیا میں نے جمع نہیں کروائے، آج ہم جمع کروا رہے ہیں۔ جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کہا کہ آپ کی درخواست پر جواب لے لیتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

کے مطابق وزیر داخلہ نے چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے رابطہ کیا اور آتشزدگی پر قابو پانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر چیئرمین سی ڈی اے موقع پر پہنچ گئے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ریسکیو اور فائر بریگیڈ کی ٹیموں کی تعداد بڑھائی جائے اور اضافی وسائل لگا کر آتشزدگی پر قابو پانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے آتشزدگی کے واقعہ کی تحقیقات کا حکم دیدیا۔

بقیہ بقیہ جات 28

عشرت العباد نے کہا کہ ملک سنگین حالات میں نئے سیاسی پلیٹ فارم کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بہت سے دوست سیاستدانوں سے ملاقاتیں ہوچکی ہیں، جلد اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ سابق گورنر سندھ کا کہنا تھا کہ پاکستان کی خدمت کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا کر دوبارہ سیاست میں آنے کا ارادہ کیا ہے۔ عشرت العباد نے مزید کہا کہ منفی پروپیگنڈہ کرنے والوں کو منہ کی کھانا پڑے گی۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر عشرت العباد طویل عرصے سے ایم کیو ایم سے لاتعلقی اختیار کر چکے ہیں۔ ڈاکٹر عشرت العباد سے حال ہی میں شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسماعیل نے ملاقاتیں کی تھیں، وہ 16 سال سندھ کے گورنر رہ چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 29

میں وزیر اعظم، وفاقی حکومت اور پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ حکومت پاکستان نے ایک نوٹیفکیشن میں خفیہ ایجنسی کو لوگوں کے فون ٹیپ کرنے کی اجازت دی ہے، پی ٹی اے ایکٹ کے جس سیکشن کے تحت نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے اس کے ابھی تک رولز نہیں بنے ہیں، آئین پاکستان شہریوں کو پرائیویسی، آزادی اظہار رائے فراہم کرتا ہے۔ شہری کا کہنا تھا کہ بھارتی سپریم کورٹ کے مطابق بھی لوگوں کے فون ٹیپ کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے، استدعا کی کہ عدالت حکومت کا خفیہ ایجنسی کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کا نوٹیفکیشن غیر قانونی قرار دے اور درخواست کے حتمی فیصلے تک مذکورہ نوٹیفکیشن کی کارروائی کو معطل کرے۔ شہری نے درخواست میں کہا کہ حکومت کو ہدایت جاری کی جائے کہ پی ٹی اے ایکٹ کے سیکشن 56 کے رولز بنائے۔

بقیہ بقیہ جات 30

تارڑ اور وزیر توانائی اویس لغاری بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا کہ اجلاس سے پہلے 7 ترامیم سے ڈسکس ہو جاتیں تو کتنا اچھا ہوتا، ان ترامیم سے پہلے ان اداروں کے میٹرکس دیکھنا ضروری تھے۔ عمر ایوب نے کہا کہ یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ انڈسٹری میں کیا ہو رہا ہے باہر کی انڈسٹریز کیا کر رہی ہیں، آپ یہ ترامیم پاس بھی کرلیں گے لیکن ہم اس کا حصہ نہیں ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

ڈار نے ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں حکومتی فلاحی اقدامات پر بھی بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران قائد ن لیگ نواز شریف نے کہا کہ متوسط طبقے کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دیا جائے، انہوں نے اسحاق ڈار کو ہدایت کی کہ مہنگائی پر قابو پا کر عوام کو ریلیف دیا جائے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں اسحاق ڈار نے اپنے حالیہ غیر ملکی دوروں میں ہونے والی پیش رفت پر بریفنگ دی، قائد ن لیگ نے دوست ممالک کے ساتھ تعلقات میں حالیہ پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 32

اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے رابطہ کیا اور ہدایت کی کہ اسلام آباد کی سڑکوں سے پانی کے نکاس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور چیئرمین سی ڈی اے خود فیلڈ میں موجود رہیں اور نکاسی آب کے کام کی نگرانی کریں، ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کیلئے پولیس متحرک انداز میں فرائض سرانجام دے۔ وزیر داخلہ کی ہدایت پر چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے مختلف مقامات کا دورہ کیا اور نکاسی آب کے کام کا جائزہ لیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے نکاسی آب کے کام مکمل ہونے تک سی ڈی اے، ایم سی آئی اور ضلعی انتظامیہ کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا ہے کہ سڑکوں پر نکاسی آب کے لیے سی ڈی اے کا عملہ مصروف عمل ہے۔ سیکٹر ریل اور نان سیکٹر ریل ایریاز میں سی ڈی اے، ایم سی آئی اور ضلعی انتظامیہ کی خصوصی ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں اور اسلام آباد میں تمام ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز فعال کر دیا گیا ہے۔ انڈر پاسز اور دیگر جگہوں پر پانی کی نکاسی کو یقینی بنانے کی ہدایات دی ہیں۔ سی ڈی اے انتظامیہ کے مطابق شہری کسی بھی ہنگامی صورتحال کے پیش نظر شہری سی ڈی اے کی ہیلپ لائن نمبر پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس میں سماعت ہوئی، جسٹس محسن اختر کیانی نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ انتخابات کے لیے الیکشن ایکٹ میں ترمیم بھی ضروری ہے، مخصوص نشستوں سے متعلق معاملات کلیئر نہیں، اگلے دو ہفتوں میں نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔ عدالت نے کہا کہ سماعت چھٹیوں کے بعد ہوگی، اگر کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو سی ایم دائر کردی جائے، ایم سی آئی کی آمدن اور اخراجات کی مکمل رپورٹ بھی عدالت میں جمع کرادی گئی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ الیکشن کمیشن کا کیا اسٹیٹس ہے، الیکشن ایکٹ سے متعلق بل ایسا کوئی پراسس میں ہے؟ الیکشن کمیشن کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ الیکشن ایکٹ بل پراسس میں ہے، کیبنٹ سے بھی ہوگیا ابھی پارلیمنٹ میں پیش ہونا ہے، نشستوں سے متعلق معاملہ وزیر اعظم کو دوبارہ بھجوایا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے وکیل نے کہا کہ ڈائریکٹ الیکشن ہو سکتا ہے لیکن ایم سی آئی کا نہیں ہو سکتا جب تک نشستوں کا معاملہ حل نہیں ہوتا، عدالت نے کہا کہ ایم سی آئی تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

کے مطابق اسلام آباد کے ایچ نائن میں بچت بازار میں آگ لگ گئی، شعلوں نے متعدد اسٹالز کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ریسکیو 1122 اور سی ڈی اے کے تقریبا 250 اہلکار آگ بجھانے کی کوششوں میں مصروف رہے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد رانا وقاص نے بتایا کہ آگ جوتوں اور کپڑوں کے سیکشن میں لگی، جس نے مزید دکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، آگ کی شدت بہت زیادہ تھی جس کے لیے پاکستان نیوی، ایئرفورس، دیگر اداروں سے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں منگوائی گئیں۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کے بچت بازار میں آگ لگنے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔

بقیہ بقیہ جات 35

میدہ/ فائن کو اب 50 اور 80 کلوگرام کے سفید رنگ کے تھیلوں میں فروخت کیا جائے گا۔ پرنٹ شدہ تھیلوں پر پروڈکٹ کا نام، اجزاء، ٹریڈ مارک، مینوفیکچرر کا نام اور پتہ درج ہونا چاہیے۔ تھیلے کا وزن، لوگو، کوڈ نمبر، تاریخ میعاد اور لائسنس نمبر درج ہونا لازم ہوگا۔ فلور انڈسٹری کو نئے قوانین کے اطلاق کیلئے 15 روز کا وقت دیا گیا ہے۔ سیکرٹری خوراک پنجاب معظم اقبال سپرا کا کہنا تھا کہ میدہ/ فائن 20 کلوگرام کے تھیلوں میں بھی مارکیٹ میں فروخت ہو رہا ہے۔ عام آدمی کیلئے میدے اور آٹا تھیلوں میں فرق کرنا قدرے مشکل تھا۔ محکمہ خوراک پنجاب فورٹیفائیڈ آٹا کے استعمال بارے آگاہی مہم بھی شروع کرے گا۔ خواتین اور بچوں کیلئے آئرن، زنک اور دیگر وٹامنز سے بھرپور آٹا کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔ تھیلوں پر لیبلنگ اور آٹے کے معیار کی نگران پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ذمہ ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 36

جانب سے نوٹس لیتے ہوئے ٹرانسفر آرڈرز کو فل وقت روک دیا گیا نوٹیفکیشن جاری ٹرانسفر ہونے والے بیشتر ملازمین کی ساری سروس لاہور اور والٹن کینٹونمنٹ میں ہی گزری لاہور چھاؤنی کے اندر 2 کینٹ بورڈ ہیں کچھ ملازمین میں ذاتی مفادات کی غرض سے لاہور کینٹ بورڈ اور والٹن کینٹ بورڈ میں ٹرانسفر کرواتے رہتے ہیں جن میں سے چند کی تفصیل درج ذیل ہے نائب محمد یعقوب کلرک طاہر نواز بھٹی کیٹل انسپکٹر محمد نعیم ٹیو ویل آپریٹر محمد انس فلٹر آپریٹر فہد اسرار کمپیوٹر آپریٹر سعادت علی کمپیوٹر آپریٹر محمد شہزاد کمپیوٹر آپریٹر شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہی جاری ہے اور حکومت دعووں کے باوجود ناکام ہوچکی ہے، ملک کے غریب عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کی بجائے اشرافیہ کو ٹیکس نیٹ ورک میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی شاہ خرچیاں پوری کرنے کیلئے عوام کے صبر کا مزید امتحان نہ لے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور ٹیکسز میں بے تحاشا اضافے کے ساتھ ساتھ یوٹیلیٹی بلوں میں جس طرح آئے روز اضافہ کیا جارہا ہے وہ عوام پر مظالم ڈھانے کے مترادف ہے انہوں نے کہا کہ عوام پر ٹیکسز کا بوجھ ڈالنے کی بجائے اشرافیہ کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی اور پیٹرولیم کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ عام آدمی کے بنیادی مسائل ہیں جنہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 38

ملوث افسران و اہلکاروں کے خلاف ایکشن لیا جائے اور ایکشن لیکر حتمی صورتحال کے متعلق سنٹرل پولیس آفس کو مفصل رپورٹ بھی ارسال کی جائے۔ مراسلے کے ساتھ افسران اور اہلکاروں کی فہرست بھی مہیا کی گئی ہے۔ فہرست میں کانسٹیبل سے لیکر اے ایس آئی، سب انسپکٹر اور انسپکٹر سطح تک کے افسران و اہلکاروں کے نام شامل ہیں جبکہ موجودہ و سابق ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج کے نام بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، فہرست میں راولپنڈی کے دو سب انسپکٹرز، اٹک کے ایک انسپکٹر، 4 سب انسپکٹرز، ایک اے ایس آئی اور ایک کانسٹیبل کا نام بھی شامل ہے۔ لاہور، گوجرانوالہ، حافظ آباد، میاں چنوں، پاک پتن، مظفر گڑھ، بہاولپور اور رحیم یار خان کے بھی پولیس افسران و اہلکار شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

رکھا۔ سعودی عرب پولیس نے ملزم کو گرفتار کرکے پاکستان کے حوالے کیا اور پنجاب پولیس کی ٹیم نے ایئرپورٹ سے ملزم کو حراست میں لے لیا۔ رواں برس بیرون ممالک سے گرفتار اشتہاریوں کی مجموعی تعداد 50 ہوگئی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے خطرناک اشتہاری کی سعودی عرب سے گرفتاری پر پولیس ٹیم کو شاباش دی۔ انہوں نے کیٹیگری اے کے دیگر خطرناک اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کے لیے کریک ڈاؤن تیز کرنے کی ہدایت بھی کی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ انٹرپول اور ایف آئی اے کے ساتھ تعاون سے مزید اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر کے واپس پاکستان لایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 40

کہ ایک دوسرے کے عقائد کا احترام کرے۔ محرم الحرام میں قیام امن کے لیے ہر شہری اپنا بنیادی کردار ادا کرے ملک دشمن قوتیں ہماری یکجہتی اور اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انبیاء کرام، اصحاب رسول ﷺ، ازواج مطہرات اور اہل بیت اطہارؓ کے تقدس کو ملحوظ رکھنا ایک فریضہ ہے اور جو شخص ان مقدسات کی توہین و تکفیر کرے گا تمام مکاتب فکر اس سے برات کریں۔

بقیہ بقیہ جات 41

حلقے سے 12 امیدواروں کے درمیان انتخابی میدان کل جمعرات کے روز سجے گا، اس سلسلے میں ضمنی الیکشن کے لیے پولنگ کا سامان انتخابی عملے کے حوالے کر دیا گیا ہے، جسے پولنگ اسٹیشنز تک پہنچانے کا عمل شروع کیا جا چکا ہے۔ پنجاب اسمبلی کے حلقہ پی پی کے 22 کی خالی نشست پر پولنگ کا عمل صبح 8 سے شام 5 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہے گا۔ ضمنی انتخاب میں 12 امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا جب کہ ایک لاکھ 79 ہزار 10 ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ ضمنی الیکشن کے لیے مجموعی طور پر 91 پولنگ اسٹیشنز پر 276 پولنگ بوتھ بنائے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

عزیز، مولانا کرم داد حذیفی، مولانا احمد یار، قاری اسماعیل رحیمی، مولانا عمر فاروق، قاری الطاف اللہ فاروقی، مولانا خلیل احمد قاسمی، قاری اسماعیل قاسمی، مولانا اللہ دتہ جمشید، مولانا جاسم بن سعید، مولانا ساجد نعیم قاسمی و مولانا سعد اللہ و دیگر علماء و مشائخ نے خطاب کیا۔ صاحبزادہ پیر جی خالد محمود قاسمی نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیدنا عمرؓ کی زندگی کا ہر پہلو انسانیت کیلئے سبق آموز ہے، حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کی زندگی کا حقیقی نصب العین رفاہ عامہ اور بہبود بنی نوع انسانیت تھا، سیدنا عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں عدل و انصاف کی بہترین مثال قائم فرمائی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے دور خلافت میں نظام بیت المال میں استحکام آیا یکم محرم کو شہادت عظمیٰ کا سانحہ پیش آیا اور آپ کی خواہش کے مطابق آپ کو رسول اللہ ﷺ کے پہلو میں جگہ ملی اور آپ کی تمنا پوری ہوئی کہ گنبد خضریٰ میں آپ کی تدفین ہوئی تمام مقررین نے کہا کہ محرم الحرام میں مذہبی ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے پیغام پاکستان پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 43

جائزہ لینا شروع کر دیا ہے، ذرائع نے بتایا کہ اس سلسلے میں ایک یا دو دن میں فیصلہ متوقع ہے کیونکہ یہ عمل ابھی جاری ہے۔ وزارت توانائی کے ایک سینئر سرکاری ذرائع نے انکشاف کیا کہ ہم اوور بلنگ سے متعلق صارفین کی شکایات پر غور کرتے ہوئے پرو ریٹا سسٹم کا جائزہ لے رہے ہیں، اور اس بات پر غور کیا جارہا ہے کہ آیا مارچ میں متعارف کروائے جانے والا یہ سسٹم صارفین کے لیے کس حد تک اچھا یا برا ثابت ہوا ہے۔ نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر سرکاری اہلکار نے بتایا کہ اگر ہمیں یہ نظام اچھا نہیں لگتا ہے، تو ہم یقینی طور پر اسے ختم کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ گھریلو پروٹیکٹڈ صارفین یعنی 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں کا تناسب اپریل 2023 میں 38.69 فیصد تھا جو اس سال اپریل میں بڑھ کر 14.73 فیصد ہو گیا ہے، اسی طرح مئی 2023 میں ایسے صارفین کی شرح 84.68 فیصد تھی جو اس سال مئی میں بڑھ کر 59.73 فیصد ہو گئی، تاہم جون میں اس میں کمی دیکھی گئی جو 15.59 فیصد اور گزشتہ سال 42.60 فیصد رہی۔ سرکاری اہلکار کا کہنا ہے کہ وہ صارفین جن کی بجلی کی کھپت کا حساب پرانے سسٹم میں 28 دن کے بلنگ سائیکل پر کیا جاتا ہے، اب بڑھ گیا ہے، جس کی وجہ سے ان کا شمار پروٹیکٹڈ صارفین کی کیٹیگری میں نہیں ہوتا، جب کہ جن کی بلنگ کا حساب 30 دن کے بلنگ سائیکل پر کیا گیا تھا اس میں کمی آئی ہے، تاہم ہم ان سب پر بھروسہ نہیں کر رہے ہیں، بلکہ صارفین کے حق میں جو بھی ہوا وہ فیصلہ کریں گے، چاہے ہمیں اس سسٹم کو بند ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ واضح رہے کہ پرو ریٹا سسٹم کے تحت ماہانہ بلوں کا حساب 30 دن کی بجلی کی کھپت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے، فرض کریں کہ 30 دن کی کھپت کی مدت ہر مہینے کی 26 تاریخ کو ختم ہوتی ہے اور میٹر ریڈر کچھ دن پہلے ریڈنگ لیتا ہے، ایسی صورت میں، 24 اور 26 کے درمیان استعمال شدہ یونٹس کی تعداد اوسط کی بنیاد پر وصول کیے جائیں گے، اگر 24 تاریخ کو یونٹس کی تعداد 180 ہے اور بل میں بیان کردہ یونٹس کی تعداد 210 ہے، تو اس کا مطلب ہے کہ 30 یونٹس کے فرق کو پچھلے دنوں کی کھپت کی اوسط کی بنیاد پر شمار کیا گیا ہے، جسے 'پرو ریٹا' کہا جاتا ہے۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کے ایک اہلکار نے بتایا کہ کل گھریلو صارفین میں سے صرف ایک فیصد (تقریباً 50 لاکھ) پروٹیکٹڈ صارفین کی کیٹیگری سے باہر نکلے۔ انہوں نے کہا کہ گرمی کی شدت کی وجہ سے لوگ پچھلے سال جون کے مقابلے زیادہ بجلی استعمال کر رہے ہیں، اپریل اور مئی میں پروٹیکٹڈ صارفین کی تعداد میں اضافہ ہوا، جب کہ اس سال جون میں اس میں ایک فیصد کی واقع ہوئی تاہم صارفین اس سسٹم کو دھوکہ اور لائن لاسز (تجارتی اور تکنیکی دونوں) کو پورا کرنے کے لیے صارفین کو لوٹنے کا طریقہ قرار دے رہے ہیں۔ میٹر ریڈرز کی جانب سے بلنگ سیکٹرز کو مبینہ طور پر غلط ڈیٹا جمع کروایا گیا، جس کی وجہ سے ملک بھر میں وسیع پیمانے پر صارفین پروٹیکٹڈ کیٹیگری سے باہر نکل گئے ہیں۔ ایک صارف نے بتایا کہ میں آپ کو سمجھتا تھا ہوں کہ میٹر ریڈرز نے کیا کیا، انہوں نے 26 جون کو میٹر کی ریڈنگ لی لیکن دھوکہ دہی سے کام لیتے ہوئے بلنگ کی تاریخ 24 ڈال دی یعنی انہوں نے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ یہ ریڈنگ 28 دن کی ہے۔ صارف نے کہا کہ جب یہ ڈیٹا سسٹم کو بھیجا گیا تو خودکار نظام کے تحت اسے 30 دن کے بلنگ سائیکل پر کیا گیا اور اس دوران دو دن یعنی 25 اور 26 جون کے اوسط یونٹ بل میں ڈالے گئے، اس طرح، جن کی ریڈنگ 175 سے 180 سے تھوڑی زیادہ تھی، میٹر ریڈر کی بے ایمانی کی وجہ سے وہ 200 سے بڑھ گئی اور لاکھوں صارفین پروٹیکٹڈ کیٹیگری سے باہر کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے میٹر ریڈر کی تصاویر اور ویڈیوز بھی بنائیں جب وہ ریڈنگ لینے آیا تھا کہ کیسے اس نے غلط تاریخ بتائی، میں نے شکایات بھی درج کروائیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 44

آغاز پر معاون وکیل پی ٹی آئی نے بتایا کہ بیرسٹر سلمان صفدر راستے میں ہیں، 20 منٹ تک عدالت پہنچ جائیں گے لہٰذا عدالت سلمان صفدر کے آنے تک سماعت میں وقفہ کردے۔ بعد ازاں عدالت نے سلمان صفدر کے پہنچنے تک سماعت میں وقفہ کر دیا۔ وقفے کے بعد سماعت کے دوبارہ آغاز پر پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر، خدیجہ صدیقی، خالد یوسف چوہدری عدالت میں پیش ہوگئے، خاور مانیکا کے وکیل زاہد آصف ایڈووکیٹ کے معاون وکیل بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل خدیجہ صدیقی نے دلائل کا آغاز کرتے ہوئے بتایا کہ پینل کوڈ میں کہیں عدت کا لفظ نہیں ملا، سابقہ شوہر کسی صورت نہیں بتا سکتا کہ عدت اور خاتون کی ماہواری کے تین سائیکل کب مکمل ہوئے؟ سابقہ شوہر نے شکایت بھی 2000 دنوں کے بعد فائل کی، عدت میں شادی کے حوالے سے پہلے بھی کئی کیسز ہوئے تاہم یہ پہلا کیس ہو جاسکتا ہے جو زیادہ مشہور ہوا۔ خدیجہ صدیقی ایڈووکیٹ نے بتایا کہ جرم تب بنتا ہے جب ثابت ہو کہ عدت میں شادی ہوئی، اپریل 2017 میں زبانی طلاق دی، بشریٰ بی بی اپنی عدت گزار کر اپنی والدہ کے گھر گئیں، بیک ڈیٹ میں طلاق نامہ بنانا کوئی بڑی بات نہیں ہے، اس کیس میں حمل کا بھی کوئی معاملہ نہیں ہے۔ اس پر جج افضل مجوکہ نے ریمارکس دیے کہ آپ کی طرف سے اسلام اور ہمارے قانون دونوں کا حوالہ دیا جارہا ہے، ایک پر نہیں رک رہے۔ اس پر وکیل نے کہا کہ میاں بیوی کہہ رہے ہیں کہ ہماری شادی ہوچکی ہے مگر عدالت کہہ رہی کہ نہیں ہوئی، جج نے وکیل سے مکالمہ کیا کہ یہ بات عدالت نہیں کہہ رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

انداز میں علاج معالجہ کرنے کے قابل ہو سکیں۔ وہ سیشن 2024-25 کے لیے منتخب ہاؤس آفیسرز سے تعارفی ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے۔ ایم ایس نے کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج کے فارغ التحصیل ڈاکٹرز کو دوران ہاؤس جاب حکومتی پالیسی کے مطابق ماہانہ مشاہرہ دیا جائے گا جس سے اُن کو اپنے ماہانہ اخراجات میں خاطر خواہ مدد ملے گی۔ ڈاکٹر فریاد حسین نے مزید کہا کہ پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کی واضح گائیڈ لائن کے تحت ہاؤس آفیسرز کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور متعدی و وبائی امراض سے آگاہی کے لیے تربیتی ورکشاپس بھی منعقد ہوں گی جبکہ سینئر ڈاکٹرز نوجوان ہاؤس آفیسرز کو امراض کی علامات، احتیاطی تدابیر اور جدید طریقہ علاج بارے لیکچرز دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 46

پی (انوسٹی گیشن) باغبانپورہ کو بہتر کارکردگی پر شاباش دی۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز کو جلد از جلد پنڈنسی کلیئر کروانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کی کوآرڈینیشن سے زیر تفتیش مقدمات برق رفتاری سے یکسو کریں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ دوران تفتیش بوقت ضرورت پبلک پراسیکیوٹرز سے قانونی امور پر راہنمائی لیں اور قانونی تقاضوں کے مطابق تفتیش مکمل کریں۔ انہوں نے روڈ سرٹیفکیٹس پنڈنسی کلیئر کرتے ہوئے تکمیل ریکارڈ یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مقدمات کی بروقت تفتیش و تکمیل ریکارڈ سے پولیس کے مثبت تاثر کو اجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان اصغر، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) انوش مسعود چوہدری، ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال، ایس ایس پی (لیگل) غلام حسین چوہان، ایس پی (اے وی ایس) رانا زاہد، ڈویژنل ایس پیز، ڈی ایس پیز (آپریشنز، انوسٹی گیشن اور اے وی ایل ایس) نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے چیئرمین شہریار سلطان نے انہیں بریفنگ دی رکن صوبائی اسمبلی احمد کنڈی بھی انکے ہمراہ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیئے تاجکستان اور پاکستان کے درمیان واخان روٹ کی بحالی انتہائی ضروری ہے جس سے صرف دو ممالک ہی نہیں بلکہ خطہ معاشی ترقی کریگا۔ بریفنگ میں ڈیرہ اسماعیل خان، ٹبی قیصرانی، ڈیرہ غازی خان، جام پور، راجن پور دورویہ سڑک کے حوالہ سے پیش رفت پر این ایچ اے حکام نے انہیں آگاہ کیا گورنر خیبر پختونخوا نے دو سال کی مدت میں اس منصوبہ کی تکمیل کو انتہائی ضروری قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

آباد پولیس کے زخمی کانسٹیبل عبدالخالق کو طبی اخراجات کیلئے ڈیڑھ لاکھ روپے دیئے گئے، آئی جی پنجاب نے مذکورہ بالا فنڈ ویلفیئر برانچ کی سکروٹنی و منظوری کے بعد جاری کئے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ دوران ڈیوٹی زخمی ہونیوالے غازی اہلکاروں کی جلد صحتیابی اولین ترجیح ہے، بھرپور تعاون جاری رہے گا، پولیس جوانوں کے ساتھ انکے اہل خانہ کو بھی بھرپور طبی معاونت فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

خان شر، جعفر جٹ، عابد شر، عبدالشکور شر، گل بیگ لاشاری اور رستم شر شامل ہیں۔ یاد رہے کہ عید الاضحیٰ سے چند روز قبل سندھ کے شہر سانگھڑ میں افسوسناک واقعہ پیش آیا تھا جہاں سفاک ملزم نے اپنے کھیت میں گھسنے پر معصوم اونٹنی کی ٹانگ کاٹ کر الگ کردی تھی۔ واقعے کے خلاف شہریوں میں غم وغصہ پایا گیا اور اس میں ملوث ملزم کی ٹانگ کاٹنے کا مطالبہ بھی کیا گیا تھا، بعد ازاں زخمی اونٹنی کو کراچی منتقل کیا گیا تھا جہاں اس کا علاج جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

معیار کا صفائی کا نظام چاہتی ہیں۔ اس نظام کو عملی شکل دینے کے لئے وزیر اعلیٰ نے جو ڈیڈ لائن مقرر کی ہے اس میں تبدیلی نہیں ہوگی۔ لہٰذا ویسٹ مینجمنٹ کمپنیاں ماڈل پراجیکٹ کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم دعوے نہیں کرنا چاہتے لیکن عوام کو خوشگوار تبدیلی نظر آئے گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ صفائی کے پائلٹ پراجیکٹ میں عوام کا تعاون سب سے زیادہ اہم ہے۔ اس لئے شہریوں کو اس سلسلے میں ہر ممکن شرکت یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ آؤٹ سورسنگ کے بعد نجی کمپنیوں کی موثر مانیٹرنگ کا وضع کر رہا ہے۔ اس حوالے سے جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 51

پنجاب نے کہا کہ جامعات میں گڈ گورننس سمیت صوبے کی بہتری کے لیے پرعزم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں سیاحتی مقامات کو ترقی دینے سے مقامی لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس موقع پر سابق وزیر مملکت انصاف و پارلیمانی امور مہرین انور راجہ نے کہا کہ مری، کہوٹہ، کوٹلی ستیاں اور کلر سیداں میں سیاحت کا بہت پوٹینشل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان علاقوں کو سیاحتی طور پر ترقی دینے سے ملک کی معیشت مضبوط ہو گی۔

بقیہ بقیہ جات 52

اسرائیلی میڈیا کا کہنا تھا کہ دمشق کے دیہی علاقوں میں ڈرون کا نشانہ حزب اللہ کی فضائی دفاعی فورس کا رکن تھا۔ دمشق کے دیہی علاقوں میں چھاپے کا ہدف یاسر قرعش نامی حزب اللہ کا ایک سینئر اہلکار تھا، جو شام میں اہلکاروں اور ہتھیاروں کی منتقلی کے یونٹ میں ذمہ دار تھا۔ دوسری جانب حزب اللہ کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ فضائی حملے میں ہلاک ہونے والا شخص حزب اللہ ملیشیا کے سربراہ حسن نصر اللہ کا سابق ساتھی تھا۔

بقیہ بقیہ جات 53

ایک مشترکہ آپریشن میں نشانہ بنایا۔ اس سے قبل بڑی شپنگ کمپنی میرسک نے کہا تھا کہ اس کے ایک جہاز میرسک سینٹوز کو خلیج عدن کے شمال میں ایک اڑنے والی چیز سے نشانہ بنائے جانے کی اطلاع تھی۔ میرسک نے بتایا کہ حملے میں سے کسی کے زخمی ہونے یا جہاز یا سامان تجارت کو کوئی نقصان پہنچنے کی اطلاع نہیں تھی۔ کوپن ہیگن میں مقیم کمپنی کے ترجمان نے کہا کہ جہاز کمپنی کے امریکی پرچم بردار جہازوں میں سے ایک تھا جو ماتحت کمپنی میرسک لائن لمیٹڈ کے لیے روانہ ہو رہا تھا۔ یونائیٹڈ کنگڈم میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) نے منگل کو ایک مشاورتی نوٹ میں کہا کہ نامعلوم تجارتی جہاز کے کپتان نے یمن کے نشتون کے مشرق میں تقریباً 180 سمندری میل ((333 کلومیٹر کے فاصلے پر جہاز کے قریب دھماکے کی اطلاع دی تھی۔ یو کے ایم ٹی او نے مزید کہا، جہاز اور اس کا عملہ محفوظ ہے۔ سریع نے یہ بھی کہا کہ گروپ نے بحیرہ عرب میں مراتھوپولس جہاز اور خلیج عدن میں ایم ایس سی پیٹری جہاز کو بھی ڈرونز سے نشانہ بنایا۔

بقیہ بقیہ جات 54

گئیں۔ کراچی میں پانی کا بحران سنگین تر ہوتا جارہا ہے۔ شہر کی بڑھتی آبادی، موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتا ہوا درجہ حرارت پانی کی طلب میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ بارشیں کم ہونے اور متعلقہ ادارے کی جانب سے فراہمی آب نہ ہونے کے باعث بڑے پیمانے پر زیر زمین پانی حاصل کرنے کے لیے بورنگ کرانے کے باعث شہر میں کھارے پانی کی بھی قلت ہوگئی ہے۔ حال یہ ہے کہ اب تو زیرزمین پانی کی سطح بھی تیزی سے گر رہی ہے اور خطرناک حد تک نیچے جاچکی ہے۔ اکثر علاقوں میں بورنگ ممکن نہیں، یا پھر زیرزمین پانی استعمال کے قابل نہیں ہے۔ ماہرین کے مطابق ہم جتنا پانی زمین سے لے کر استعمال کر رہے ہیں، زمین کو اتنا پانی واپس نہیں کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے اس سنگین صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بارش اور دیگر استعمال شدہ پانی کے زمین میں جانے کا قدرتی راستہ ہم نے ختم کردیا ہے۔ اس راستے کو ہم نے سیمنٹ، تارکول اور کنکریٹ سے بند کردیا ہے، اس لیے وہ پانی جو زیر زمین پانی کی سطح کو برقرار رکھتا تھا، اسے اب واپس زمین میں جانے کا راستہ نہیں ملتا اور ہم اسے نالیوں میں بہادیتے ہیں۔ انہی غلطیوں نے شہر قائد میں آب کو نایاب بنادیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

اعلانیہ رہے۔ ذرائع نے یہ بھی اشارہ کیا ہے کہ جنگ کے انتظام کے لیے منی سیکورٹی کونسل بعض اوقات غیر رسمی طور پر ملاقات کرتی ہے۔ بین گویر کے قریبی لوگوں کے مطابق انہیں نیتن یاہو کے دفتر سے سیکورٹی کے مباحثوں میں وزرا کی شرکت کے حوالے سے مضحکہ خیز ردعمل موصول ہونا شروع ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وزیر قومی سلامتی نے کابینہ میں شامل کیے جانے کی اپنی درخواست پر اصرار کیا۔ تاہم نیتن یاہو کے دفتر کے ذرائع نے ان الزامات کی تردید کی۔ اسرائیلی آرمی ریڈیو نے بین گویر کے حوالے سے کہا کہ اگر وہ جنگ کے انتظام کے لیے منی سیکورٹی فورم میں شامل نہیں ہوتے ہیں تو وہ رکاوٹ اور الجھا جاری رکھیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ منی وار کونسل میں کئی تبدیلیاں کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 56

حکومت کے ایجنٹ غزہ میں جنگ بندی کرنے اور ہلاکتیں روکنے کے مطالبات کرنے والوں میں داخل ہو گئے تھے۔ جنہوں نے امریکہ کی طرف سے غزہ میں اسرائیلی جنگ اور اسرائیل کو فراہم کیے جانے والی مالی وسائل کو ٹارگٹ بناتے ہوئے اس معاملے پر تنقید کی۔ انٹیلی جنس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حالیہ ہفتوں کے دوران ایرانی حکومت کے کارندے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اسرائیل کی غزہ جنگ کے خلاف متحرک ہو گئے اور ایک پلے بک استعمال کرتے ہوئے جو ہم پچھلے کئی برسوں سے اس طرح کے دوسرے کارندوں کے ہاتھوں استعمال ہوتے دیکھتے رہے ہیں۔ نیشنل انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر ایوریل ہینس نے کہا کہ ہم نے یہ بھی دیکھا ہے کہ اس دوران ایرانی حکومت کے ایجنٹ آن لائن سرگرم کارکنوں کی طرح احتجاج کرنے والے کی حوصلہ افزائی کرتے رہے، حتی کہ احتجاج کرنے والوں کی مالی مدد کرتے رہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

خصوصی تعاون اور بالخصوص عالمی امن واستحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ کابینہ نے علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر حالات و واقعات کا بھی جائزہ لیا۔ اس دوران میں یورپی یونین کی خارجہ تعلقات کونسل کے اجلاسوں میں شرکت کرتے ہوئے سعودی عرب کے موقف کو دوہرایا گیا۔ اس میں غزہ پٹی اور اس کے اطراف فوری فائر بندی کے لیے تمام کوششوں کی اہمیت اور مستقل اور منصفانہ امن کو یقینی بنانے پر کام کرنے کے علاوہ برادر فلسطینی عوام کو با اختیار بنانا شامل ہے تاکہ وہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ ایک آزاد ریاست کے قیام کا حق حاصل کر سکیں۔ سعودی وزیر اطلاعات سلمان الدوسری نے بتایا کہ کابینہ نے مملکت کے اندرونی معاملات پر بھی بات چیت کی۔ ان میں انفرا اسٹرکچر کی مضبوطی، شہریوں اور غیر ملکی مقیمین کو پیش کی جانے والی خدمات کے معیار، سیکٹروں کی ترقی، ٹیلی کمیونی کیشن ٹکنالوجی اور سرمایہ کاری لانے سے متعلق منصوبے شامل ہیں۔ کابینہ نے ترقی کے سفر میں سعودی مرد اور خواتین کی شرکت کو مضبوط بنانے کے حوالے سے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ ساتھ ہی کام کی منڈی میں قومی افرادی قوت بڑھانے اور بے روزگاری کی شرح کم کرنے کے لیے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 58

ہیں۔ اس کے علاوہ 1705 گرز 235 کلوگرام کپڑا مکس، 767 کلوگرام استعمال شدہ اشیا 2 بوریاں بیکری کی مصنوعات، 50 کارٹن میک اپ سامان، 33 پیک اور گروسری 113 کارٹن شامل ہیں بیت الخلا 80 کارٹن، کمبل مکس 75 کارٹن، کینولا 5 کارٹن اور جوتے (سلیپر) 11 بوریاں، گرم فلٹر خانی 50 پیکٹ، آم 150 کارٹن، متوازی 10 بیگ، کھانا پکانے کا تیل 100 کارٹن، سلنڈر 52 AC، پرانا 13 AC کا پر پائپ 3 AC مکس موب (پرانا) 54 وائی فائی روٹر (پرانا) 47 عدد اور ایک عدد LCD انورٹر 21 عدد اسپیئر پارٹس 44 کارٹن انجن کار (پرانی) 2 عدد انجن ہیڈ (پرانا 1) عدد کٹ 58 ٹائر 149 عدد اور رکشہ 4 عدد لوڈر رکشہ 3 عدد سپیڈ بوٹس 17 عدد، ونس 12 اور پکڑے جانے والے پیٹرول 6260 لیٹر اور ڈیزل 149655 لیٹر شامل ہیں، حب میں کوسٹ گارڈ کی موثر کارروائیوں سے فیول کی اسمگلنگ نہ ہونے کے برابر ہوگئی ہے۔ بعض اوقات چھوٹی گاڑیوں پر سمگلنگ کی کوشش کی جاتی ہے جو ناکام بنا دی جاتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

بھرپور بادل برسے۔ شہر قائد کراچی میں بھی مون سون بارشوں نے رنگ جما دیا، نیا ناظم آباد، نارتھ ناظم آباد، شارع فیصل پر تیز بارش، سرجانی، گلشن حدید، گلشن معمار، سماری میں بادل جم کر برسے جبکہ کراچی سمیت سندھ کے ساحلی علاقوں میں ابھی بھی کالی گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں اور بادل برسنے کیلئے تیار ہیں۔ دوسری جانب سرجانی ٹاؤن میں کرنٹ لگنے اور دیوار گرنے سے 2 افراد دم توڑ گئے، گلشن معمار میں تیز ہوا سے سائن بورڈ گر گیا جس کی زد میں آکر ایک شخص زخمی ہوا جبکہ بارش کے بعد مختلف علاقوں میں بجلی غائب ہوگئی۔ کراچی میں شدید بارش کے باعث کے الیکٹرک کے 150 سے زائد فیڈر ٹرپ کر گئے، گلشن اقبال، گارڈن، ایف بی آر، ملیر میں بجلی بند رہی جبکہ حیدر آباد، ٹھٹھہ اور تھرپارکر میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی، ننگر پارکر میں آسمانی بجلی گرنے سے خاتون سمیت 2 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ادھر محکمہ موسمیات نے پنجاب بھر میں آج سے 15 جولائی تک مون سون بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج سے بحیرہ عرب سے مون سون ہوائیں ملک میں داخل ہوں گی، کل سے 15 جولائی کے دوران کے پی اور جی بی میں بارشیں متوقع ہیں جبکہ 12 سے 14 جولائی کے دوران بلوچستان میں بھی شدید بارشوں کا امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

دعوت دی جارہی ہے، تاجر برادری، وکلاء، ڈاکٹرز، اساتذہ، مزدوروں سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد تک کارکنان دعوت پہنچا رہے ہیں، لاہور بھر سے ہزاروں افراد دھرنا میں شریک ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیسکو آفس کے باہر احتجاجی دھرنا اور اسلام آباد دھرنا کی تیاریوں کے حوالے سے احتجاجی کیمپوں کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ دھرنا میں حکمرانوں کو عوامی مطالبات تسلیم کروا کر دم لیں گے۔ ملک میں عدل و انصاف اور بنیادی سہولتیں 77 سال بعد بھی عوام کو میسر نہیں۔ عوام بجلی کے بلوں میں ظالمانہ ٹیکسوں، مہنگائی بے روزگاری اور ظلم کے نظام سے نجات کی خاطر گھروں سے باہر نکلیں اور اسلام آباد پہنچیں۔ ایک سوال کے جواب میں امیر لاہور نے کہا کہ حکومت کے مفت سولر اور بجلی کے بلوں میں ریلیف کی باتیں لالی پاپ کے سوا کچھ نہیں۔ یہی حکمران تھے جنہوں نے الیکشن سے قبل 300 یونٹ مفت دینے کا وعدہ کیا تھا عوام مہنگائی سے نجات کے بڑے بڑے دعوے کیے مگر سب ریت کی دیوار ثابت ہوئے ہیں۔ حکومت میں شامل تمام سیاسی لیڈر عوام کی فلاح و بہبود کی بجائے اپنی فلاح و بہبود کیلئے لگے ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

ٹیوٹ، 21 لٹریسی سینٹرز، صوبہ بھر میں 27 سکول اور 04 اسٹیپنگ سینٹرز بھی ہمارے ساتھ منسلک ہیں اور اقلیتی خواتین سمیت دور دراز سے لوگ ادھر مختلف کورسز کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے سکول کی تعلیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلا شبہ اقلیتی تعلیمی ادارے ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے سکول انتظامیہ کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اقلیتوں کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کرے گی۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے مزید کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پنجاب حکومت آئی ٹی کی دنیا میں تاریخی انقلاب لانے کے لیے پانچ شہروں میں آئی ٹی سٹیز بنانے جا رہی ہے جبکہ محکمہ سکول ایجوکیشن کے اشتراک سے ڈیجیٹل پلیٹ فارم بنا رہے ہیں تاکہ ایک شہر سے بیٹھ کر دوسرے شہروں میں ڈیجیٹل لٹریسی کو فروغ دیا جا سکے۔ سکول انتظامیہ نے صوبائی وزیر کے دورے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور حکومت کی حمایت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 62

انہوں نے طے شدہ ملاقات میں اپنی جگہ وزیر خارجہ انٹونی بلنکن کو بھیجا اور خود سو گئے تھے۔ امریکی صدر جو بائیڈن اپنے حریف ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف مباحثے میں خراب کارکردگی کے بعد اپنا امیج بہتر بنانے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ دوسری جانب ایک امریکی اخبار نے بائیڈن کے حوالے سے ایک اور واقعے کی تفصیلات شائع کیں۔ ان تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ صدر بائیڈن نے جرمن چانسلر سے خفیہ ملاقات کرنا تھی مگر انہوں نے اپنی جگہ ملاقات کے لیے وزیر خارجہ انٹونی بلنکن کو بھیج دیا اور خود سونے کے لیے بستر پر چلے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 63

آگسٹین جارج مسیح پر مشتمل بنچ نے مسلمان شخص کی درخواست خارج کی۔ بھارتی سپریم کورٹ کے بنچ نے واضح کیا کہ نان نفقہ کا قانون تمام شادی شدہ خواتین پر لاگو ہوتا ہے چاہے ان کا مذہب کوئی بھی ہو۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ نان نفقہ صدقہ نہیں بلکہ شادی شدہ خواتین کا حق ہے۔ جسٹس بی وی ناگا رتھنا نے سخت ریمارکس دیے کہ کچھ شوہر اس حقیقت سے واقف نہیں ہیں کہ بیوی جو گھر بنانے والی ہے وہ جذباتی طور پر اور دوسرے طریقوں سے شوہر پر منحصر ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ وقت آگیا ہے جب بھارتی مردوں کو گھر بنانے والے کے کردار اور اس کی قربانی کو پہچاننا چاہیے۔ یہ تاریخی فیصلہ محمد عبدالصمد کی درخواست پر آیا جسے فیملی کورٹ نے اپنی طلاق یافتہ بیوی کو ماہانہ نان نفقہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا۔ بعد ازاں عبدالصمد نے عدالتی حکم کو چیلنج کیا تاہم تیلنگانہ ہائی کورٹ نے اس معاملے میں مداخلت کرنے سے انکار کر دیا جس کے بعد درخواست گزار نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 64

سے انکار کر دیا۔ پولیس نے یوسف کی درخواست پر تاحال تشدد کرنے والی لڑکیوں کے خلاف مقدمہ درج نہیں کیا۔ یوسف نے مقدمہ درج کرانے کے لیے عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ یاد رہے کہ لاہور میں ٹک شاپ پر لڑکیوں کی جانب سے ملازم پر تشدد کے حوالے سے نئے سرے سے تفتیش کی گئی تھی۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں دو خواتین ٹک شاپ کے سیلز مین پر تشدد کرتے ہوئے دکھائی گیا تھا۔ خواتین نے سیلز مین پر مبینہ طور پر ہراساں کرنے کا الزام لگایا تھا۔ پولیس نے تینوں لڑکیوں اور نوجوان کا بیان لیا تھا۔ واقعہ 7 جولائی کو گارڈن ٹاؤن لاہور میں واقع ٹک شاپ میں پیش آیا۔

بعدالت جناب مس مہوش فلک
صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 11 شمالی

متوفی: خادم حسین ولد نبی بخش

وارثان: نبی بخش والد، رحمتے بی بی والدہ، منظوراں بی بی زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ۔

زندہ: طاہر محمود، شاہد محمود پسران، یاسمین دختر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہوتو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

محکمہ خوراک پنجاب کا آٹا پیکجنگ کے نئے رنگوں، وزن اور لیبلنگ بارے نوٹیفکیشن

پرنٹ شدہ تھیلوں پر پروڈکٹ کا نام، اجزاء، ٹریڈ مارک، مینوفیکچرر کا نام اور پتہ درج ہونا چاہیے۔ سیکرٹری فوڈ پنجاب

تھیلوں پر لیبلنگ اور آٹے کے معیار کی نگرانی پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ذمہ ہوگی، سیکرٹری فوڈ کی ڈی جی فوڈ اتھارٹی کو ہدایت

لاہور (خبر نگار) صوبہ بھر میں فروخت ہونیوالے آٹا پیکجنگ کے قوانین میں تبدیلی کردی گئی۔ محکمہ خوراک پنجاب نے آٹا پیکجنگ کے نئے رنگوں، وزن اور لیبلنگ بارے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ عام آٹا، فورٹیفائیڈ آٹا، میدہ اور سوجی کو مختلف رنگوں کے تھیلوں میں پیک کیا جائے گا۔ عام آٹا سفید رنگ، 10 اور 20 کلوگرام کے تھیلوں میں فروخت کیا جائے گا۔ فورٹیفائیڈ آٹا نارنجی (اورنج) رنگ کے منفرد 10 اور 20 کلوگرام تھیلوں میں فروخت کیا جائے گا۔ اسپیشل سپر آٹا 15 کلوگرام کے سلور یا گرے رنگ کے تھیلوں میں فروخت کیا جائے گا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

لاہور کنٹونمنٹ بورڈ سی ای او عمر فاروق کی تعیناتی، مافیا بھاگنے لگی

سابقہ ڈائریکٹر کینٹ بورڈز لاہور ریجن ڈاکٹر صائمہ شاہ کے ٹرانسفر سے قبل لاہور کنٹونمنٹ بورڈ مافیا نے انکوائری سے بچنے کے لئے تگڑی شفارش پر تبادلے کی تیاری

کینٹ بورڈ کے اعلی احکام کی جانب سے نوٹس لیتے ہوئے ٹرانسفر آرڈرز کوفل وقت روک دیا گیا نوٹیفکیشن جاری، جلد رشوت خور مافیا کے خلاف کاروائی کی جائے گی

لاہور (فرید بابر خان سے) لاہور کنٹونمنٹ بورڈ مافیا سرگرم نئے تعینات ہونے والے ایمان دار اور اچھی شہرت رکھنے والے۔ سی ای او عمر فاروق کی تعیناتی کے بعد مافیا بھاگنے لگی۔ جبکہ۔ سابقہ ڈائریکٹر کینٹ بورڈز لاہور ریجن ڈاکٹر صائمہ شاہ کے ٹرانسفر سے قبل لاہور کنٹونمنٹ بورڈ مافیا نے انکوائری سے بچنے کے لئے تگڑی شفارش پر تبادلے کرواتے ہوئے تیاری پکڑلی تھی تبادلوں پر ڈی کا نوٹس۔ زرائع کے مطابق دوران ریجن کے اندر مختلف کینٹ بورڈز سے متعدد اہلکاروں کے ٹرانسفر کے احکامات جاری کئے گئے تھے۔ جبکہ کینٹ بورڈ کے اعلی احکام کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36



MOST IMMEDIATE / BY FAX
Government of Pakistan
Ministry of Defence
Military Lands & Cantonments
Headquarters Lahore Region.
Lahore Cantt July, 2024

ORDERS

It has been decided to transfer the following employees as per detail given below:-

S.No.	Name, Designation	From	To
1.	Rana Muhammad Yaqoob Khan, LDC	CB Lahore	CB Walton
2.	Mr. Tahir Nawaz Bhatti, Cattle Inspector	CB Sialkot	CB Lahore
3.	Mr. Abdul Rehman [illegible], Tax surveyor	CB Lahore	CB Walton
4.	Mr. Muhammad Naeem, Tubewell Operator	CB Sialkot	CB Lahore
5.	Mr. Zeeshan Ali, Serviceman (Revenue)	CB Mangla	CB Jhelum
6.	Mr. Qaiser Mehmood, Driver	CB Sialkot	CB Jhelum

2. The above named officials will be relieved immediately and will assume his new responsibilities after availing usual joining period. Their duty relinquishment / assumption report must be furnished to this RHQ upon occurrence.

(DR. SAIMA SHAH)
Director Military Lands & Cantonments
Lahore Region

Copy to:-

MOST IMMEDIATE / BY FAX
Government of Pakistan
Ministry of Defence
Military Lands & Cantonments
Headquarters Lahore Region.
Lahore Cantt July, 2024
Tel: (042) 99223054
Fax: (042) 99223013

ORDERS

On compassionate grounds it has been decided to transfer the following employee as per detail given below:-

S.No.	Name, Designation	From	To
1.	Mr. Anas Ali, Filtration Plant Operator	CB Kharian	CB Walton

2. The above named official will be relieved immediately and will assume his new responsibilities after availing usual joining period. His duty relinquishment / assumption report must be furnished to this RHQ upon occurrence.

(DR. SAIMA SHAH)
Director Military Lands & Cantonments
Lahore Region

Copy to:-

1. HQ ML&C Rawalpindi
2. CEO Walton
3. CEO Kharian
4. Assistant, RHQ Lahore
5. Master File

With the directions to immediately update the orders on MIS Module for information of HQ ML&C Rawalpindi

---

MOST IMMEDIATE / BY FAX
No. R/Estt/PT/2024/1/RD/LR/
Government of Pakistan
Ministry of Defence
Military Lands & Cantonments
Headquarters Lahore Region.
Lahore Cantt 09 July, 2024
Tel: (042) 99223054
Fax: (042) 99223013

ORDERS

The Posting / transfer orders issued as follows are held in abeyance till further orders:

i. No. R/Estt/PT/2024/1/RD/LR/25, dated 08-07-2024
ii. No. R/Estt/PT/2024/1/RD/LR/26, dated 09-07-2024
iii. No. R/Estt/PT/2024/1/RD/LR/31, dated 09-07-2024

(DR. SAIMA SHAH)
Director Military Lands & Cantonments
Lahore Region

Copy to:-

1. HQ ML&C Rawalpindi
2. All CEOs Concerned
3. Master File

ٹرانسفر آرڈرز کوروکنے لئے جاری نوٹیفکیشن

تنخواہ کی بندش نامنظور
تنخواہ کی بندش نامنظور
ملازمین کا معاشی قتل بند کرو
لاہور کے ملازمین کو تنخواہ کی ادائیگی فوری کروائی جائے

لاہور، ٹاؤن ہال کے ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں

اشرافیہ کی عیاشیوں کا بوجھ عوام پر نہ ڈالا جائے' جے یو آئی (ف)

غریب عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کی بجائے اشرافیہ کو ٹیکس نیٹ ورک میں لایا جائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اشرافیہ کی عیاشیوں کا بوجھ عوام پر نہ ڈالا جائے، ملک میں آئے روز مہنگائی بڑھتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

جرمن پارلیمانی وفد کی ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

پاکستان اور جرمنی کے تعلقات کی تاریخ طویل اور مستحکم رہی ہے، سید غلام مصطفی شاہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی/ پاک جرمن پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کے کنوینر سید میر غلام مصطفی شاہ سے وفاقی جمہوریہ جرمنی کے پارلیمانی وفد نے بدھ کے روز اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور جرمنی کے مابین دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان، جرمنی کے ساتھ اپنے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور جرمنی کے تعلقات کی تاریخ طویل اور مستحکم رہی ہے۔

سندھ حکومت نے 2 ایڈیشنل اور 6 اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو عہدوں سے ہٹادیا

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے 2 ایڈیشنل اور 6 اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو عہدوں سے ہٹادیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہٹائے گئے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرلز میں صولت رضوی، چوہدری وسیم اختر شامل ہیں۔ صولت رضوی گریڈ ایک سے 15 تک نوکریوں کی بھرتی والے کیس میں پیش ہوتے رہے ہیں۔ سندھ ہائی کورٹ نے گریڈ ایک سے 15 کی نوکری کے لیے بھرتیوں کا عمل غیر قانونی قرار دے دیا تھا، عدالت نے بھرتیوں کے خلاف ایم کیو ایم کی درخواست منظور کرلی تھی۔

وفاقی ملازمین کی تنخواہوں میں 25، پینشن میں 15 فیصد اضافے کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد، ریٹائرڈ ملازمین کی پینشن میں 15 فیصد اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اور وفاقی پنشنرز کی پینشن میں 15 فیصد اضافہ کردیا گیا۔ وفاقی وزارت خزانہ نے اضافے سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کردیا جس کے مطابق سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پینشن میں اضافے کا اطلاق یکم جولائی 2024 سے ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ گریڈ ایک سے 16 تک کے ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اضافہ کیا گیا۔

پنجاب میں قتل کے مقدمے میں مطلوب مجرم 4 سال بعد سعودی عرب سے گرفتار

رواں برس بیرون ممالک سے گرفتار اشتہاریوں کی مجموعی تعداد 50 ہوگئی' ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب میں قتل کے مقدمے میں مطلوب خطرناک اشتہاری مجرم کو 4 سال بعد سعودی عرب سے گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق اشتہاری مجرم امداد حسین 2020 سے شیخوپورہ پولیس کو مطلوب تھا، اشتہاری مجرم تھانہ فیروز والہ پولیس کو قتل اور اقدام قتل کی دفعات کے تحت درج مقدمہ میں مطلوب تھا۔ پنجاب پولیس نے انٹرپول سے ملزم کا ریڈ نوٹس جاری کروایا اور مسلسل فالواپ جاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

پنجاب پولیس کے افسران واہلکار مبینہ طور پر منشیات سمگلنگ کی سرگرمیوں میں ملوث

آئی جی پنجاب نے ملوث افسران واہلکاروں کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے 45 افسران و اہلکار مبینہ طور پر منشیات سمگلنگ کی سرگرمیوں میں ملوث نکلے، آئی جی پنجاب نے ملوث افسران و اہلکاروں کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کردیئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب نے سی پی او راولپنڈی و گوجرانوالہ سمیت اضلاع کے ڈی پی اوز کو مراسلے کے ذریعے احکامات دیئے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ منشیات سمگلنگ کی سرگرمیوں میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور، چیئرمین پنجاب پبلک سروسز کمیشن جنرل (ر) عبدالعزیز نئی تعینات ہونیوالی ممبر ڈاکٹر عصمت طاہرہ سے حلف لے رہے ہیں

جیل میں ملزمان کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے صدر پاکستان، وزیراعظم کو خط ارسال

لاہور (این این آئی) جیل میں ملزمان کو جیل قوانین کے مطابق سہولیات فراہم کرنے کے لیے صدر پاکستان اور وزیر اعظم کو خط ارسال کردیا گیا۔ خط جوڈیشل ایکٹوزم پینل کے سربراہ اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے ارسال کیا۔ خط کے متن میں کہا گیا ہے کہ جیل قوانین اور جیل رولز کے مطابق ملزمان کو سہولیات فراہم کی جائیں۔

خیبر پختونخوا میں صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی کے 22 میں ضمنی الیکشن آج ہوگا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی کے 22 میں ضمنی الیکشن آج جمعرات کو ہوگا، اس حوالے سے تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

اسلام معاشرے میں رواداری کا درس دیتا ہے' سنی علما کونسل

محرم میں قیام امن کیلئے علماء منبر ومحراب کے سے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ اسلام معاشرے میں رواداری کا درس دیتا ہے، اپنے مسلک کو چھوڑو نہ اور کسی کے مسلک کو چھیڑو نہ اس زریں اصول کو محرم میں اپنے سامنے رکھا جائے محرم میں قیام امن کیلئے علماء منبر ومحراب کے سے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ محرم میں قیام امن کیلئے سب مسالک کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہر مسلک پر لازم ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

سیدنا عمرؓ کی زندگی کا ہر پہلو انسانیت کیلئے سبق اموز ہے' مرکزی علماء کونسل

سیدنا عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں عدل وانصاف کی بہترین مثال قائم فرمائی' پیر جی خالد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) مرکزی علماء کونسل پاکستان کے زیر اہتمام ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں شہادت حضرت سیدنا عمر فاروقؓ سیمینار زیر صدارت وائس چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ پیر جی خالد محمود قاسمی کے منعقد ہوا۔ سیمینار سے پیر جی خالد محمود قاسمی، مولانا یوسف فاروقی، مولانا رب نواز، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ، مولانا محمد اعظم فاروق، علامہ حفیظ الرحمن کشمیری، مولانا عابد فاروقی، مولانا نعیم طلحہ، قاری ثاقب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

سی سی پی او لاہور کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

ڈی ایس پی (انوسٹی گیشن) رائیونڈ کی ناقص کارکردگی پر اظہار برہمی

ڈی ایس پی (انوسٹی گیشن) باغبانپورہ کو بہتر کارکردگی پر شاباش

لاہور (کرائم رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں زیر التواء مقدمات کے چالانوں کی بروقت تکمیل کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے ڈی ایس پی (انوسٹی گیشن) رائیونڈ کی ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار کیا جبکہ ڈی ایس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

میڈیکل کی اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے ذہن سازی ضروری ہے' ایم ایس جنرل ہسپتال

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کی گائیڈ لائن کے تحت ڈاکٹرز کی صلاحیتیں نکھارنے کیلئے تربیتی ورکشاپس ہونگی

مختلف شعبوں میں سپیشلائزیشن اہم، میڈیکل ٹیکنالوجی میں مہارت کے حصول پر توجہ دیں' ڈاکٹر فریاد حسین کی تعارفی ملاقات

لاہور (خبر نگار) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ لاہور جنرل ہسپتال ڈاکٹر فریاد حسین نے نئے ہاؤس آفیسرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے اساتذہ اور سینئر ڈاکٹرز کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھیں، پیشہ وارانہ مہارت حاصل کرنے کیلئے اُن کے بتائے ہوئے طبی و اخلاقی اصولوں کو عملی طور پر اپنائیں تاکہ وہ ہاؤس جاب مکمل کرنے کے بعد مریضوں کا بہتر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

عدت نکاح کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کی سزا کیخلاف مرکزی اپیلوں پر سماعت ملتوی

میاں بیوی کہہ رہے ہماری شادی ہو چکی مگر عدالت کہہ رہی کہ نہیں ہوئی، وکیل کے دلائل

خاور مانیکا نے بیان میں تصدیق کی کہ طلاق نامے پر تاریخ پر ٹیمپرنگ کی گئی، سلمان صفدر

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت نکاح کیس میں سزا کے خلاف مرکزی اپیلوں پر سماعت (آج) جمعرات تک ملتوی کردی۔ اپیلوں پر سماعت ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکا نے کی، پی ٹی آئی کے معاون وکیل مرتضیٰ طوری عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

حکومت کا میٹر ریڈنگ کے ناقص نظام کو ختم کرنے پر غور

اگر ہمیں یہ نظام اچھا نہیں لگتا ہے تو ہم یقینی طور پر اسے ختم کردیں گے، سرکاری اہلکار

میٹر ریڈرز کی جانب سے بلنگ سیکشنز کو مبینہ طور پر غلط ڈیٹا جمع کروایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) بجلی صارفین کی بڑھتی ہوئی مایوسی کے بعد حکومت پرو ریٹا سسٹم کو ختم کرنے پر سنجیدگی سے غور کررہی ہے، جو ماہانہ کم بجلی استعمال کرنے والے صارفین کو پروٹیکٹڈ کیٹیگری سے نکال دیتا ہے یا انہیں اگلے سلیب میں دھکیل دیتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق متعلقہ حلقوں (پاور ڈویژن اور دیگر) نے میٹر ریڈنگ سسٹم کا جا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

CAPITAL CITY POLICE
LAHORE

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ زیر التوا مقدمات کی بروقت تکمیل کے حوالے سے پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی خیبر پختونخوا میں مواصلات کے نظام کی بہتری کے لیے سرگرم ہوگئے

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی خیبر پختونخوا میں مواصلات کے نظام کی بہتری کے لیے سرگرم ہوگئے۔ تاجکستان دورہ سے واپسی کے بعد انہوں نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اس موقع پر این ایچ اے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس فورس کی ہیلتھ ویلفیئر کے لئے پرعزم

دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے بہادر، علیل جوانوں کے علاج معالجے کیلئے 20 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس فورس کی ہیلتھ ویلفیئر کے لئے پرعزم ہیں، لاہور سمیت مختلف اضلاع میں دوران ڈیوٹی زخمی ہونے والے بہادر اور علیل جوانوں کے علاج معالجے کیلئے 20 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری کردیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لودھراں کے ٹریفک وارڈن محمد دلدار کو ٹانگ کے آپریشن وعلاج کیلئے 14 لاکھ روپے دیئے گئے، فیصل آباد کے زخمی کانسٹیبل محمد مجاہد کو طبی اخراجات کیلئے 02 لاکھ روپے جاری، کانسٹیبل زوار حسین کو کینسر کے علاج کیلئے 01 لاکھ 62 ہزار روپے دیئے گئے، سیالکوٹ کے زخمی کانسٹیبل تجمل حسین کو طبی اخراجات کیلئے ڈیڑھ لاکھ روپے جاری، فیصل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

اونٹنی کی ٹانگ کاٹنے کے کیس میں ملزمان کی ضمانتیں منظور

سانگھڑ (این این آئی) سندھ کے شہر سانگھڑ میں اونٹنی کی ٹانگ کاٹنے کے کیس میں نامزد 6 ملزمان کی ضمانتیں منظور کرلی گئیں۔ ایڈیشنل سیشن جج ون کی عدالت نے ضمانتیں منظور کیں اور ملزمان کو دو، دو لاکھ روپے کے مچلکے جمع کروانے پر رہائی ملی۔ اونٹنی کیس کی آئندہ سماعت 12 جولائی کو ہوگی۔ اونٹنی کیس میں ضمانت پانے والے ملزمان میں دریا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

LESCO
300 مفت یونٹ کا وعدہ پورا کریں
300 مفت یونٹ کا وعدہ پورا کریں
عوامی

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری اوور بلنگ کے خلاف اچھرہ لیسکو آفس کے باہر احتجاجی دھرنا سے خطاب کررہے ہیں

صفائی کا یکساں نظام: وزیر اعلیٰ کی ڈیڈ لائن میں تبدیلی نہیں ہوگی

وزیر بلدیات

دعوے نہیں کرنا چاہتے لیکن عوام کو خوشگوار تبدیلی نظر آئے گی۔ شہریوں کا تعاون زیادہ اہم ہے

ویسٹ مینجمنٹ کمپنیاں ماڈل پراجیکٹ کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں، ذیشان رفیق کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب بھر کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں صفائی کا یکساں نظام رائج کرنے کا کام مقررہ ٹائم فریم کے اندر مکمل کرلیا جائے۔ اجلاس میں صفائی کا نظام آؤٹ سورس کرنے کے عمل میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں اور ایل ڈبلیو ایم سی کے سی ای او بابر صاحب دین نے بھی شرکت کی۔ صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب میں دیرپا اور اعلیٰ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

گورنر پنجاب سلیم حیدر سے سابق وزیر مملکت مہرین انور راجہ کی ملاقات

ملک کے مجموعی حالات، سیاحت کے شعبے کو ترقی دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں سابق وزیر مملکت انصاف و پارلیمانی امور مہرین انور راجہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کے مجموعی حالات اور سیاحت کے شعبے کو ترقی دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ معاشی ترقی سے ملک میں خوشحالی آئے گی۔ انہوں نے کہا ملک کی بہتری کے لئے سب کو مثبت کردار ادا کرنا چاہئے۔ گورنر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

لاہور، صوبائی دارالحکومت میں موسلا دھار بارش کے دوران ٹریفک رواں دواں ہے

دمشق پر اسرائیل کے حملے میں حسن نصر اللہ کا ساتھی ہلاک

ڈرون کا نشانہ حزب اللہ کی فضائی دفاعی فورس کا رکن تھا، اسرائیلی میڈیا

دمشق (این این آئی) ایک اسرائیلی ڈرون نے دمشق کے دیہی علاقوں میں یابوس روڈ پر فورتھ ڈویژن چیک پوائنٹ کے قریب ایک کار کو نشانہ بنایا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سیرین آبزرویٹری فار ہیومن رائٹس نے بتایا کہ بمباری میں لبنان کی سرحد کے قریب حزب اللہ کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں دو افراد ہلاک ہوئے۔ دریں اثنا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

حوثیوں کا بحیرہ عرب میں میرسک سینٹوزا جہاز پر میزائلوں سے حملہ

عملے کے زخمی ہونے یا کسی اور نقصان کی اطلاع نہیں ملی، شپنگ کمپنی میرسک

صنعاء (این این آئی) یمن کے حوثی باغیوں نے منگل کو کہا کہ انہوں نے بحیرہ عرب میں میرسک سینٹوزا جہاز کو کئی بیلسٹک اور ونگ میزائلوں سے نشانہ بنایا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یمنی گروپ کے عسکری ترجمان یحیٰی سریع نے ٹیلی ویژن پر نشر کردہ تقریر میں کہا کہ بحیرہ عرب میں امریکی جہاز میرسک سینٹوزا کو بحری افواج اور میزائل فورس نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

کراچی میں آب ہوا نایاب، زیر زمین پانی کی سطح بھی خطرناک حد تک گر گئی

ہم جتنا پانی زمین سے لے کر استعمال کررہے ہیں، زمین کو اتنا پانی واپس نہیں کررہے، جس سے سنگین صورتحال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ماہرین

کراچی (این این آئی) کراچی میں پانی کا بحران سنگین تر ہوتا جارہا ہے شہر قائد میں زیر زمین پانی کی سطح بھی خطرناک حد تک نیچے جاچکی ہے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے جس کی آبادی لگ بھگ تین کروڑ کے ہندسے کو چھونے والی ہے۔ یہ ملک کو سب سے زیادہ ریونیو دینے والا شہر بھی ہے۔ مگر اس کماؤ پوت اور سب سے زیادہ آبادی والے شہر کے باسیوں کی زندگی کی بنیادی سہولتیں میسر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

PAKISTAN CARPET MANUFACTURERS

لاہور، لاہور چیمبر کے صدر کاشف انور کو پی سی ایم اے کے دورہ کے موقع پر سینئر وائس چیئر مین عثمان اشرف شیلڈ پیش کررہے ہیں

اسرائیلی فوج نے پتھر پھینکنے والے 13 سالہ فلسطینی بچے کو گولی مار کر شہید کردیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے فلسطینی اتھارٹی کے دارالحکومت رام اللہ میں 13 سالہ فلسطینی بچے کو قتل کردیا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق فلسطینی اتھارٹی کی حکومت کے زیر کمان چلنے والی وزارت صحت نے بھی بتایا کہ یہ اندوہناک قتل قابض اسرائیلی فوج نے کیا۔

جنوبی کوریا، سیاست دان نے مردوں کی بڑھتی ہوئی خودکشیوں کا ذمہ دار خواتین کو قرار دے دیا

سیئول (این این آئی) جنوبی کوریا کے ایک سیاست دان نے مردوں میں خودکشیوں کے اضافے کا ذمہ دار خواتین کو قرار دے دیا ہے۔ ایک رپورٹ میں سیئول سٹی کے کونسلر کم کی ڈک کا کہنا تھا کہ گزشتہ برسوں کے دوران افرادی قوت میں خواتین کی بڑھتی ہوئی شرکت نے مردوں کے لیے ملازمتیں حاصل کرنا اور ان خواتین کو تلاش کرنا مشکل بنادیا ہے۔

شمالی بھارت میں ڈبل ڈیکر مسافر بس دودھ کے ٹرک سے ٹکرا گئی، 18 افراد ہلاک' متعدد زخمی

نئی دہلی (این این آئی) شمالی بھارت میں ایک ڈبل ڈیکر مسافر بس دودھ کے ٹرک سے ٹکرا گئی، جس کے نتیجے میں 18 افراد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ عرب نیوز کی رپورٹ کے مطابق پولیس افسر اروند کمار نے کہا کہ یہ تصادم ریاست اتر پردیش میں ایک ایکسپریس وے پر ہوا اور 19 زخمی افراد کو علاقے کے دیہاتیوں نے ہسپتال پہنچادیا، انہوں نے مزید بتایا کہ زخمیوں ان کی حالت مستحکم بتائی گئی ہے۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب بھر کی ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کے آن لائن اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کہیں تیز بارش اور کہیں رم جھم سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا

اسلام آباد، راولپنڈی، ایبٹ آباد، مالاکنڈ، بٹگرام اور مظفر آباد میں موسلا دھار بارش' چہرے کھل اٹھے

لاہور، اسلام ا؟باد، کراچی، پشاور، کوئٹہ (این این آئی) ملک بھر میں مون سون بارشوں نے دھما کے دار انٹری دیدی، کہیں تیز بارش اور کہیں رم جھم سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔ اسلام آباد، راولپنڈی، ایبٹ آباد، مالاکنڈ، بٹ گرام اور مظفر آباد میں موسلا دھار بارش سے شہریوں کے چہرے کھل اٹھے جبکہ پشاور، اٹک، صوابی، ہری پور، شانگلہ، اٹک میں بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

پاکستان کوسٹ گارڈز کی اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں کارروائیاں

کوسٹ گارڈ کی موثر کارروائیوں سے فیول کی اسمگلنگ نہ ہونے کے برابر ہوگئی

کراچی (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز کی جانب سے انسداد منشیات اور اسمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں کارروائیاں کی گئی ہیں۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران پکڑی جانے والی اشیا جن میں میتھ آئس 42.2 کلوگرام، شراب 650 کارٹن، ویڈ 5.6 سپاری 18914 کلوگرام، گٹکا 9187 پیک اور 2040 کلوگرام سگریٹ شامل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

سعودی عرب بے روزگاری کی شرح میں کمی کی جانب کامیابی سے گامزن

خصوصی تعاون اور بالخصوص عالمی امن واستحکام کو مضبوط بنائینگے، سعودی کابینہ کا اجلاس

جدہ (این این آئی) ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبد العزیز کے زیر صدارت سعودی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس میں گذشتہ دنوں کے دوران میں سعودی عرب اور دیگر ممالک اور عالمی تنظیموں کے بیچ ہونے والی بات چیت اور ملاقاتوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس بات چیت کا مقصد دوستی کے روابط، تمام شعبوں میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

غزہ جنگ کیخلاف امریکہ میں احتجاج کے پیچھے ایران تھا، انٹیلی جنس

ایرانی حکومت کے ایجنٹ امریکہ میں ہونے والے مظاہروں میں شامل ہوگئے تھے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی انٹیلیجنس کے اعلی ذمہ دار نے امریکہ میں غزہ جنگ بندی کے لیے ہونے والے حالیہ احتجاج کے پیچھے ایرانی ایجنٹوں کے متحرک رہنے کا انکشاف کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی انٹیلی جنس کی طرف سے یہ انکشاف گزشتہ روز کیا گیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اس بڑے انکشاف کے مطابق ایرانی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

بن گویر کو اسرائیلی جنگ کونسل میں شامل کرنے کی منظوری

جنگ بندی معاہدہ طے پایا تو حکومت سے نکل جائیں گے، بن گویر، سموٹریچ کی دھمکی

تل ابیب (این این آئی) ایک طویل بحث کے بعد اسرائیلی وزیر اعظم نجمن نیتن یاہو نے خفیہ طور پر قومی سلامتی کے وزیر بن گویر کی منی سکیورٹی کونسل میں جنگ کے انتظام کے لیے شمولیت کی منظوری دے دی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے نے بتایا کہ بین گویر کے قریبی ذرائع کے مطابق نیتن یاہو نے درخواست کی ہے کہ توثیق خفیہ اور غیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

انڈونیشیا، سونے کی کان پر لینڈ سلائیڈنگ سے ہلاکتوں کی تعداد 23 ہوگئی

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے جزیرے سولاویسی میں سونے کی ایک غیرقانونی کان میں لینڈ سلائیڈنگ سے ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 23 ہوگئی ہے اور امدادی کارکنوں تاحال ملبے تلے دبے لوگوں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں جہاں ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ عرب ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ریسکیو عہدیداروں نے بتایا کہ انڈونیشیا کے مرکزی جزیرے میں ہونے والے حادثے میں تاحال 35 لوگ لاپتا ہیں۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی: پولیس کی وردی میں شہریوں کو لوٹنے والے 4 ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی میں پولیس کی وردی میں لوگوں کو لوٹنے والے گروہ کے چار کارندے لیاقت آباد فلائی اوور پر مقابلے کے بعد پکڑے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے مقابلے کے بعد پولیس کی وردی پہن کر لوگوں کو لوٹنے والے گروہ کے چار کارندہ کو گرفتار کرلیا، گرفتاری کے وقت کار میں سوار دو ڈاکو پولیس یونیفارم میں ملبوس تھے۔ پولیس حکام کے مطابق پولیس نے ملزمان سے پولیس کے دو جعلی کارڈ، کیپ، بیلٹ، ہتھیار، موبائل فون اور دیگر سامان برآمد کرلیا۔

طالبان نے حدود سے تجاوز کرنے پر ایرانی سفارت کار کو بے دخل کردیا

کابل (این این آئی) طالبان حکومت نے ایک ممتاز ایرانی سفارتکار کو کابل سے اپنی حدود سے تجاوز کرنے پر بے دخل کردیا ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ طالبان نے کابل میں ایرانی سفارت خانے کو مطلع کیا کہ سفیر کے مشیر اور افغانستان میں ایرانی ایلچی سفارت کار علی موجانی کا اپنی حدود سے تجاوز کرنا ناقابل قبول ہے۔

کراچی: ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے 2 سالہ بچی کا باپ جاں بحق

کراچی (این این آئی) نیو کراچی سیکٹر فائیو جی میں ڈکیتی مزاحمت پر 2 سالہ بچی کے باپ جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر قائد میں ڈکیتی کی وارداتیں رکنے کا نام نہیں لے رہیں، مسلح افراد شہر بھر میں دندناتے پھر رہے ہیں اور پولیس روایتی بے حسی کا شکار ہے۔ ایسا ہی ایک واقعہ کراچی کے علاقے نیو کراچی سیکٹر فائیو جی میں پیش آیا جہاں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔

بلوں میں ریلیف کی باتیں لالی پاپ کے سوا کچھ نہیں

ضیاالدین انصاری

لاہور کے 36 مقامات پر دھرنا کی تیاریوں کے سلسلے میں احتجاجی کیمپ میں عوام کو شرکت کی دعوت دی جارہی ہے

دھرنا میں حکمرانوں کو عوامی مطالبات تسلیم کروا کر دم لیں گے۔ ملک میں عدل وانصاف اور بنیادی سہولتیں 77 سال بعد بھی عوام کو میسر نہیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 12 جولائی اسلام آباد دھرنا کی تیاریوں میں کے سلسلے میں شہر کے 36 مقامات تا چھرہ، منصورہ ملتان چونگی، مال روڈ، قرطبہ چوک، بھٹہ چوک، صدر گول چکر، سیون بھاٹک، ٹاؤن مارکیٹ، وفاقی کالونی، محمد علی چوک، کیمپ واپڈا ٹاؤن، بٹ چوک، چونا منڈی، منصورہ چوک، اندورن، بیرون لوہاری گیٹ، سمن آباد، مسلم ٹاؤن، چونگی امرسدھو، داتا دربار سمیت دیگر مقامات پر احتجاجی و آگاہی کیمپس لگا دیئے گئے ہیں اور ہر خاص عام کو دھرنا میں شرکت کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

اقلیتی تعلیمی ادارے ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں' رمیش سنگھ اروڑہ

پنجاب حکومت آئی ٹی کی دنیا میں تاریخی انقلاب لانے کے لیے پانچ شہروں میں آئی ٹی سٹیز بنانے جارہی ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے ایف جی اے بائبل سکول کا دورہ کیا جہاں انہوں نے پرنسپل ایف جی اے بائبل ریورنڈ لیاقت قیصر سے ان کی ٹیم کے ہمراہ ملاقات کی۔ دورے کے دوران انہوں نے سکول کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور وہاں جاری تدریسی عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر رمیش سنگھ نے طلبا اور اساتذہ سے ملاقات بھی کی۔ صوبائی وزیر کو دوران بریفنگ بتایا گیا کہ ایف جی اے ٹیکنیکل انسٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ ایف جی اے بائبل سکول کے دورہ کے موقع پر گروپ فوٹو

بائیڈن جرمن چانسلر سے طے خفیہ ملاقات کے بجائے سونے چلے گئے

اپنی جگہ وزیر خارجہ کو بھیج دیا جس پر بلنکن بھی حیران تھے، مشکلات میں گھرے جو بائیڈن کے لیے نیا جھٹکا

واشنگٹن (این این آئی) جیسے جیسے وقت گذر رہا ہے امریکی صدر جو بائیڈن کی انتخابات میں شرکت کے حوالے سے مسائل بڑھتے جارہے ہیں۔ امریکی اخبار نے انکشاف کیا کہ کچھ عرصہ قبل صدر بائیڈن کو جرمن چانسلر کیساتھ ایک اہم میٹنگ کرنا تھی مگر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

بھارتی سپریم کورٹ کا مسلمان طلاق یافتہ خواتین کیلئے بڑا فیصلہ

درخواست میں طلاق کے بعد خاتون کو خرچے کی ادائیگی کے حکم کو چیلنج کیا گیا تھا، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی سپریم کورٹ نے مسلمان طلاق یافتہ خواتین کیلئے بڑا فیصلہ سنادیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سپریم کورٹ نے مسلمان شخص کی درخواست خارج کردی جس میں طلاق کے بعد خاتون کو خرچے کی ادائیگی کے حکم کو چیلنج کیا گیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سپریم کورٹ کے جسٹس بی وی ناگارتھنا اور جسٹس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

لاہور، ٹک شاپ میں تشدد کرنے والی خواتین سے دکاندار نے صلح کرلی، تشدد زدہ نوجوان کا انکار

یوسف نے تشدد کرنے والی لڑکیوں پر مقدمہ درج کرانے کے لیے عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے علاقے گارڈن ٹاؤن میں نوجوان پر خواتین کے تشدد کے معاملے نے حیرت انگیز موڑ لے لیا، ٹک شاپ کے کیشیئر اقبال نے تشدد کرنے والی لڑکیوں سے صلح کرلی جبکہ تشدد کا نشانہ بننے والے نوجوان یوسف نے صلح

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

لاہور، چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سالانہ ترقیاتی پروگرام کا جائزہ لینے کے لئے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں